www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 اتوار 03 ربیع الاول 1446ھ 08 ستمبر 2024ء صفحات 24 شمارہ 71
رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 35 روپے

صرف توت سیاہ نہیں بلکہ
الشفاء توت سیاہ + ملٹھی
DRAP Enlistment # 6-00673 7-0873620223

بلوچستان کی بدامنی میں ملک دشمن عناصر ملوث ہیں دہشتگردوں کو منطقی انجام تک پہنچائینگے، سرفراز بگٹی

ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی

بلوچستان میں گورننس کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں، امن وامان اور موسمیاتی تبدیلی بڑے چیلنجز ہیں بلوچستان حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں، وزیراعلیٰ

قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، تعلیم اور صحت اولین ترجیحات میں شامل ہیں صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری بلوچستان کی ترقی چاہتے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید نیئر حسین بخاری اور صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی کے اعزاز میں ضیافت، بلوچستان کے حالات پر تبادلہ خیال کیا گیا

پائیدار قیام امن کیلئے قومی یکجہتی اشد ضروری ہے ملکی سلامتی اور قومی یکجہتی سب سے مقدم ہے، بلوچستان کو عالمی سازشوں کا شکار بننے نہیں دیں گے، وزیراعلیٰ کی ڈپٹی چیئرمین سینٹ سے بات چیت

عوام کے جان ومال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، قلات میں فورسز نے دہشت گردوں کیخلاف موثر کارروائی کی اور پیشہ ورانہ طرز پر آپریشن کیا پوری قوم اپنی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، چیف منسٹر

کوئٹہ (خ ن، سٹی رپورٹر، نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہفتہ کو پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید نیئر حسین بخاری اور صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی کے اعزاز میں ضیافت دی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں گورننس کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں، امن و امان اور موسمیاتی تبدیلی بڑے چیلنجز ہیں بلوچستان حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں ساتھ لیکر چلنے کے لیے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ تعلیم اور صحت اولین ترجیحات میں شامل ہیں صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سائنس کالج کوئٹہ کے دورے کے موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال ناصر اور وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی آتشزدگی کی تحقیقات بارے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان کے وزیراعلیٰ اور وزراء کی تبدیلی کا تاثر درست نہیں، سیدال خان ناصر

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ اتحادی حکومت مل بیٹھ کر مشاورت کے بعد تمام فیصلے کرتی اور اقدامات اٹھاتی ہے

سائنس کالج کے جلنے پر دکھ ہوا حکومت سمیت تمام ادارے مسئلے کو سنجیدگی سے لے رہے ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بلوچستان کے وزیراعلیٰ اور وزراء کی تبدیلی کے حوالے سے پائے جانے والے تاثر کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ اتحادی حکومت مل جل کر تمام فیصلے کرتی اور اقدامات اٹھاتی ہے سائنس کالج کے جلنے پر دلی طور پر دکھ اور افسوس ہوا ہے حکومت سمیت تمام ادارے اس وقت اس مسئلے کو سنجیدگی سے لے رہے ہیں کیونکہ تمام تعلیمی.......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

قوم فوج کے شانہ بشانہ ہے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گے، وزیراعظم

پاک فوج کے افسر و جوان پاکستان کی مٹی کو فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں سے پاک کرنے کیلئے مصروف عمل ہیں، شہباز شریف

ضلع مہمند میں خارجی دہشتگردوں کی فرنٹیئر کور ہیڈ کوارٹر پر حملے کی کوشش کو ناکام بنانے پر پاک فوج کے افسروں، جوانوں کو خراج تحسین

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے ضلع مہمند میں خارجی دہشتگردوں کی فرنٹیئر کور ہیڈ کوارٹر پر حملے کی کوشش کو ناکام بنانے پر پاک فوج کے افسروں و جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا پاک فوج کے جوانوں نے بہادری، پیشہ وارانہ مہارت سے کیمپ پر حملہ آور ہونے والے 4 خودکش خارجیوں کو جہنم واصل کیا، وزیراعظم نے کہا مجھ سمیت پوری قوم پاک فوج کے بہادر افسروں و جوانوں......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی علی مدد جتک، بخت محمد کاکڑ، بابا غلام رسول عمرانی اور غزالہ گولہ ملاقات کر رہی ہے اس موقع پر نیئر بخاری بھی موجود ہیں

نیب ترامیم تباہی کا راستہ ہے، منی لانڈرنگ کو کھلی چھوٹ دیدی گئی چوری کرنی ہے تو اسٹیبلشمنٹ کیساتھ مل جائیں سارے کیسز ختم ہو جائینگے، بانی پی ٹی آئی کی صحافیوں سے گفتگو

190 ملین پاؤنڈ ریفرنس، نیب ترامیم بحال ہو گئیں بری کیا جائے، عمران خان نے احتساب عدالت میں فوری درخواست دائر کر دی

ملک میں چھوٹی سی اشرافیہ نے اربوں کے کیس معاف کروا لیے، نیب ترامیم آئین کے بھی خلاف ہیں، دنیا کی کسی پارلیمنٹ میں ایسا نہیں ہوا کہ قانون پاس کروا کر چوری معاف کروائی گئی ہو

کارکنوں کو حقیقی آزادی کے لیے نکلنا ہوگا، آزادی انصاف سے آتی ہے ساری قوم 8 ستمبر کو باہر نکلے، یہ حقیقی ازادی کی جنگ ہے، آزادی انصاف سے آتی ہے اس کے لیے قوم باہر آئے

نیب ترامیم کے ذریعے انھوں نے خود کو بڑی چھوٹ دے دی ہے، قانون سے بالاتر لوگ ہمیشہ بچ جاتے ہیں، موجودہ حالات میں ملک انقلاب کی جانب بڑھ رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کی بات چیت

نیب ترامیم فیصلے کے بعد 190 ملین پاونڈ کا کیس بنتا ہی نہیں ہے، نیب ترامیم میں کابینہ کے تمام فیصلوں کو تحفظ حاصل ہے، وکیل عمران خان، بانی پی ٹی آئی کی درخواست بریت پر سماعت 10 ستمبر تک ملتوی

عمران خان، بشریٰ کے خلاف نیا توشہ خانہ ریفرنس احتساب عدالت منتقل کر دیا گیا، نیب ترامیم کیس کے فیصلے سے 190 ملین پاونڈ کیس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، سابق پراسیکیوٹر نیب کا اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ، م ڈ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ نیب ترامیم آئین کے خلاف ہیں اور تباہی کا راستہ ہے، اپنی چوریاں معاف کروا کر قوم کو کہا جا رہا ہے قربانیاں دو۔ اڈیالہ جیل میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا.......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

مہمند میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر حملے کی کوشش ناکام، 4 خوارج خودکش سمیت ہلاک

چاروں کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے سے پہلے ہی ہلاک کر دیا گیا، قبضے سے خودکش جیکٹس، ڈیٹونیٹر، اسلحہ اور بارودی مواد برآمد

کلیئرنس آپریشن بھی کیا گیا، سکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے چوکس اور پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع مہمند میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر فتنہ الخوارج کے حملے کی کوشش ناکام بنا دی، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 6 ستمبر کی صبح 4 خوارج کے گروپ نے مہمند میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں کو مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دینگے، صدر مملکت

پوری قوم کو اپنے جوانوں پر فخر ہے جو ہر لمحہ مادر وطن کی حفاظت کیلئے تیار ہیں، زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری نے سکیورٹی فورسز کو مہمند میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر خوارج کا حملہ ناکام بنانے پر خراج تحسین پیش کرتے......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی برادری سن لے اسرائیل کا وجود تسلیم نہیں، مولانا فضل الرحمان

2018 کا الیکشن اور 2024 کے الیکشن کے نتائج دونوں دھاندلی زدہ ہیں

پاکستان کے عوام ختم نبوت کا دفاع کرنا جانتے ہیں، ختم نبوت کانفرنس سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے واضح کیا ہے کہ فلسطین میں اسرائیل کا ظلم و بربریت جاری ہے، اسرائیل کا وجود کسی صورت تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ لاہور میں مولانا فضل الرحمان نے مینار پاکستان پر گولڈن جوبلی ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن پیغام دے رہا ہے کہ پاکستان...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں آپریشن کرنے کی ضرورت نہیں، نیئر حسین بخاری

بدامنی واقعات پر مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے پیپلز پارٹی کی قیادت سے مشاورت کی تو اپنی رائے دیں گے

بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی کولیشن حکومت ہے ورکرز کے مسائل ہیں جنہیں مرکزی قیادت کے سامنے لا یا جائیگا

سردار اختر مینگل کا سیاست میں اہم کردار رہا ہے وفاقی حکومت کو سردار اختر مینگل کے استعفیٰ کا نوٹس لینا چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ بلوچستان ہمارے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے بلوچستان میں بدامنی کے واقعات سے متعلق مسلم لیگ (ن) کی قیادت پیپلز پارٹی کی قیادت سے مشاورت کی تو ضرور اپنی رائے دیں گے، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کا سیاست میں اہم کردار رہا ہے وفاقی حکومت کو سردار اختر جان مینگل...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

قلات میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی، 2 دہشت گرد ہلاک

ہلاک دہشتگرد سکیورٹی فورسز اور بے گناہ شہریوں کیخلاف بڑی کارروائیوں میں ملوث تھے

بلوچستان کے امن، استحکام وترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو جڑ سے ختم کرینگے، آئی ایس پی آر

قلات (م ڈ) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات میں خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا سکیورٹی فورسز نے ضلع قلات میں........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

عمر ایوب، رؤف حسن فارغ، سلمان اکرم راجہ پی ٹی آئی کے نئے سیکرٹری جنرل مقرر، سیکرٹری اطلاعات کی تلاش

عمران خان نے پارٹی سٹرکچر پر اہم فیصلے کر لئے، پارلیمانی اور عملی سیاسی امور کو الگ کر دیا، نوٹیفکیشن جلسے کے بعد جاری کئے جائیں گے

پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات کیلئے شیخ وقاص اکرم کا نام سرفہرست، بطور کارکن پی ٹی آئی کپتان کیساتھ کام جاری رکھوں گا، عمر ایوب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عمر ایوب، رؤف حسن فارغ، سلمان اکرم راجہ پی ٹی آئی کے نئے سیکرٹری جنرل مقرر، سیکرٹری اطلاعات کی تلاش کر دی گئی، بانی پی ٹی آئی عمران خان نے پارٹی سٹرکچر پر اہم فیصلے.......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ نے دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز کیس سماعت کیلئے مقرر کر لیا

چیف جسٹس کی سربراہی میں 4 رکنی بنچ 11 ستمبر کو سماعت کریگا، تمام فریقین کو نوٹس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز کیس سماعت کیلئے مقرر کر لیا، چیف جسٹس کی سربراہی میں 4 رکنی بنچ 11 ستمبر کو......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر علی حسن زہری کی جانب سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے اعزاز میں عشائیہ کے موقع پر گروپ فوٹو

عمران خان کیخلاف ملٹری کورٹ میں مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا، شیر افضل مروت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے سینئر رہنما اور رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی عمران خان کا مقدمہ ملٹری کورٹ میں لے جانے کا کوئی جواز نہیں اور فوجی عدالت میں مقدمہ نہیں،........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

انٹرنیٹ کی رفتار 24 ستمبر تک ٹھیک ہو جائے گی، وزارت آئی ٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے انٹرنیٹ کی رفتار میں کمی کو ٹھیک کرنے کی خوشخبری سنا دی، وزارت آئی ٹی نے قومی اسمبلی میں تحریری جواب جمع کرا دیا، وزارت آئی ٹی کی جانب سے فروری 2021 سے...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی، عمران خان کی درخواست ضمانت پر دلائل کیلئے پراسیکیوشن کو آخری مہلت

خصوصی عدالت نے دلائل مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 10 ستمبر تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 9 مئی کے 4 مقدمات میں عمران خان کی درخواست ضمانت پر دلائل کیلئے عدالت نے پراسیکیوشن کو آخری مہلت دے دی، انسداد دہشت گردی عدالت میں عمران خان کیخلاف 9 مئی کے 4 مقدمات کی سماعت ہوئی، بانی پی......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عدالتی حکم پر عملدرآمد شروع، لوکل کمیشن کی عمران، بشریٰ سے ملاقات

بیرسٹر ذوہاش نے دوران سماعت اڈیالہ جیل کمرہ عدالت کا بھی جائزہ لیا، انتظامیہ سے بات چیت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کے وکلا کے اڈیالہ جیل داخلے میں مشکلات کے معاملے پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر عمل درآمد کا آغاز ہو گیا، اسلام آباد....... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان اور جنرل فیض کیخلاف کیسز میں ثبوت اکٹھے کر لئے، سرکاری ذرائع کا دعویٰ

پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین کو آرمی ایکٹ کے تحت ٹرائل کیلئے فوجی حکام کے حوالے کرنے کا تاحال فیصلہ نہیں کیا

زیر حراست افراد کے بیانات اور متعدد شواہد کے پیش نظر ماسٹر پلانر کے طور پر عمران خان کی شمولیت یقینی طور پر مصدقہ ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سرکاری ذرائع نے عمران خان کے خلاف 9 مئی اور جنرل فیض حمید کیس کے حوالے سے فوجداری شواہد جمع کرنے کا دعویٰ کر دیا لیکن........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال ناصر بات چیت کر رہے ہیں

صدر مملکت نے پرامن اجتماع وامن عامہ بل 2024 پر دستخط کر دیے

زرداری کے دستخط کے بعد سمری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو موصول، قانون نافذ العمل ہوگیا

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے گزٹ نوٹیفکیشن کیلئے ایم ڈی پرنٹنگ کارپوریشن کو خط بھی ارسال کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری نے پرامن اجتماع وامن عامہ بل 2024 پر دستخط کر دیے، ذرائع قومی اسمبلی کے مطابق صدر مملکت آصف زرداری کی جانب سے دستخط کرنے کے بعد پرامن اجتماع وامن عامہ بل قانون کی شکل اختیار کر گیا، صدر کے دستخط کے بعد سمری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو موصول ہو گئی، پرامن اجتماع وامن عامہ کا قانون فوری طور پر نافذ العمل ہو گیا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے گزٹ نوٹیفکیشن کیلئے ایم ڈی پرنٹنگ کارپوریشن کو خط بھی ارسال کر دیا۔

حکومت نے بجلی و گیس کے ٹیرف سٹرکچر میں بنیادی تبدیلی پر غور شروع کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے بجلی و گیس کے ٹیرف سٹرکچر میں بنیادی تبدیلی پر غور شروع کر دیا، ذرائع...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات

بلوچستان کی سیاسی اور مجموعی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہفتہ کو نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن بلوچستان اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے ہاں گئے جہاں انہوں نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے بلوچستان کی سیاسی اور مجموعی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا....... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل فیض حمید عمران خان کیخلاف وعدہ معاف گواہ بن سکتے ہیں، وزیر دفاع

فیض حمید گرفتاری کے بعد بانی پی ٹی آئی کیساتھ رفاقتوں کے بارے میں بتا رہے ہوں گے، خواہش ہوگی سارا ملبہ عمران خان پر ڈالا جائے

9 مئی کو احتجاج میں آرمی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، پاور سے ہٹنے کے بعد دونوں کی فوج میں بغاوت برپا کرنے کی کوشش ناکام ہوئی، گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ شواہد بانی پی ٹی آئی کے ملٹری ٹرائل کی طرف جا رہے ہیں، نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا فیض حمید گرفتاری کے بعد بانی پی ٹی آئی کیساتھ رفاقتوں کے بارے میں بتا رہے ہوں گے، فیض حمید کی خواہش ہوگی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کیا کر رہے ہو؟، عالیہ بھٹ پاپارازی پر بھڑک اٹھیں

پاپارازی سے مراد ایسے فوٹوگرافر ہیں جو مشہور شخصیات کا پیچھا کرتے ہیں

ممبئی (م ڈ) بالی ووڈ کی شخصیات پاپارازی سے ہمیشہ تنگ رہتی ہیں جن میں سیف علی خان اور دیگر شامل ہیں۔ پاپارازی....... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب میں گاڑی کو حادثہ، باپ بیٹی جاں بحق، دو خواتین زخمی

دالبندین کے قریب میربور کے مقام پر ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش برآمد

کوئٹہ + ژوب (نمائندہ خصوصی + آن لائن) ژوب میں گاڑی کو حادثہ، باپ بیٹی جاں بحق، دو خواتین زخمی، دالبندین سے 1 شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش برآمد تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سے ژوب انے والی گاڑی کوئٹہ قومی شاہراہ نسائی کے مقام پر الٹ گئی جس میں سوار ماسٹر آفیسر جمعہ خان بابر اور انکی تین سالہ بیٹی جاں بحق جبکہ دو خواتین زخمی ہو..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین اور بچے منان چوک کوئٹہ میں مطالبات کے حل کیلئے دھرنا دیکر احتجاج کر رہے ہیں

نواز شریف بھی سمجھ گیا بحرانوں کا حل نکالنے کیلئے مل بیٹھنا ہوگا، محمود خان اچکزئی

ہزاروں کی تعداد میں ورکرز آج نکلے ہیں، جب ملک کے حالات خراب ہوں تو سب کو نکلنا ہوتا ہے، سربراہ پشتونخوا میپ

پاکستان کا ہر شہری چاہے وہ جج ہے یا جرنیل ملک سے محبت رکھتا ہے، سب چاہتے ہیں یہ ملک بحرانوں سے باہر نکلے، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ نواز شریف شہباز شریف کا بڑا بھائی ہے وہ بھی سمجھ گیا ہے کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے مل بیٹھنا ہوگا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ سیکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں ورکرز آج نکلے ہیں، جب ملک کے حالات......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سینئر سفارت کار آمنہ بلوچ سیکرٹری خارجہ تعینات

آمنہ بلوچ یورپی یونین میں بطور سفیر خدمات سرانجام دے رہی ہیں

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) سینئر سفارت کار آمنہ بلوچ کو سیکرٹری خارجہ تعینات کر دیا گیا۔ آمنہ بلوچ کی سیکرٹری....... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی اخبار نے عمران خان کو پاکستان اسرائیل تعلقات کیلئے موزوں شخصیت قرار دیدیا

گولڈ سمتھ فیملی سے رشتے داری خاص طور پر جمائمہ سے ازدواجی تعلق حقیقت، بانی پی ٹی آئی تعلقات کی موجودہ نوعیت کو بدل سکتے ہیں

اسرائیل اور اتحادیوں کو یقینی بنانا چاہیے بانی پی ٹی آئی کو پاکستانی سیاست میں حصہ لینے کی مکمل آزادی حاصل ہو، ٹائمز آف اسرائیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسرائیل کے نامور اخبار نے بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو اسرائیل اور پاکستان کے درمیان تعلقات کیلئے موزوں ترین شخصیت قرار دے دیا، اسرائیلی اخبار میں شائع کالم کے....... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت نے پولیس کو پی ٹی آئی کارکنوں کو ہراساں کرنے سے روکدیا

جلسے میں شرکت کیلئے جانے والے کارکنوں کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی نہ کی

پرامن جلسہ کرنا آئین وقانون کے تحت ہر جماعت کا حق ہے، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عدالت نے پولیس کو جلسے میں شرکت کرنے والے پی ٹی آئی کارکنوں کو ہراساں کرنے سے روک دیا، تحریک انصاف کے کارکنوں کو...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل چوتھی مرتبہ کمی کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت اگر پیٹرولیم لیوی بڑھانے کا فیصلہ نہ کرے تو مسلسل چوتھی مرتبہ پیٹرولیم مصنوعات، پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) کی قیمتوں میں 15 ستمبر سے تقریباً........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان سے قبائلی عمائدین اور عوامی وفود کی ملاقاتیں

میر سرفراز بگٹی نے عوامی شکایات و مسائل کے حل کیلئے کارروائی کی ہدایت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہفتہ کے روز یہاں مختلف قبائلی عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات کی اس موقع پر لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے وزیراعلیٰ کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا میر سرفراز بگٹی نے عوامی شکایات اور مسائل کی شنوائی .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر پورٹ سے ٹرانس شپمنٹ منصوبے کے آغاز پر غور شروع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے گوادر پورٹ سے ٹرانس شپمنٹ کے آغاز کے منصوبے پر غور شروع کر دیا، ذرائع کے مطابق گوادر میں گہرائی کی بدولت بڑے جہاز گوادر پورٹ پر لنگر انداز ہو سکتے ہیں اور....... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

غیر ملکیوں نے 7 کروڑ 80 لاکھ ڈالرز کی سرمایہ کاری واپس لے لی

سرمایہ کاری کے بہاؤ میں اچانک تبدیلی کی متعدد وجوہات ہو سکتی ہیں، رپورٹ میں انکشاف

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک نے رپورٹ میں انکشاف کیا ہے غیر ملکی سرمایہ کاروں نے 7 کروڑ 80 لاکھ ڈالرز اپنی سرمایہ کاری واپس لے لی، اگست کے پہلے 15 دنوں میں 78 ملین ڈالر کی نمایاں ڈس انویسٹمنٹ کیساتھ ملکی بانڈز میں غیر ملکی سرمایہ کاری ریورس....... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزارتوں کی 60 فیصد خالی آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ

وزیراعظم فارمولہ تاخیر سے پیش کرنے پر برہم، عملدرآمد پلان پر بریفنگ مانگ لی

وزارت صنعت، آئی ٹی، امور کشمیر، سیفران، ہیلتھ سروسز اور نجکاری کی سفارشات تیار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے وفاقی وزارتوں کی 60 فیصد خالی آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا، ذرائع کے مطابق حکومتی فیصلے سے ڈیڑھ لاکھ سے........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

سیدال خان سے آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری کی ملاقات

بلوچستان کی مجموعی امن و امان کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سیدال خان سے آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری کی بلوچستان میں ملاقات۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی امن و امان کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیدال خان نے کہا کہ عوام کو تحفظ فراہم....... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

سائنس کالج آتشزدگی کی تحقیقاتی کمیٹی 20 روز میں رپورٹ پیش کریگی، راحیلہ درانی

سائنس کالج آتشزدگی سے 4 کمرے اور دیگر حصہ جلا ہے کمیٹی کی رپورٹ کے بعد تعمیر و مرمت کو یقینی بنایا جائے گا

کالج میں باقاعدگی سے کلاسز جاری ہیں مذکورہ کالج کی زمین کو الاٹ کرنے کے تاثر میں کوئی صداقت نہیں، وزیر تعلیم

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ سائنس کالج آتشزدگی سے 4 کمرے اور دیگر...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وادی نیلم میں 9 سال قبل لاپتہ ہونیوالے 3 کوہ پیماؤں کی لاشیں مل گئیں

وادی نیلم (مشرق نیوز) آزاد کشمیر کی تاریخ کا سب سے بڑا سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کامیاب، وادی نیلم میں 9 سال قبل لاپتہ ہونے والے 3 کوہ پیماؤں کی لاشیں مل گئیں، لاشوں کو 4 رکنی ریسکیو ٹیم نے سروالی میں....... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی آج اسلام آباد میں جلسہ کرے گی، تمام تیاریاں مکمل

تاریخ ساز جلسہ ملک اور عدلیہ کی آزادی کیلئے ہوگا، انتظامیہ رکاوٹ نہ ڈالے، بیرسٹر گوہر

بدترین بدامنی اور مہنگائی سے نجات کیلئے عوام شرکت یقینی بنائیں، عمر ایوب، اسد قیصر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی آج اسلام آباد میں جلسہ کرے گی، تمام تیاریاں مکمل کر لیں، مرکزی قیادت نے جلسہ گاہ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، علی مدد جتک

منصوبوں میں شفافیت، معیار اور معیاد کی مانیٹرنگ پر خصوصی توجہ دی جائے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک سے پی پی پی کے سینئر رہنما میر کفایت اللہ ساسکزئی کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی ہے ملاقات میں سیاسی و علاقائی صورتحال سمیت حلقہ انتخاب میں .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی خلاف ورزی یا بدنیتی پر ہی عدلیہ ایگزیکٹو کے پالیسی معاملات دیکھ سکتی ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

ریکوڈک کیس میں سپریم کورٹ کی رائے کی وجوہات جاری کر دی گئیں، جسٹس یحییٰ آفریدی کا ریفرنس کے پہلے سوال پر رائے دینے سے گریز

ریفرنس میں پوچھا گیا پہلا سوال قانونی نوعیت کا ہے ہی نہیں، پالیسی میٹر ریاست کے دیگر ستونوں کو پارلیمنٹ وایگزیکٹو پر چھوڑ دیا جائے، جج کی رائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ریکوڈک کیس میں سپریم کورٹ کی رائے کی وجوہات جاری کر دی گئیں، جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریفرنس کے پہلے سوال پر رائے دینے سے گریز کیا، سابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے صدارتی ریفرنس........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

عافیہ کیس، 12 دن گزر گئے وزارت خارجہ بیرونی وکلا سے رابطہ نہیں کر سکی، ہائیکورٹ

تیسری سماعت کے باوجود حکومت عدالت کے سامنے لاچار کھڑی ہے، جسٹس سردار اعجاز اسحاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا جس میں کہا گیا عافیہ کی رہائی کیلئے 12 دن گزر جانے کے باوجود وزارت خارجہ بیرونی وکلا سے رابطہ کرنے میں ناکام رہی،........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ صحت کی تنزلی اور ملازمین دشمنی اقدامات کسی صورت قبول نہیں، ہیلتھ تنظیمیں

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا مقصد ٹھیکیداری نظام رائج کرنا ہے، ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ و دیگر عہدیداران

ہیلتھ حکام اور حکومت بلوچستان سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر سنجیدگی کا مظاہر کریں، حضرت علی کاکڑ

نجی شعبے سے ساز باز بند کی جائے بصورت دیگر ملازمین تنظیمیں سڑکوں پر نکل کر پہیہ جام کردیں گے، شفا مینگل

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) محکمہ صحت کی تنزلی اور ملازمین دشمنی اقدامات کسی صورت قبول نہیں کرینگے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا مقصد ٹھیکیداری نظام لانا ہے ہیلتھ حکام اور حکومت بلوچستان سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر سنجیدگی کا مظاہر کریں ہسپتالوں کو پرائیویٹیزین سے بچایا جائے بصورت دیگر محکمہ صحت کی ملازمین تنظیمیں سڑکوں پر نکل کر حکومتی پہیہ جام کریگے۔ ان خیالات کا اظہار پیرامیڈیکس، ڈاکٹرز، لیبر کا محکمہ صحت، نرسز، فارماسسٹس و دیگر تنظیموں کے عہدیداروں ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ، حضرت علی کاکڑ، حاجی شفا مینگل، اللہ داد اچکزئی، سید اوریس آغا و دیگر نے مشرق سروے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے بتایا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ہسپتالوں پر لاگو کی جارہی ہے جس کا مطلب ملازمین میں سے زیادہ سفر عوام سفر کرینگے جو میٹ لیبارٹری میں آج 100 یا 50 روپے میں ہوتا ہے ان کی قیمت ہزاروں روپے تک بڑھا دیتے ہیں اس کے علاوہ جو ایکسرے ہسپتال میں 50 روپے میں ہوتا ہے ان کی قیمت بھی بڑھا دینگے یہ نہ صرف ملازم دشمن اقدام ہے بلکہ یہ عوام دشمن اقدام بھی ہے اور ادارہ گورنمنٹ کا مشینری گورنمنٹ کا محکمہ کے سربراہ ایک پرائیویٹ ٹھیکیدار ہوگا وہ صرف اس مد میں کہ وہ ایکسرے فلمیں فراہم کرینگے ایکسرے مشین میں اگر تھوڑی بہت خرابی ہو یا لیبارٹری کے کیٹ اور ریجنٹ فراہم کریگا پرائیویٹ ٹھیکیدار ملازمین سے اپنی من پسند ڈیوٹی لینے کے علاوہ عوام سے من پسند فیس وصول کریگا اس کے بدلے پرائیویٹ ٹھیکیدار یا کمپنی اپنی تھوڑی سی خدمات فراہم کرے گا بار ہا ہسپتالوں کی خراب مشینری، وسائل کی فراہمی کے بارے میں ہیلتھ کے تمام تنظیموں نے آواز بلند کی ہے لیکن بدبختانہ ہمارے مسائل کو کسی بھی حکومت نے حل نہیں کئے ہیں وسائل کی فراہمی کی بات پر ہیلتھ کے ہر سیکٹر میں اگر کسی بھی افسر نے بات کی ہو تو ان کا فوراً تبادلہ کیا ہے ہسپتالوں میں اصلاحات لانے اور شعبے بڑھانے درکار فنڈز فراہم کرنے کی بجائے پرائیویٹ پارٹنرشپ کو دینے کا مقصد حکومتی نااہلی ہے یا اپنی نااہلی کا ملبہ محکمہ صحت پر ڈال رہی ہے، محکمہ صحت کو تباہی سے بچانے کیلئے تمام ملازمین تنظیموں نے گرینڈ الائنس ہو یا اپیکا کی تنظیمیں یا ڈاکٹرز تنظیمیں ہو وہ ایک پلیٹ فارم پر ہے کسی بھی وقت سخت فیصلے لاگو کرنے پر دھرنے لانگ مارچ یا ریڈ زون بند کرنے کیلئے تیار ہونگے، ہمارا مطالبہ ہے کہ محکمہ صحت کو وسائل فراہم کرے، مستقل آسامیوں کو کنٹریکٹ پر پر کرنے کی بجائے ریگولر کیا جائے۔

پرائیویٹیزیشن کے معاملہ پر اپیکا کبھی پیچھے نہیں ہٹے گی، محمد خیر اچکزئی

سول اسپتال کلریکل اسٹاف کے مسائل کے حل کی جدوجہد کی جائے گی، محمود رئیسانی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) اپیکا کے سینئر اور جونیئر افسران کو تنہا نہیں چھوڑینگے، ہمارے لئے تنظیم میں ہر کارکن تنظیمی ڈھانچے کے مترادف ہے اور تمام کارکنان کے مسائل کو ہم اپنے مسائل سمجھ کر حل کرنے کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے، اپیکا ذیلی ہو یاں محکمہ صحت کے سطح پر ہوں ہم نے تہیہ کر رکھا ہے کہ ہم نے ایک ساتھ چلنا ہے، محکمہ صحت میں جتنے بھی مسائل ہیں ان کے ازالہ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، ہسپتالوں کے پرائیویٹیزیشن کا معاملہ ہو، یا دیگر مسائل تو اپیکا کبھی پیچھے نہیں ہٹی ہے اور آئندہ بھی نہ ہٹی ہوا یا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ڈٹ کر مقابلہ کرینگے، ان خیالات کا اظہار آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن محکمہ صحت سول ہسپتال ذیلی یونٹ کے زیر اہتمام آج ایک میٹنگ اکاؤنٹ برانچ آفس سنڈیمن سول اسپتال کوئٹہ میں منعقد ہوا میٹنگ زیر صدارت اسسٹنٹ اکاؤنٹ افیسر حاجی محمد خیر اچکزئی، چیئرمین محمود رئیسانی، آرگنائزر جناب محمد ابراہیم بازئی، ڈپٹی آرگنائزر عبدالواحد کاکڑ بمقام اکاؤنٹ آفس میں کیا ہے۔ اجلاس میں اپیکا کے ذیلی یونٹ کا بینہ

انتقال پر ملال

پشین (پ ر) پشتونخوامیپ ضلع پشین تحصیل پشین کے سیکرٹری عصمت خان کمالزئی کی پھوپھی اور علاقائی سیکرٹری و یونین کونسل کمالزئی کے چیئرمین حاجی عبدالنافع ترین کی ہمشیرہ کی فاتحہ خوانی کلی کمالزئی حاجی عصمت اللہ خان کی رہائش گاہ پر ہوئی۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی ایگزیکٹو نصیر تنکیال، سردار امجد خان ترین، حاجی فرید بائیزئی، حاجی صورت خان کاکڑ، اقبال خان بے زئی، سید فیض اللہ آغا، ضلع سیکرٹری عمر خان ترین، سینئر معاونین اکرم بوستانی، حاجی اکبر صاحب، واجد وطنپال، ملک منظور اچکزئی و دیگر ایگزیکٹیوز نے مرحومہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر اسماعیل میروانی بلوچستان ہیلتھ ہیڈرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے مذاکرات کررہے ہیں

شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان ترقی کی طرف گامزن ہے، زرک مندوخیل

بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی کے لئے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان ترقی کی طرف گامزن ہے ملک کے معاشی حالات میں بہتری نظر آرہی ہے۔ وزیراعظم پاکستان صوبہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اور پسماندہ علاقوں کی پسماندگی کو دور کرنے اور زیادہ سے زیادہ بین الاقوامی سرمایہ کاری لانے کیلئے سرگرم ہیں، یہ بات انہوں نے بات چیت کرتے کہی انہوں نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں کیونکہ عوامی مسائل ہی اولین ترجیح ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ عوام ہم پر جس طرح اعتماد کرکے ایوان تک پہنچایا ہم عوام کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے اور ان کے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کریں گے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی پالیسیوں کی بدولت ملک کے معاشی حالات میں نمایاں بہتری نظر آرہی ہے۔ وزیراعظم پاکستان کی کوششوں سے ملک میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں بھی کمی آرہی ہے۔ میاں محمد نواز شریف کی ہدایت کے مطابق ملک بھر میں آٹے و دیگر اشیاء کی قیمتوں میں بھی کمی دیکھنے میں آئی ہے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے۔ بلوچستان قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے اور اس کی عوام کی ترقی کے لئے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا اور ہم سب کو ساتھ لے کر چلیں گے۔

ڈاکٹر عبدالحئی کو دس دنوں میں بازیاب نہ کیا گیا تو دھرنا دوں گی، ہمشیرہ

میرے بھائی کو دوران ڈیوٹی یکم جون 2024، کو جبری طور پر گم کیا گیا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آواران سے لاپتہ کئے گئے ڈاکٹر عبدالحئی کی ہمشیرہ حکومت کو 10 روز کا الٹی میٹم دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ میرے بھائی کو بازیاب نہ کرایا گیا تو اس کے بعد مجبوراً ڈی ایچ کیو ہسپتال آواران کو تالا لگا کر اس کے سامنے دھرنا دیں گے اور اس کی بازیابی تک دھرنا جاری رہے گا جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو عدالت روڈ پر مسنگ پرسنز کے لگائے گئے احتجاجی کیمپ میں ماما قدیر بلوچ اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ کئی عرصے سے غیر آئینی طور پر جبری گمشدگیوں اور ظلم کا بازار گرم ہے روزانہ تعلیمی اداروں، دفاتر، کلینک اور گھروں سے نوجوانوں کو جبری طور پر حراست میں لیکر نامعلوم مقام پر منتقل کیا جاتا ہے، جس طرح آواران کے علاقے بیدی کے رہائشی ڈی ایچ کیو ہسپتال آواران کے آپریٹنگ تھیٹر اسسٹنٹ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کو یکم جون 2024، کو جبری طور پر گم کیا گیا اور انہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار زبردستی اپنے ساتھ لے گئے اور آج تک اس کے حوالے سے ہمیں کوئی اطلاع نہیں انہوں نے بتایا کہ آواران کے علاقے سے روزانہ کی بنیاد پر گھروں پر چھاپے مار کر خواتین، بزرگوں اور بچوں کو ہراساں کرنے کے ساتھ ساتھ ان پر تشدد کیا جاتا ہے اور ان کے پیاروں کو ان کی نظروں کے سامنے لے جا کر غائب کر دیا جاتا ہے جس طرح مذکورہ ہسپتال اسٹاف کو بھی غائب کیا جاتا رہا ہے حکومت اس حوالے سے کوئی سنجیدہ اقدام نہیں اٹھا رہی اور آج بھی حکومت کی خاموشی برقرار ہے جس کی وجہ سے لاپتہ ہونے والے لوگوں کے لواحقین میں تشدید تشویش پائی جاتی ہے انہوں نے حکومت اور ذمہ داران کو اپنے بھائی کو 10 روز میں بازیاب کرنے کا الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا کہ دس روز کے بعد اپنے بھائی کی بازیابی کے لئے جی ایچ کیو ہسپتال آواران کو تالا لگا کر احتجاجی دھرنا دوں گی جو بھائی کی بازیابی تک جاری رہے گا۔

کوئٹہ، بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین بالاچ قادر، صمند بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

بعدالت جناب ثناءاللہ خان لونی اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عزیز اللہ نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد ملا گل محمد ولد حاجی سلطان محمد بقضائے الٰہی فوت ہوچکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان (1) مراد بی بی بیوہ (2) بی بی خدیجہ (3) بی بی بدیعہ (4) عبداللطیف (5) حبیب اللہ (6) عزیز اللہ (7) نعمت اللہ (8) ہدایت اللہ (9) قاری احسان اللہ (10) لطف اللہ (11) مطیع اللہ پسران و دختران ملا گل محمد ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع زیری/توجگی لورالائی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخط حاضر ہوکر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 6/9/2024 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ لورالائی.......

ازعدالت نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمیان علی حیدر ولد جان محمد گگی ساکن حاضر ہوکر ورثاء، خوکلیٹ چیئرمین یونین کونسل جھدیر پیش کرکے حسب زبانی استدعا کی کہ چچازاد بھائی مسمیان 1۔ محمد عثمان 2۔ سلام خان 3۔ دریا 4۔ سومر 5۔ میرو 6۔ یار و پسران ایرک قوم گگی ساکن عرصہ دراز سے بقضائے الٰہی سے فوت ہوچکے ہیں جسکے جائز ورثاء میں اسکے چچازاد بھائی مسمیان درزی خان ولد صوبدار 2۔ علی حیدر ولد جان محمد اقوام گگی ساکن ہیں ان کے علاوہ متوفیان مذکوران کا کوئی دیگر کوئی وارث حقدار نہیں ہے متوفی مذکور کی زرعی اراضی موضع جھتی کماچا/ کھتونی قطعہ سروے نمبر رقبہ تعدادی درج ریونیو ریکارڈ ہے متوفی مذکوران کے مندرجہ بالا جائز ورثاء کے نام انتقال وراثت کرنی مطلوب ہے اگر کسی چچی وار یا واسطہ دار یا کسی ادارے کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر ایک ہفتہ زیر دستخطی کو پیش ہو مقررہ معیاد گزر جانے کے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا انتقال وراثت درج ہوکر تصدیق کئے جائیں گے اشتہار ہذا آج مورخہ 6/9/2024 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ DM........

ملک اور کشمیر میں دہشت گردی کی واقعات میں بھارت ملوث ہے، ذوالفقار طارقی

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارقی قادری ڈاکٹر عزل حسین قادری محمد شریف چشتی لاگو نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں 6 ستمبر یوم دفاع کے شہداء کو ایصال ثواب خراج تحسین پیش کرنے کے لیے منعقدہ محفل میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوم دفاع پاکستان قومی تاریخ کا درخشاں باب ہے اس دن پاکستان کی افواج نے ازلی دشمن بھارت کو عبرتناک شکست دے کر شجاعت و بہادری کی نئی تاریخ رقم کی سالوں قبل آج ہی کے دن ہماری مسلح افواج اور پوری پاکستانی قوم نے غیر معمولی جرات اور بے مثال جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا دیا تھا اس طرح جنگ ستمبر ہماری تاریخ میں غیر متزلزل قومی عزم پیشہ ورانہ مہارت اور جذبہ حب الوطنی و قربانی کی علامت کے طور پر ایک یادگار حیثیت رکھتی ہے۔

ملک عبدالخالق عارضہ قلب کے باعث انتقال کرگئے

کوئٹہ (آئی این پی) ملک عبدالخالق عارضہ قلب کے باعث انتقال کرگئے۔ وہ حاجی عبدالخالق کاکڑ (مرحوم) کے صاحبزادے، حاجی عبدالسلام، محمد نسیم، محمد نعیم، عبدالجلیل کے بھائی، حاجی محمد فاروق کاکڑ کے بھتیجے، حلقہ 24 جمعیت علماء اسلام کے امیر مطیع اللہ کاکڑ، حاجی جانان اور محمد امیر کے چچازاد بھائی تھے جسے گزشتہ روز سپرد خاک کر دیا گیا جبکہ فاتحہ خوانی گوالمنڈی چوک ترین روڈ فاروقی مسجد میں جاری ہے۔

کوئٹہ، لاپتہ ہونیوالے ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کے لواحقین ماما قدیر کے ہمراہ احتجاجی کیمپ میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

بعدالت جناب محب اللہ خان کاکڑ سول جج 6 بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

اجراء نمبر 06/2024 آئندہ پیشی 11/9/2024

ییمن جوزوف بنام شارون شفیق "اشتہار اجراء"

اشتہار زیر دفعہ:۔ بنام شارون شفیق ولد شفیق مسیح سکنہ اسکلی روڈ کوئٹہ

ہرگاہ سائلہ نے ایک درخواست اجراء برخلاف مدعا علیہ گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی 11/9/2024 کو مقرر ہوچکی ہے جس میں مسئول علیہ دیدہ دانستہ طور پر نوٹس لینے سے گریزاں ہے اور روپوش ہے لہذا بذریعہ اشتہار شارون شفیق ولد شفیق مسیح سکنہ اسکلی روڈ کوئٹہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ محررہ پر اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر کیس کی پیروی کریں بصورت دیگر آپ کے خلاف یکطرفہ اجراء کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 31/8/24 کو میرے مہر عدالت سے جاری ہوا

R.No.........60119

بعدالت سول جج زیارت بااختیارات ڈسٹرکٹ جج صاحب زیارت

درخواست نمبر 06/2024 آئندہ تاریخ ساعت 19/9/2024

1۔ بی بی زہرا زوجہ اختر محمد مرحوم 2۔ بی بی عاقیدہ 3۔ منور حیات 4۔ بی بی بالسورہ پسران و دختران اختر محمد مرحوم اقوام سارنگزئی ساکنان تحصیل زیارت۔۔۔۔۔۔۔ سائلان بنام عوام الناس (مسئول علیہم)

درخواست زیر دفعہ 379 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ سائلان نے عنوان بالا جانشینی درخواست برائے جانشینی سرٹیفکیٹ وصول پنشن و بینک رقم متوفی اختر محمد مرحوم گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ ساعت مورخہ 19/9/2024 کو مقرر ہوچکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست کی بابت اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو تاریخ ساعت پر اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 6 ماہ ستمبر 2024 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

نمائندہ زیارت..........

بعدالت سیف اللہ خان کاسی سول جج صاحب زیارت بااختیارات ڈسٹرکٹ جج صاحب زیارت

مثل نمبر 07/2024 آئندہ تاریخ ساعت 19/9/2024

1۔ بی بی ریحانہ بیوہ محمد اسلم مرحوم 2۔ بی بی حسینہ 3۔ بی بی صفیہ 4۔ محمد عارف 5۔ بی بی پروین 6۔ بی بی تسیمہ 7۔ محمد حنیف تمام پسران دختران محمد اسلم مرحوم اقوام سارنگزئی ساکنان کلی زیارت تحصیل وضلع زیارت بذریعہ مختار محمد عارف درخواست نمبر 4۔۔۔۔۔۔۔ سائلان بنام عوام الناس۔۔۔۔۔۔۔ مسئول علیہم

درخواست زیر دفعہ 379 جانشینی ایکٹ 1972 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ سائلان نے عنوان بالا جانشینی درخواست حصول جانشینی سرٹیفکیٹ متوفی محمد اسلم مرحوم فیملی پنشن As Per rules بینک رقم 1,676,612.2 ٹوٹل رقم 1,676,612.2 روپے گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 19/9/2024 کو مقرر ہوچکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست مندرجہ بالا پر اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ ساعت پر اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 6 ماہ ستمبر 2024 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

نمائندہ زیارت..........

کوئٹہ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کا سائنس کالج کے دورے کے موقع پر صدر پریس کلب عبدالخالق رند، سینئر صحافی افضل مغل و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دینا خوش آئند ہے، علی محمد بڑیچ

بلوچستان پیس فورم صدر نوابزادہ لشکری رئیسانی کے عوام دوست اقدام قابل تحسین ہیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) تنظیم انجمن فلاح و بہبود اتحاد نوجوانان نواب رئیسانی روڈ کلی شیخان کے صدر حاجی علی محمد بڑیچ، دلاور خان بڑیچ نائب صدر نصیر بلوچ جنرل سیکرٹری کرم خان بڑیچ پریس سیکرٹری عبدالصمد بڑیچ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ گزشتہ روز بلوچستان پیس فورم کے صدر نوابزادہ میر حاجی لشکری رئیسانی کے زیر اہتمام ایک پروگرام کا انعقاد کیا جس میں حلقے کے مسائل کے بارے میں گفتگو ہوئی اور کمیٹیاں تشکیل دینے پر حلقے کے مسائل کو اجاگر کرنا خوش آئند اقدام ہیں انہوں نے کہا کہ نوابزادہ میر لشکری رئیسانی کے اس اقدام کو سراہتے ہیں کیونکہ مین رئیسانی روڈ اور اندرون کلی شیخان میں مختلف قسم کے مسائل ہیں امید ظاہر کرتے ہیں کہ یہ کمیٹیاں ان مسائل کو ختم کرنے میں اپنا کردار ادا کرینگے دریں اثناء صدر تنظیم علی محمد بڑیچ نے کہا کہ بلوچستان کے موجودہ حالات کے پیش نظر چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی کو وزیر اعلیٰ بلوچستان بنایا جائے موصوف نے پچھلے ادوار میں بھی بلوچستان کی نمائندگی کی ہے لہذا تمام اداروں کے سربراہان سے اپیل کرتے ہیں کہ نواب محمد اسلم رئیسانی کو وزیر اعلیٰ بلوچستان بنایا جائے

کوئٹہ، بلوچستان کنزیومر سوسائٹی کے زیر اہتمام بچوں کی فروخت، مہنگائی کیخلاف پریس کلب کے سامنے لگائے گئے احتجاجی کیمپ میں ایڈووکیٹ سپریم کورٹ منظور رحمانی اظہار یکجہتی کر رہے ہیں امین اللہ، نظام کرد و دیگر بھی موجود ہیں

پاکستان کے تاریخ میں 6 ستمبر انتہاء اہمیت رکھتا ہے، احسان خان کاکڑ

جوانان پاکستان نظریاتی بھرپور انداز میں کھل کر پاک فوج کی حمایت کرتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی بلوچستان صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ ضلع پشین کے صدر عبدالجبار پٹھان ضلعی سینئر نائب صدر ظریف خان کاکڑ شاہ اللہ بارکزئی بسم اللہ خان کاکڑ اور دیگر صوبائی قائدین اور ضلعی قائدین نے پشین میں مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے تاریخ میں انتہاء اہمیت رکھتا ہے اس دن ہمارے بہادر پاک فورسز نے ہندو بنئے کو ننگی کا ناچ نچانے پر مجبور کیا ہندو یہ دن قیامت تک یاد رکھے گی پاک فوج کے لازوال قربانیوں کی بدولت آج پورے ملک میں امن و امان کی فضا قائم ہے مگر ہمارے ازلی دشمن ہندوستان سامنے آنے کی جرأت نہیں رکھتا مگر بزدلوں کی طرح چھپ کے وار کرتے ہیں اگر واقعی دشمنوں میں ہمت ہے تو وہ سامنے آ کر پاک فوج اور عوام کا کھل کر مقابلہ کریں اس موقع پر مقررین نے کہا کہ ہم چیف آف آرمی سٹاف جنرل حافظ عاصم منیر کے ہر اقدام کی بھرپور تائید و حمایت کرینگے پاک فوج ملک دشمنوں اور انکی ایجنٹوں اور سہولت کاروں کے خلاف جو بھی اقدام اٹھائینگے جوانان پاکستان نظریاتی بھرپور انداز میں کھل کر حمایت کرینگے۔

مولانا مودودیؒ کی قربانیاں ضرور رنگ لائیگی، عبدالکبیر شاکر

ذمہ داران یونٹ سازی وممبر سازی پر توجہ دیتے ہوئے رابطہ عوام مہم جاری

کوئٹہ (پ ر) عبدالکبیر شاکر نے کہا ہے کہ تحریک تحفظ ختم نبوت جاری رہے گا مولانا مودودیؒ کی قربانیاں ضرور رنگ لائینگی جماعت اسلامی کی عوامی، سماجی، سیاسی، دستوری، پارلیمانی جدوجہد سب کے سامنے ہے۔ جماعت اسلامی کے ذمہ داران یونٹ سازی وممبر سازی پر توجہ دیتے ہوئے رابطہ عوام مہم جاری رکھے۔ بلوچستان پٹرولیم مصنوعات بجلی قیمتوں ٹیکسز اور مہنگائی کی وجہ سے بلوچستان کے عوام نان شبینہ کے محتاج ہیں ہر طرف غربت ناچ رہی ہے بارڈر بندش ساحل پر بھتہ خوری لوٹ مار کی وجہ سے بے روزگاری انتہا کو پہنچ گئی غرباء و مساکین اور بالخصوص دیہاڑی دار طبقہ بہت پریشان ہیں بارش وسیلاب سے بھی نقصانات ہورہے ہیں انشاء اللہ بلوچستان کے عوام کو بجلی قیمتوں، ٹیکسز و مہنگائی کے حوالے سے ریلیف ملیگا۔ بلوچستان کو جماعت اسلامی جیسی دیانت دار عوام سے مخلص حقیقی جمہوری اور لوٹ مار سے پاک پارٹی وقیادت کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں دھرنا واحتجاج نے عوام کو منظم کیا کامیاب ہڑتال نے تاجروں و جماعت اسلامی کے اتحاد کی راہ ہموار کی۔ آئی پی پیز کی لوٹ مار سے جماعت اسلامی نے سب باخبر کیے اور سب کہتے ہیں کہ آئی پی پیز کے نام پر لوٹ مار ہر صورت ختم ہونا چاہیے یہی ہماری کامیابی ہے۔ ہم نے رائے عامہ ہموار کیا عوام کو منظم کرکے پرامن جمہوری احتجاج کیا آئندہ بھی عوام کے مفاد ظلم و جبر لوٹ مار مہنگائی کے خاتمے اور نفاذ اسلام کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی

بلوچستان میں قانون کا نفاذ مکمل طور پر ختم ہوچکا ہے، قادر بلوچ

پریس کانفرنس، وسیمینار کو این او سی سے مشروط کرنا انتہائی گھناؤنا عمل ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین بالاچ قادر بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آئین اور قانون کا نفاذ مکمل طور پر ختم ہوچکا ہے حکومت کی جانب سے طلباء، رہنماؤں، سیاسی کارکنوں، سول سوسائٹی، اساتذہ کا نام فورتھ شیڈول میں ڈالنے کی مذمت کرتے ہیں۔ اظہار رائے آزادی، سیاسی سرگرمیوں اور سیاسی عمل سے وابستگی ممنوعہ قرار دی گئی ہے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس، وسیمینار کو این او سی سے مشروط کرنا انتہائی گھناؤنا عمل ہے جس کی نظیر کہیں بھی نہیں ملتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے گزشتہ روز بی ایس او کے منعقدہ اجلاس کے فیصلوں بارے میڈیا کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ اراکین نے آئندہ کے لائحہ عمل کے ایجنڈے پر مختلف پروگراموں کی منظوری دی ہے اور موجودہ سیاسی صورتحال بلوچستان کے تعلیمی مسائل، تنظیمی امور و آئندہ کے لائحہ عمل کے ایجنڈے زیر بحث رہے اور موجودہ صورتحال پر غور خوض کیا گیا۔ بلوچستان میں ناقص تعلیمی نظام، اداروں کی زبوں حالی پر شال میں گول میز کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا اور ڈسپلن کی خلاف ورزی پر سی سی ممبر اورنگزیب بلوچ کو معطل کرنے کا متفقہ فیصلہ کیا گیا۔

کوئٹہ میں چوری، راہزنی کی وارداتیں روز کا معمول بن گئی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے بیان میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں آئے روز چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے اور پولیس کی غفلت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں چوری، راہزنی کی وارداتیں روز کا معمول بن چکا ہے آئے روز دن دہاڑے عوام سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل، موبائل اور نقدی وغیرہ چھین کر انہیں مارتے ہیں گزشتہ روز انڈسٹریل تھانے کے حدود سرکی روڈ بلال مارکیٹ میں 3 موٹر سائیکل سوار چوروں نے دکانداروں سے 20 لاکھ روپے نقد چوری کر کے فرار ہوگئے پولیس تاجروں کے سامان سے لدے سوزکی، زرنج وغیرہ کے پیچھے لگے ہوتے ہیں ان سے بھتہ لیتے ہیں روزانہ انہی دکانوں پر چھاپے مار کر تاجروں کا سامان لوٹ کر لے جاتے ہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت لہڑی کے بھائی کی وفات پر مختلف شخصیات کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت لہڑی کے بھائی، مرحوم حاجی میر محمد حنیف لہڑی کے بیٹے، ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی میر فیروز خان لہڑی کے بھتیجے ٹرانسپورٹر حاجی میر حکمت لہڑی، حاجی میر شوکت لہڑی، جمعیت علماء اسلام کے رہنما میر حشمت لہڑی، علی نواز لہڑی کے بھائی، ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی میر دولت خان لہڑی، میر مدد لہڑی، پیپلز پارٹی کے رہنما میر ذوالفقار علی لہڑی، حاجی میر مظفر لہڑی، حاجی میر ممتاز لہڑی، میر مٹھا خان لہڑی، ملا منور لہڑی کے کزن میر مظفر جان لہڑی کی وفات پر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، نیشنل پارٹی کے رہنما حاجی عطاء محمد بنگلزئی، سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ یونس بلوچ سمیت سیاسی و قبائلی معتبرین، وکلاء، ڈاکٹرز سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے ہفتہ کو لہڑی ہاؤس جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بار کونسل، جوڈیشل اکیڈمی تعمیر کیلئے اراضی الاٹ 60 ملین مختص کرنا خوش آئند ہے، منیر کاکڑ

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان بار کونسل کے رکن و سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار منیر احمد خان کاکڑ کی محنت رنگ لے آئی، حکومت بلوچستان نے بلوچستان بار کونسل اور جوڈیشل اکیڈمی کیلئے 5 ایکڑ اراضی الاٹ، پی ایس ڈی پی میں 60 ملین روپے مختص کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان بار کونسل کے ممبر و سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار منیر احمد خان کاکڑ کی جانب سے بلوچستان بار کونسل کیلئے الگ بلڈنگ کی تعمیر کیلئے جدوجہد رنگ لے آئی، حکومت بلوچستان نے جوڈیشل اکیڈمی اور بلوچستان بار کونسل کی بلڈنگ کیلئے محکمہ ریونیو کی طرف سے 5 ایکڑ اراضی مختص کر دی اس کے علاوہ حکومت بلوچستان نے بار کونسل کی بلڈنگ کی تعمیر کیلئے اس سال پی ایس ڈی پی میں 60 ملین روپے بھی مختص کر دیے ہے اور بار کونسل کی بلڈنگ 30 کروڑ سے زائد رقم کی لاگت سے تعمیر ہوگی، پاکستان بار کونسل کے رکن و سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار منیر احمد خان کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان بار کونسل کیلئے الگ بلڈنگ کا منصوبہ خوش آئند ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ایک سائل اپنی درخواست پیش کر رہا ہے

جمعیت طلباء اسلام پاکستان کے صوبائی کابینہ کا اجلاس

سائنس کالج کوئٹہ کا خاموشی سے جل کر خاکستر ہو جانا سنگین واقعہ قرار

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) جمعیت طلباء اسلام پاکستان کے صوبائی کابینہ کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر حافظ محمد ہمایوں چشتی منعقد ہوا اجلاس میں قدیم تعلیمی درسگاہ سائنس کالج کوئٹہ کا خاموشی سے جل کر خاکستر ہو جانے کو سنگین واقعہ قرار دیا ہے اس واقعے نے کالج انتظامیہ کی اندرونی چپقلش، اختیارات کی کھینچا تانی اور کرپشن پر پردہ ڈالنے کی کوشش اور پسند ناپسند کی بنیاد پر ملازمین کے ٹرانسفرز کروانے کی سازش جیسے سوالات جنم لیتا ہے اس واقعے کی تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور شفاف تحقیقات کیلئے تمام طلباء تنظیموں کے ذمہ دار افراد کو انکوائری کمیشن میں شامل کیا جائے اجلاس میں تمام اضلاع کے ذمہ داران کو پابند کیا گیا ہے کہ دس دن کے اندر اپنے کابینہ کا اجلاس طلب کر کے صوبائی نظم کو رپورٹ پیش کریں جے یو آئی بلوچستان کے زیر اہتمام جامعہ دارالہدیٰ تحصیل نانا صاحب ضلع پشین میں 3 اور 4 اکتوبر کو ہونے والی دو روزہ تربیتی اجتماع میں جے ٹی آئی کے کارکن اور دیگر مختلف تنظیموں کے نوجوانوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ اجتماع میں بھرپور انداز میں شرکت کر کے حالات حاضرہ اور ان کے عوامل پر امام سیاست حضرت مولانا محمد خان شیرانی نوجوانوں کے لئے رہنما و آگہی بیان کریں گے۔

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی کے زیر صدارت پاکستان مسلم لیگ ن کے ورکرز اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

قومی بقا کے حصول کیلئے سیاسی جدوجہد ورثے میں ملی، اے کیو ایم

پشتون بلوچ وطن کے تمام مسائل کا جڑ خود غرضی کی سیاست ہے۔ احمد خان

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی مومنٹ کے سربراہ احمد خان سے مختلف وفود نے افغان ہاؤس غازی قلعہ میں ملاقات کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے احمد خان نے کہا ہے کہ پشتون بلوچ وطن کے تمام مسائل کا جڑ خود غرضی اور موروثیت کی سیاست ہے اصول پرستی اور قومی بقا کے حصول کیلئے سیاسی جدوجہد اکابرین سے ورثے میں ملا ہے۔ ہمارے اکابرین نے فرنگی کے خلاف سخت مذاحمت کرتے ہوئے پہلی انگریز افغان جنگ 1842 میں انگریزوں کے تسلط سے پشتون افغان وطن کو ذہنی اور جغرافیائی طور پر آزادی دلائی تھی انہوں نے آج کے ملک بدحالی اور سیاسی خلفشار اور اقتدار کی رسہ کشی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عام عوام کی زندگی اجیرن بن گئی ہے جس سے مشکلات میں بے تحاشا اضافہ ہورہا ہے غریب عوام بھوک و افلاس کی وجہ سے خودکشی کرنے پر مجبور ہے۔

دودھ کی قیمت 10 روپے فی لیٹر بڑھائی جائے، حاجی ولایت حسین

پرائز کنٹرول کمیٹی کے اجلاس میں ہماری مشکلات کو نظر انداز کیا گیا، دودھ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) آل کوئٹہ ملک شاپس اینڈ ملک سپلائرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر حاجی ولایت حسین سینئر نائب صدر عابد خان جدون جنرل سیکرٹری چوہدری ریاض احمد کھٹانہ گجر پریس سیکرٹری حسنین جدون اور دیگر عہدیداروں اور دودھ فروشوں نے مشرق سروے ٹیم سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ 22 اگست 2024 کو ضلعی انتظامیہ نے پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس طلب کیا اجلاس میں تندور، بیف، مٹن، ڈیپارٹمنٹل سٹور اور ڈیری فارمرز کے ریٹ بڑھائے گئے ہم دودھ فروشوں کو یکسر نظر انداز کیا گیا جس کی ہم پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ڈی سی کوئٹہ نے کہا کہ میں لائیو سٹاک کی رپورٹ کے مطابق ریٹ دوں گا بقول ڈی سی صاحب لائیو سٹاک کی رپورٹ 170 روپے لیٹر ہول سیل ڈیری فارم اور 190 روپے ریٹیلر پر چون دودھ فروشوں کی ہے لیکن کچھ ہی لمحوں بعد ڈی سی نے جانبدارانہ فیصلہ کرتے ہوئے ڈیری فارم کے 10 روپے فی لیٹر بڑھا دیے۔

ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن کوئٹہ ڈویژن عبدالکریم سے ٹھیکیدار عبدالغفار مندوخیل کی قیادت میں ٹھیکیداروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے

موسیٰ خیل، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر موسیٰ خیل میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

کمشنر قلات ڈویژن نعیم خان بازئی، ڈی سی قلات اور اے سی لیویز کے آفیسران میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTER OF AVIATION

CAREER OPPORTUNITY

APPOINTMENT OF THE DIRECTOR GENERAL
PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (DG PAA)

Government of Pakistan requires services of dynamic, experienced, and high caliber professional for the position of Director General, Pakistan Airports Authority (DG PAA). The prescribed qualification, experience, age limit and other terms of appointment are as under:-

Minimum qualification and experience	Maximum age limit on date of assumption of charge of office
An officer in the service of Pakistan or an officer of the Pakistan Airports Authority (PAA) **(1) In case of candidate from the service of Pakistan:** (a) Bachelor's degree or equivalent from a university or institute recognized by the Higher Education Commission; (b) an overall experience of **twenty-five** years in management and administration; (c) **three years'** experience as a head of an administrative department of a Provincial Government, an attached department or Division of the Federal Government or a regulatory authority under any of these Governments, or such experience of enforcement of regulatory, local or special laws; (d) **three years'** experience of public procurement or direct supervision of public procurement; (e) **four years'** experience of estate management of public properties; and (f) serving in **basic scale 21**, equivalent or above in the service of Pakistan. OR **(2) In case of candidate from service of the Pakistan Airports Authority:** (a) Bachelor's degree or equivalent from a university or institute recognized by the Higher Education Commission; (b) **twenty-five** years' experience of service in the Authority or Pakistan Civil Aviation Authority or both; (c) **three years'** experience of public procurement or direct supervision of public procurement; and (d) serving as **Director**, equivalent or above in the Authority.	57 years

Emoluments:
The appointing authority shall determine the salary, allowances and other terms and conditions of service of the Director General PAA including key performance indicators for effective discharge of his/her duties.

Max. age & Tenure:
Maximum age limit on the date of assumption of charge of office should be 57 years. The selected candidate shall be appointed for a term of three (03) years. Interested applicants should apply through National Job Portal of NITB website **https://njp.gov.pk** on or before 23rd September, 2024 (1630 hour PKT). The applicants after applying on the job portal are also required to share their updated CVs (pdf format); CNIC, departmental NOC; vision statement for the position and a covering letter containing the following particulars, at email **socaa18@gmail.com** and **secyavn@gmail.com**

Name of Applicant	Date of Birth	Age on the date of application	Qualification	Experience relevant to the Post	Present position	Phone No and Email address	Postal address	CNIC No

This advertisement is also available at websites **www.aviation.gov.pk** and www.caapakistan.com.pk

Secretary Aviation Division
Address: Kohsar Block (8th Floor), Pak Secretariat,
Constitution Avenue, Islamabad
Telephone (0092) 51 9244440

PID(I)1753/24

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

واسا اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کوئٹہ کے شہریوں کو یومیہ 3 کروڑ 50 لاکھ گیلن پانی فراہم کر رہے ہیں محکمہ واسا

کوئٹہ شہر کی 30 لاکھ آبادی کیلئے یومیہ چھ کروڑ گیلن پانی کی طلب ہے، سالانہ 78 کروڑ کے بلز جاری کرنے کے باوجود بمشکل 12 کروڑ روپے کی ریکوری ہوتی ہے، ایم ڈی واسا

کوئٹہ شہر میں پانی کی سطح زیر زمین آئے روز گرتی جا رہی ہے جس کی وجہ سے پانی کی میجر سپلائی کا ہدف پورا نہیں ہو پا رہا، شہر کے مضافاتی علاقوں میں نئے ٹیوب ویلز لگائے جا رہے ہیں

کوئٹہ شہر اور مضافات میں ساڑھے سولہ سو کلومیٹر پر محیط پائپ لائنز زیر زمین بچھائی گئی ہیں، بدقسمتی کے ساتھ واسا کنزیومرز بلز کی ادائیگی میں تعاون نہیں کر رہے ہیں، مینجنگ ڈائریکٹر

کوئٹہ (یو این اے) مینجنگ ڈائریکٹر واسا رانا حامد لطیف نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کی 30 لاکھ آبادی کے لیے یومیہ چھ کروڑ گیلن پانی کی ڈیمانڈ ہے، واسا اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ مل کر کوئٹہ کے شہریوں کو یومیہ تین کروڑ پچاس لاکھ گیلن فراہم کر رہے ہیں، سالانہ 78 کروڑ کے بلز جاری کرنے کے باوجود بمشکل 12 کروڑ روپے کی ریکوری ہوتی ہے، شہری واٹر بلز کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنا کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں، زیر زمین پانی کی سطح گرنے کی وجہ سے ہدف پورا نہیں ہو پا رہا ہے، صوبائی حکومت کی جانب سے پانی کے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے مزید چالیس (40) نئے ٹیوب ویلز کی تنصیب کا کام جاری ہے، واسا فنانس ہاؤسنگ اتھارٹی نے 40 ہزار کنکشن کی سمری ارسال کی ہے، کوئٹہ شہر اور مضافات میں ساڑھے سولہ سو کلومیٹر پر محیط پائپ لائنز زیر زمین بچھائی گئی ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے خبر رساں ادارے یو این اے سے خصوصی بات چیت میں کیا انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ شہر کی تیس لاکھ آبادی کے لیے انٹرنیشنل اسٹینڈرڈز کے مطابق فی گھر یومیہ 20 گیلن کی فراہمی کے فارمولے کے مطابق یومیہ ساڑھے چھ کروڑ گیلن کی ضرورت ہے لیکن محدود وسائل پانی کی کمی کے باوجود شہریوں کو یومیہ ساڑھے تین کروڑ گیلن کی سپلائی کی جا رہی ہے شہر کے مختلف علاقوں میں کہیں ایک گھنٹہ تو کہیں آدھا گھنٹہ پانی کے دورانیہ میں پانی کی سپلائی جاری ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں پانی کی سطح زیر زمین آئے روز گرتی جا رہی ہے جس کی وجہ سے پانی کی میجر سپلائی کا ہدف پورا نہیں ہو پا رہا ہے

پاکستان: اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد ڈھائی کروڑ سے زائد

کوئٹہ (اے این این) پاکستان میں اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد ڈھائی کروڑ سے زائد ہو گئی۔ پاک الائنس فار میتھ اینڈ سائنس (پی اے ایم ایس) کی جانب سے 'دی مسنگ تھرڈ آف پاکستان' کے عنوان سے رپورٹ جاری کی گئی ہے۔ جاری کردہ رپورٹ کے اعداد و شمار کے مطابق اسکول نہ جانے والے 5 سے 16 برس کے بچوں کی تعداد تقریباً 2 کروڑ 53 لاکھ 73 ہزار 350 ہے، جو کہ ملک کی آبادی کا ایک تہائی سے زیادہ ہے۔ 2023ء کی مردم شماری پر مبنی یہ نیا ڈیٹا پاکستان میں اسکول سے باہر بچوں کی پہلی رپورٹ ہے۔

ہیلتھ بیڈرز ایسوسی ایشن نے کامیاب مذاکرات کے بعد ہڑتال موخر کر دی

بلوچستان میں ہیلتھ ایمرجنسی نافذ، ہسپتالوں میں ادویات کی کمی پوری کرنے کیلئے ہیلتھ بیڈرز ایسوسی ایشن کردار ادا کرے، ڈاکٹر اسماعیل میروانی

ادویات بل کیلئے ایس او پیز کی تیاری ناگزیر، واجبات کی ادائیگی کیلئے سمری متعلقہ شعبہ کو بھجوا دی ہے، ڈپٹی سیکرٹری ڈویلپمنٹ ریاست علی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت سردار زادہ میر فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سیکرٹری صحت صالح محمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر اسماعیل میروانی کی زیر صدارت بلوچستان ہیلتھ بیڈرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے کامیاب مذاکرات ہوئے مذاکرات کے بعد بلوچستان ہیلتھ بیڈرز ایسوسی ایشن نے مریضوں کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ہڑتال موخر کر دی مذاکرات میں ڈپٹی سیکرٹری ڈویلپمنٹ محکمہ صحت ریاست علی، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر عمران بلوچ، پروگرام ایسوسی ایٹ ایچ ایس آر یو ذیشان خان ملغانی، صدر بلوچستان ہیلتھ بیڈرز سید جمیل الرحمان، جنرل سیکرٹری بلوچستان ہیلتھ بیڈرز تصور سیال، چیئرمین بلوچستان ہیلتھ بیڈرز جاوید اشرف نے شرکت کی ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر اسماعیل میروانی نے ہیلتھ بیڈرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ہیلتھ ایمرجنسی نافذ ہے ہسپتالوں میں ادویات کی کمی پوری کرنے کیلئے ہیلتھ بیڈرز ایسوسی ایشن کردار ادا کرے سرکاری ہسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات اور ادویات کی فراہمی کے تسلسل کیلئے نتیجہ خیز اقدامات ناگزیر ہیں صوبائی دارالحکومت کے ہسپتالوں میں نہ صرف کوئٹہ شہر بلکہ اندرون بلوچستان کے مختلف اضلاع سے آئے مریضوں کا غیر معمولی دباؤ ہے اور ادویات کی ضرورت ہے واجبات کی ادائیگی اور ادویات کے رواں مالی سال کے ٹینڈرز کا انعقاد ترجیح ہے بلوچستان ہیلتھ بیڈرز ایسوسی ایشن نے مریضوں کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہڑتال موخر کر دی۔

صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی جان جعفر کو اورالائی کے دورے کے موقع پر ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

پولیو مہم کے دوران کوئی غفلت و کوتاہی برداشت نہیں، کمشنر ژوب

9 ستمبر سے شروع ہونے والی پولیو مہم کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، ذیشان جاوید

انسداد پولیو مہم کو بھرپور انداز میں چلانے کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، خوسابوگلی میں تقریب سے خطاب

ژوب (خ ن) کمشنر ژوب ڈویژن ذیشان جاوید نے کہا ہے کہ والدین بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر عمر بھر کی معذوری سے بچائیں انسداد پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی ٹیموں کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جائیگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے خوسابوگلی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر محبوب احمد اچکزئی، ڈی ایچ او ڈاکٹر مظفر شاہ، ڈی ایچ سی او عبدالصمد حریفال و دیگر نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 9 ستمبر سے شروع ہونے والی پولیو مہم کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اس موقع پر علاقے کے عمائدین ملک شیرک سردار بابا جان ناصر، عبدالحق صافی، مولوی شہاب الدین ناصر اور دیگر نے انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے بھرپور تعاون اور پانچ سال تک کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی یقین دہانی کرائی کمشنر ژوب ڈویژن ذیشان جاوید نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کو بھرپور انداز میں چلانے کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں پولیو سے بچاؤ کے لئے ضروری ہے کہ والدین پانچ سال تک کے ہر بچے کو ہر مہم میں انسداد پولیو کے قطرے پلائیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عوامی مسائل سن رہے ہیں

پی ڈی ایم دور حکومت میں آئی ایم ایف چاہتا تھا پاکستان ڈیفالٹ کر جائے، اسحاق ڈار

برطانیہ کے ساتھ پاکستان کے تعلقات اہمیت کے حامل ہیں، 17 لاکھ پاکستانی برطانیہ میں مقیم ہیں، برطانوی نائب وزیر اعظم اور دیگر رہنماؤں سے ملاقاتیں مفید ثابت ہوئیں

ایک سیاسی جماعت نے پاکستان، اداروں کو بدنام کرنے کیلئے ہر حربہ استعمال کیا، پتہ نہیں کب سیاسی طور پر بالغ ہوں گے، ماضی میں فتنہ الخوارج کیلئے سرحدیں کھولی گئیں، نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے دور حکومت میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) چاہتا تھا پاکستان ڈیفالٹ کر جائے، اس دور میں ہمارے ری ویو ہی نہیں چل رہے تھے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ برطانیہ کے ساتھ پاکستان کے تعلقات اہمیت کے حامل ہیں، 17 لاکھ پاکستانی برطانیہ میں مقیم ہیں، برطانیہ کا دورہ انتہائی مصروف اور اہمیت کا حامل تھا اور برطانوی نائب وزیر اعظم اور دیگر رہنماؤں سے ملاقاتیں مفید ثابت ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت کے وزیر نے پی آئی اے سے متعلق بہت غیر ذمہ دارانہ بیان دیا تھا، برطانوی قیادت سے پی آئی اے کی پروازوں کی بحالی سے متعلق بھی گفتگو ہوئی، پی آئی اے کی یورپ پروازوں کی بحالی سے بڑا کام ہے، پروازوں کی بحالی کیلئے عالمی یورپی یونین سے بھی گفتگو جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پروازوں کی بحالی کیلئے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں، ہوابازی کے شعبے کی ترقی کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کوششیں کی جا رہی ہیں، پہلے مرحلے میں اسلام آباد ایئرپورٹ کی آؤٹ سورسنگ کی جا رہی ہے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور اداروں کو بدنام کرنے کیلئے ایک سیاسی جماعت کی طرف سے ہر حربہ استعمال کیا گیا، اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام یوم دفاع کی مناسبت سے لندن میں منعقدہ تقریب سے اسحاق ڈار نے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا اپریل 2022 کے بعد سے ایک سیاسی جماعت پاکستان پر حملہ آور ہے، پتہ نہیں کب سیاسی طور پر بالغ ہوں گے، پی ٹی آئی حکومت کو عدم اعتماد کے ذریعے جمہوری طریقے سے گھر بھیجا، سابق حکومت نے فتنہ الخوارج کیلئے سرحدیں کھولیں، دہشتگردی کو دوبارہ جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔

نصیر آباد، وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم نے اریگیشن ڈرینج سسٹم کا جائزہ لیا

ٹیم نے کھانپور پل، آر ڈی 88، خاکی پمپنگ اسٹیشن، آر ڈی زیرو سے لیکر جھل مگسی تک ڈرینج سسٹم کے دیگر مقامات کا مشاہدہ و سروے کیا

اسلم ترین کے ہمراہ ٹیکنیکل اسسٹنٹ ایکسین سی اینڈ ڈبلیو، فوکل پرسن، ایگزیکٹو انجینئر، ایکسین، سب ڈویژن آفیسرز و دیگر افسران بھی تھے

نصیر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کے ممبر اور انکوائری آفیسر اسلم ترین نے اریگیشن ڈرینج سسٹم کی سال 2022.23 کی اسکیم بندات بنانے کا جائزہ لیا انہوں نے کھانپور پل، آر ڈی 88، خاکی پمپنگ اسٹیشن، آر ڈی زیرو سے لیکر جھل مگسی تک ڈرینج سسٹم کے دیگر مقامات کا مشاہدہ اور تفصیلی سروے کیا ان کے ہمراہ ٹیکنیکل اسسٹنٹ ایکسین سی اینڈ ڈبلیو جہانگیر خان کھوسہ، فوکل پرسن امان اللہ گاجانی، ایگزیکٹو انجینئر گل حسن کھوسہ، ایکسین مدثر نظر کھوسہ، سب ڈویژن آفیسرز نصیب اللہ کھوسہ، عبدالوہاب واحلی، امتیاز کھوسہ سمیت دیگر افسران موجود تھے اس موقع پر وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم کے ممبر اسلم ترین کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ 1976ء کو اریگیشن ڈرینج سسٹم کا تعمیراتی عمل شروع ہوا جو 1998ء میں تکمیل کو پہنچا صحبت پور سے جھل مگسی نیل تک 1654 کلومیٹر طویل رقبے پر محیط ہے جس کی مختلف ادوار میں تعمیر و مرمت کا کام ہوتا رہا، سال 2022.23 میں بھی خطیر رقم سے بندات کا کام کیا گیا اس موقع پر سی ایم آئی ٹی کے ممبر اسلم ترین نے کہا کہ ڈرینج سسٹم انتہائی اہمیت کا حامل ہے اس کے منصوبوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے ہم تمام حقائق اور سفارشات مرتب کر کے رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور چیئرمین سی ایم آئی ٹی کو ارسال کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ڈرینج سسٹم کیلئے پانچ پیکجز تھے جن میں سے تین منصوبے مکمل کئے گئے ہیں جبکہ دو منصوبے آن گوئنگ ہیں جائزے کے موقع پر دیکھا گیا ہے کہ بندات 20 فٹ چوڑے اور 16 فٹ سے زائد بلند بنائے گئے ہیں جن کا باریک بینی کے ساتھ جائزہ لیا جا رہا ہے۔

حب ایڈمنسٹریٹر [illegible] انسداد پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

کمشنر ژوب ڈویژن کا ہمراہ ڈپٹی کمشنر ژوب لیویز لائن ژوب کا دورہ

ژوب (آن لائن) کمشنر ژوب ڈویژن ذیشان جاوید نے ہمراہ ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد ژوب لیویز لائن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر ژوب ڈویژن نے لیویز اہلکاروں و افسران کی حاضری، لیویز اسلحہ اور دیگر شعبوں کا جائزہ لیا۔ رسالدار میجر لیویز فورس ژوب آدم خان نے کمشنر ژوب ڈویژن کو لیویز سیکیورٹی پلان، ڈیوٹی شیڈول اور مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس کے علاوہ کمشنر ژوب ڈویژن نے تمام لیویز افسران اور ملازمین کو 24 گھنٹے الرٹ اور اپنی ڈیوٹی جاری رکھنے کا کہا۔

آئی جی اسلام آباد کی صدارت امن و عامہ بارے اہم اجلاس

اہم امور کے پیش نظر لائحہ عمل تیار کرتے ہوئے اہم فیصلے کیے گئے

امن و عامہ بارے اٹھائے گئے سکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت امن و عامہ کے حوالے سے اہم اجلاس۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت کی سکیورٹی اور امن و عامہ کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، اسلام آباد میں امن و امان کے قیام اور لاء اینڈ آرڈر کے ساتھ دیگر اہم امور کے پیش نظر لائحہ عمل تیار کرتے ہوئے اہم فیصلے کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و عامہ کی صورتحال کے حوالے سے ایک اہم اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا جس میں ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا، ڈی آئی جی لاء اینڈ آرڈر شاکر حسین داوڑ، ڈی آئی جی ڈاکٹر سید مصطفیٰ تنویر، ڈی آئی جی سکیورٹی محمد جواد طارق سمیت دیگر شریک تھے

Higher Education Commission Pakistan

Undergraduate Scholarships for Students of Balochistan and Erstwhile FATA

Applications are invited from the outstanding students of Balochistan and Erstwhile FATA who intend to pursue undergraduate studies in Higher Education Commission (HEC) recognised Public/Private sector Universities/Degree Awarding Institutions of Pakistan. Scholarships are being offered for the academic year 2024-25 in all areas of studies/disciplines under the project entitled "Provision of Higher Education Opportunities for Students of Balochistan & Erstwhile FATA (Phase-III)" Batch-III.

Eligibility Criteria

1. Applicant's age must be less than or equal to 22 years on closing date of advertisement.
2. Applicants must have their own and father's valid domicile or local certificate of Balochistan/erstwhile FATA, duly verified by district administration.
3. Applicants must have completed 12 years of education with at least 60% marks in FA/FSc/ICOM/ICS/DAE or equivalent.
4. Applicants already availing any other HEC or government scholarship are NOT eligible to apply.
5. Applicants must have acquired the requisite academic qualifications on or before the closing date of the advertisement.
6. Students awaiting results are NOT eligible to apply.

Important Note

1. Scholarships will be awarded based on Merit and District Quota.
2. Applicants will be shortlisted on the basis of Aptitude Test score (conducted by Education Testing Council (ETC) - HEC) and upon evaluation of Academic Credentials.
3. Applicants must secure at least 50% marks in the test.
4. The scholarship and reserve seats distribution ratio for the applicants of Balochistan & Erstwhile FATA is 50:50.
5. Placements on reserved seats will be on open merit within the selected scholars only. PM&DC eligibility criteria, regulations and rules will also be applicable.
6. Those who are already enroled in Medical/Dental Colleges and Engineering Programmes will NOT be considered against the reserved seats but shall be considered for offer of scholarships, if on Merit.
7. Students already enrolled in any general cadre bachelor's programme may also apply for scholarship.
8. Please visit http://hec.gov.pk/site/bf3 for further details.
9. All applicants MUST apply using their own CNIC or Juvenile Card issued by NADRA. Applications received with any other CNIC will lead to application rejection. If any applicant is under 18, the applicant must apply using NADRA-verified Juvenile Card.
10. To participate in the test, all applicants MUST present their own original CNIC or Juvenile Card. No alternate identification will be accepted.
11. If the documents of any applicant found misleading/malafide/forged/fake/tampered or information provided found false, applicant's application process shall be terminated.

How to Apply?

1. Applicants are required to submit their applications online through the HEC website **http://hec.gov.pk/site/bf3.** Ensure that a duly attested copy of the CNIC, applicant's and father/guardian's domicile (duly attested by the district administration), and educational documents (duly attested by the respective boards) are uploaded.
2. Hard copy of applications and any other documents are not required at this stage.
3. Test fee of Rs. 500/- is to be deposited via 1Link 1Bill invoice participating Banks/ATM/Internet Banking/ Mobile Banking.
4. To submit the fee, select 1Link Bill Invoice payment service. Open/sign in into your mobile app and click on bill payment or payment services (as your mobile banking app options). Click on 1Bill Invoice payment service and enter the consumer number generated by the HEC portal. Once you see the details, pay the amount. (The test fee is non-refundable/ non-transferable).
5. After depositing the fee through 1Link 1Bill Invoice, click on "Verify Online Payment" on application form.
6. The applicant must **submit** the online application after completing the application form. Saved and Incomplete applications in any respect will NOT be considered.
7. The applicant should ensure that application has been submitted by clicking on "Submit Application / Verify Payment" & receival of acknowledgement.
8. HEC reserves the right to postpone or cancel the scholarship process at any stage without assigning any reason.

Application Deadline	Tentative Test Date
Last date for submission of online application form is	for Undergraduate Scholarships (Batch-III)
October 07, 2024 (Monday)	October 20, 2024 (Sunday)

The applicants are advised to check their emails & HEC website regularly for updates and are required to apply well before the closing date to get assistance in case of any inconvenience. It is the candidate's responsibility to get their queries / complaints resolved before the closure of the web registration portal.

Bahram Jan
Project Director, Scholarships Division
Higher Education Commission
Sector H-9, Islamabad. Tel: 051-111-119-432 (HEC)
Website: http://hec.gov.pk/site/bf3, Email: bf3@hec.gov.pk

عزم استحکام

NOTE

For any assistance, please contact HEC Headquarters, Islamabad or HEC Regional Centres, Quetta & Peshawar.

HEC Regional Centre Quetta:
House No. 61-A, Chaman Housing Scheme
Airport Road, Quetta. Telephone # +92-81-9201791

HEC Regional Centre Peshawar:
Phase-V Hayatabad, Peshawar.
Telephone # +92-91-9217878

PID(I)1751-D/24

www.hec.gov.pk @HECPakistan2002 @hecpkofficial hec_pk

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر،پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 8 ستمبر 2024ء

معاشی استحکام: پالیسی بورڈ کی تشکیل اہم اور مستحسن اقدام

پاکستان کی معیشت کو استحکام کی منزل تک پہنچانے کے لئے وفاقی حکومت جہاں دیگر بہت سارے اقدامات اٹھارہی ہے وہاں وفاقی حکومت نے حال ہی میں اس مقصد کے لئے ایک پالیسی بورڈ کی بھی تشکیل کی ہے تاکہ کو معاشی استحکام کی منزل تک پہنچایا جاسکے وفاقی وزارت منصوبہ بندی وترقی کے تشکیل کردہ اس بورڈ میں معاشی، صنعتی، تزویراتی، انتظامی اور سماجی ماہرین شامل ہوں گے بورڈ کی تشکیل اہم پیشرفت ہے اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات احسن اقبال کی زیرصدارت گزشتہ روز اس بورڈ کا پہلا اجلاس بھی منعقد ہوا ہے جس سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک میں ترقی کے عمل کو جدت سے روشناس کرانے، معیشت میں بہتری لانے کے لئے تمام طبقہ ہائے زندگی کی شمولیت کو یقینی بنانے اور مختلف شعبوں سے ماہرین کی شمولیت کے نتیجے میں ترقیاتی عمل، مالیاتی امور میں شفافیت لانے کے حوالے سے اہم پیش رفت کے طور پر اہم اقدام اٹھاتے ہوئے منصوبہ بندی کمیشن میں اعلیٰ سطحی پالیسی بورڈ تشکیل دیا گیا ہے اس بورڈ میں جیسا کہ ہم نے تمہید میں بتایا مختلف شعبوں سے ماہرین کو لیا گیا ہے یہ وہ لوگ ہیں جو مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھتے ہیں اور مختلف شعبوں کے اچھے برے سودمند اور نقصاندہ عوامل ومحرکات سے آگاہ ہیں وسیع تجربہ رکھتے ہیں ان کی سفارشات وتجاویز اور آراء کی روشنی میں حکومت بہتر انداز میں آگے بڑھے گی سو ہم اسے سراہتے ہیں بورڈ کا پہلا اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا ہے جس کے دوران وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے بورڈ کی تشکیل افادیت واہمیت پر روشنی ڈالی اور معیشت کو مستحکم کرنے میں اس اقدام کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ نجی شعبے کی شرکت منصوبہ بندی کمیشن کی کارکردگی کو نمایاں طور پر بہتر بنائے گا۔ بورڈ کے اراکین اسٹریٹجک فریم ورک تیار کرنے، مختصر، درمیانی اور طویل مدتی منصوبے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔وفاقی وزیر نے نجی تنظیموں، سول سوسائٹی اور ماہرین سے اپیل کی کہ وہ قوم کو استحکام اور ترقی کی طرف لے جانے میں تعاون کریں۔ پالیسی بورڈ کے اراکین نے نجی اور کارپوریٹ شعبوں کے ماہرین کی وفاقی وزارت منصوبہ بندی کے پالیسی بورڈ میں شمولیت کے عمل کو سراہا۔ اراکین نے حکومت کی جانب سے ملکی معیشت میں بہتری لانے کے اقدامات کی مکمل حمایت اور اپنے ہر ممکنہ تعاون کا اعادہ کیا۔ترجمان وزارت منصوبہ بندی کا کہنا ہے کہ پالیسی بورڈ کا قیام پاکستان کے اقتصادی منصوبہ بندی کے عمل میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔حکومت اور نجی شعبے کے ماہرین کی مشترکہ کوششوں سے پاکستان پائیدار ترقی اور اقتصادی استحکام حاصل کرنے کے لیے تیار ہے۔ان کا کہنا ہے کہ پروفیسر احسن اقبال کی قیادت میں منصوبہ بندی کی وزارت کا یہ اقدام قوم کے خوشحال مستقبل کے لیے حکومت کے عزم کا ثبوت ہے۔ترقیاتی پالیسیوں کی تشکیل اور عملدرآمد کے حوالے سے پالیسی بورڈ نہایت اہم کردار ادا کرے گا۔اعلامیہ کے مطابق اس اقدام کا مقصد نجی شعبے اور کارپوریٹ رہنماؤں کی فعال شرکت کے ساتھ ملک کے اقتصادی منصوبہ بندی کے عمل میں شفافیت کو بڑھانا اور بہتری لانا ہے۔یہ بورڈ پالیسی سازی اور حکمت عملی کی ترقی پر مشورے فراہم کرے گا، درمیانی اور طویل مدتی اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے پالیسیوں اور حکمت عملیوں پر رہنمائی فراہم کرے گا۔اس کے علاوہ بورڈ قومی اور بین الاقوامی اقتصادی مسائل پر روڈ میپ فراہم کرے گا، میکرو اکنامک اعشاریوں اور رجحانات کا جائزہ لے گا اور پالیسی فیصلوں کو جدت سے روشناس کرانے اور ان پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے عالمی اقتصادی رجحانات کی روشنی میں مشاورت اور اپنی رائے پیش کرے گا۔ بورڈ قومی منصوبوں اور اقتصادی رپورٹس کا جائزہ لے گا تاکہ سفارشات پیش کی جاسکیں، سماجی واقتصادی رجحانات کا جائزہ لے گا تاکہ شواہد پرمبنی پالیسی مشورے کی حمایت کی جاسکے، قومی جدت اور مسابقت کو بڑھانے کے لیے پالیسیوں پر مشورہ دے گا۔مزید برآں بورڈ پائیدار ترقی کے اہداف کو قومی اقتصادی حکمت عملیوں میں ضم کرے گا، کلیدی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مکالمے کو فروغ دے گا اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دے گا۔ یہ بڑی اقتصادی پالیسیوں کے اثرات کا جائزہ لے گا تاکہ ان کی تاثیر کا اندازہ لگایا جاسکے۔ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مکالمے اور ان کی تجاویز وآراء کی روشنی میں آگے بڑھنے کا عزم قابل ستائش ہے موجودہ حکومت کی بات کریں تو اسے شروع دن سے چیلنجز کا سامنا رہا اور ہر چند کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت کو آئے ہوئے ابھی بہت ہی کم عرصہ ہوا ہے اور یہ بات بھی روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ حکومت کے اقدامات اور کیئے گئے فیصلوں کے نتیجے میں معیشت میں بہتری آرہی ہے چیلنجز کم ہورہے ہیں مگر ہنوز معیشت کو مختلف چیلنجوں کا سامنا ہے حکومت ڈھانچہ جاتی اور مائیکرو اقتصادی مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہے اور ان اقدامات کے نتیجے میں ڈالر کی قدر کو نیچے لانے میں مدد ملی روپے کی قدر مستحکم اور بہتر ہوئی افراط زر کی شرح میں بھی کمی ہوئی مگر ابھی بہت سے اہداف باقی ہیں جدت کے فروغ، ریگولیٹری فریم ورک میں بہتری شفافیت کو یقینی بنایا جارہا ہے اس ضمن میں مزید کام کی ضرورت ہے دراصل ہماری معیشت نہ تو ایک دوروز میں ابتر ہوئی ہے اور نہ ہی ایک دو ہفتوں یا مہینوں یہ بہتر ہوگی ظاہری بات ہے کہ اس میں وقت لگے گا مگر کامیابی اسی صورت ملے گی جب جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا پائیدار ترقیاتی اور معاشی اہداف کے حصول کے لئے حکومت نامساعد اور دگرگوں حالات کے باوجود پرعزم ہے اور اب تک اٹھائے گئے اقدامات کے نتیجے میں نمایاں کامیابیاں بھی ملی ہیں جن کا اعتراف ہونا چاہئے اداروجاتی اصلاحات پر بھی خاطر خواہ انداز میں کام ہورہا ہے ٹیکس نظام میں بہتری جدت وآسانی سے لے کر ٹیکس نیٹ بڑھانے اور ٹیکسز میں اضافے سے لے کر سرمایہ کاری کے فروغ، نقصان میں چل رہے اداروں کے حوالے سے دوٹوک انداز میں وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ فیصلے کرنے، تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے مسلسل مختلف شعبوں میں آگے بڑھنے کی لگن اور کوششیں انتہائی قابل ستائش ہیں ہمیں قوی امید ہے کہ ان اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا رہ گئی ملکی معیشت اور ترقی کے عمل میں بہتری لانے کے لئے معاشی، صنعتی، تزویراتی، انتظامی اور سماجی ماہرین پر مشتمل پالیسی بورڈ کی تشکیل کا فیصلہ تو یہ ایک مستحسن اقدام ہے امید ہے کہ اب جاری سفر تیز ہوگا اہداف کے حصول میں تیزی آئے گی اور پائیدار اہداف کا حصول جلد سے جلد حاصل کرنے میں نمایاں مدد اور معاونت ملے گی۔

علاج کی سخت ضرورت

نظریات — علی حسن

بلوچستان فوری علاج کا طالب ہے۔ ہر واقعہ کے بعد وہاں کے حالات پاکستان کی سالمیت کے بارے میں سوال کررہے ہیں۔ حکومت یقیناً بہت کچھ کررہی ہوگی لیکن حالات کو خراب کرنے والے عناصر بھی ہاتھ پر ہاتھ دھرے نہیں بیٹھے ہیں۔ حالات کا فائدہ اٹھا کر ہی دوست ممالک بھی بلوچستان کی بعد معدنیات میں دلچسپی بر ملا اظہار کر چکے ہیں۔ حالانکہ حالات مخدوش ہیں۔ بلوچستان میں 26 اگست کو جو اندوہناک واقعہ پیش آیا، اس پر سب ہی افسوس کا اظہار کررہے ہیں۔ انسانوں کے قتل عام پر کون خوش ہوسکتا ہے۔ پر امن مسافروں کی لسانی شناخت کرکے انہیں قتل کیا گیا۔ جواب میں دہشت گردی کا قلع قمع کرنے والی قوتوں نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی۔ اس سے قبل بھی اس طرح کی کارروائیاں ہوتی رہی ہیں۔ بلوچستان میں اس طرح کی کارروائیوں کا سلسلہ طویل عرصہ سے جاری ہے لیکن علاقہ میں امن قائم نہیں ہوپارہا ہے۔ ن لیگ کی وفاقی حکومت ہے، بلوچستان میں مقتدر قوتوں کی سرپرستی میں حکومت کام کررہی ہے، ملک کے صدر بلوچ ہیں، پھر کیا وجہ ہوسکتی ہے کہ حالات اور امن کے درمیان خط کھنچا ہوا ہے۔ آصف علی زرداری نے صدر منتخب ہونے کے بعد اپنے ہم خیال افراد کو بھی صوبائی حکومت میں شامل کیا۔ حکومت کی تمام سہولتیں، مراعات ان سیاسی لوگوں کو حاصل ہوگئیں لیکن بلوچستان میں قتل وغارت گری کی روک تھام نہ ہوسکی۔ ن لیگ کے قائد نے اپنی ملک واپسی کے بعد بلوچستان کا ایک روزہ طوفانی دورہ کیا تھا، انہوں نے بہت سارے لوگوں کا "سیاسی شکار" کیا تھا۔ شکار کئے گئے افراد میں سے بہت سارے لوگ بلوچستان میں بظاہر نام اور شہرت رکھتے ہیں لیکن کسی نے نتیجہ نہیں دیا۔ جس طرح پاکستانی سیاستدانوں کے دل ہر وقت اقتدار کے لئے مچلتے رہتے ہیں اسی طرح بلوچستان کی سیاسی شخصیات کا طویل عرصہ سے وتیرہ رہا ہے کہ وہ "اڑتے" کے لئے بے قرار رہتے ہیں۔ جب انہیں ان کا من پسند ٹھکانہ نظر آجاتا ہے تو وہ وہاں بیٹھ جاتے ہیں۔ تیز رفتاری کے ساتھ سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے والوں سے یہ پوچھنے والا کوئی نہیں ہے کہ بلوچستان میں جس قسم کی جس انداز میں دہشت گردی اور عسکریت پسندی پائی جاتی ہے اسے ختم کرانے کے لئے وہ لوگ اپنا کردار کیوں نہیں ادا کرتے ہیں۔ جب دیکھو دہشت گردی کی لہر ابھرتی ہے، اور عسکریت پسند دہشت گردی کا کھلے عام مظاہرہ کرتے ہیں۔ وہ دہشت گرد کیوں نہیں پکڑے جاتے ہیں۔ انہیں کن لوگوں کی پشت پناہی حاصل ہے؟ ان عناصر کی کھل کر نشان دہی کیوں نہیں ہو پاتی ہے۔ کیا سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی ہی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی جانیں قربان کریں۔ حکومتوں میں شامل افراد ہر واقعہ کی مذمت کرتے ہیں، پھر خاموشی اختیار کرلیتے ہیں۔ وفاقی حکومت ہو یا بلوچستان کی صوبائی حکومت، بلوچستان میں کوئی حکومت کی بات سننے کے لئے تیار نہیں ہے۔

لوگوں کو یاد ہوگا اور بلوچستان کے سیاست سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھی اچھی طرح یاد ہوگا کہ کہ جنرل ضیاء الحق کے دور میں جنرل رحیم الدین خان کو بلوچستان میں گورنر مقرر کیا گیا تھا۔ اس زمانے میں بھی بلوچستان کے حالات بہت مخدوش تھے۔ جنرل رحیم الدین جنرل ضیاء الحق کے سمدھی بھی تھے۔ ان کے دور میں حالات چند دنوں میں ہی معمول پر آگئے تھے لیکن ان کے واپس جانے کے کچھ ہی عرصہ بعد حالات پلٹ گئے تھے۔ ان کی تبدیلی کے کچھ عرصہ بعد بلوچستان اور امن وامان میں فاصلہ پیدا ہوگیا تھا۔

ن لیگ ہو یا پیپلز پارٹی، دونوں بلوچستان میں اپنی موجودگی رکھنا چاہتے ہیں۔ صدر آصف زرداری کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے دل پر زخم لگا ہوا ہے، ہم نے اپنے دور میں اس پر کچھ مرہم رکھا تھا، بلوچستان میں موجود ہر چیز کسی اور کی نہیں آپ کی ہے۔ چاہے وہ گیس ہو یا پٹرول یا کچھ اور سب بلوچستان کے عوام کا ہے۔ ہم بلوچستان کا دل جیتتے آئے ہیں۔ دوسرے صوبوں کو نظر نہیں آتا ہے۔ اس دل کو جیتنا ضروری ہے۔ اس دل کو جیتے بغیر پاکستان کو صحیح نہیں کیا جاسکتا ہے۔ بلوچستان کی دھرتی کے نیچے بہت سارے خزانے ہیں، ہم نے ماضی میں بھی ان پر مرہم رکھا ہے اور ابھی پھر مرہم رکھیں گے۔ کئی گزشتہ کالموں میں لکھا گیا ہے کہ آصف زرداری تو سابق صدر بھی رہے ہیں۔ وہ بلوچ بھی ہیں۔ انہوں نے اب تک بلوچستان میں ہونے والے واقعات کے بارے میں عملی اقدام کے لئے کیا کیا۔ انہوں نے تو بلوچ سرداروں کا ایک جرگہ بھی نہیں کیا۔ سیاست دانوں کا اہم مسئلہ ہے کہ زبانی جمع خرچ بہت کرتے ہیں۔ اپنی جیبوں سے تو ان لوگوں نے کسی بھی جگہ ایک کنواں تک نہیں کھدوایا ہے۔ ان لوگوں کو عوام کی رضاکارانہ خدمت کا خیال کیوں نہیں آتا ہے۔ اگر یہ لوگ آغاز کریں گے تو ان کی دیکھا دیکھی ان کے ساتھ سیاست کرنے والے بہت سارے لوگ اپنی جیبوں سے عوام کی خدمت کرنے میں آگے آجائیں گے۔ عدالتیں رات دن چیخ رہی ہیں کہ گمشدہ افراد کو بازیاب کیا جائے۔ لیکن نتیجہ کچھ نہیں نکل رہا ہے۔ بڑے بڑے اعلان ریکارڈ پر موجود ہیں لیکن یہ صرف اعلان ہی رہے۔ عدالتوں کو باضابطہ کچھ آگاہ ہی نہیں کیا جارہا ہے۔ گمشدہ افراد کے رشتے دار اپنے لوگوں سے ملنے کے لئے بے تاب ہیں لیکن بے سود ہے۔ حکمران کھل کر کہتے ہیں کہ انہیں علم ہے کہ بلوچستان میں کس کی مداخلت ہے۔ اس کے باوجود حکومت کوئی کارروائی کرنے میں ناکام کیوں نظر آتی ہے۔ حکومت کو تلاش کرنا چاہئے کہ کس کو انتظار ہے کہ پاکستان کو خدانخواستہ کوئی نقصان پہنچے۔

اختر مینگل پارلیمانی سیاست چھوڑ چلے

گرداب — عارف بہار — Arifbahar@hotmail.com

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اختر مینگل قومی اسمبلی کی نشست سے یہ کہہ کر مستعفی ہوگئے کہ اس سے اچھا ہے میں پکوڑوں کی دکان کھول لوں۔ انہوں نے گلہ کیا کہ پارلیمنٹ انہیں بولنے نہیں دیا جاتا تو ایسی اسمبلی میں رہنا بےکار ہے۔ اختر مینگل کے مطابق اب پاکستان کے سب سے بڑے قانون ساز ایوان کی حیثیت اب پکوڑوں کی دکان "گلطب"؟ جیسی بھی نہیں رہی۔ ظاہر ہے اس کی وجہ ان کے نزدیک یہ ہوگی کہ پارلیمان میں فیصلہ سازی کی قوت باقی نہیں رہی بلکہ تمام فیصلے پارلیمنٹ سے باہر باہر ہوتے ہیں اور ان فیصلوں پر مہر ثبت کرنے کے لئے پارلیمنٹ کو استعمال کیا جاتا ہے۔ بلوچستان کا نام آتے ہی تین سرداروں کی ٹرائیکا کا نام ذہن میں آتا ہے یہ ہیں بگٹی مری اور مینگل۔ تینوں سرداروں کا ریاست کے ساتھ آنکھ مچولی کا تعلق رہا۔ بالخصوص بگٹی قبیلے کے سربراہ نواب اکبر خان بگٹی اور مینگل قبیلے کے سربراہ عطاء اللہ مینگل ریاست کے ساتھ سرد وگرم رویوں کے ساتھ ریاست کے ساتھ ایک تعلق قائم رکھے رہے۔ نواب خیر بخش مری البتہ ریاست سے مستقل ناراض رہے لیکن ان کے بیٹوں نے ریاست کے ساتھ اول الذکر دو بلوچ راہنماؤں جیسی پالیسی اپنائے رکھی۔ یہ تینوں سردار اب دنیا میں نہیں رہے مگر ان کی لیگیسی ان کی اولادوں کی صورت میں موجود ہے۔ ان میں کوئی عسکریت کا ہمدرد اور سرپرست ہے تو کوئی اب بھی سیاسی دھارے میں موجود ہے۔ اختر مینگل کا شمار انہی راہنماؤں میں ہوتا ہے جو آخری حد تک پارلیمانی سیاست اور ریاست کے ساتھ جڑے رہے۔ ایک مقام ایسا آیا جب انہوں نے اس طرز سیاست کو خیر باد کہنے کا فیصلہ کیا۔ ایک آشوب زدہ علاقے میں جہاں آبادی کا بڑا حصہ دوسری انتہا پر کھڑا ہے ایک معتدل سیاست دان کا پارلیمان سے عالم مایوسی میں رخصت ہوجانا آنے والے دنوں کے لئے اچھا شگون نہیں۔ بقول شاعر

کسی شجر سے پرندوں کا کوچ کرجانا
یہ ایک اشارہ ہے آفات ناگہانی کا

سیاست دان اور عسکریت پسند میں بنیادی فرق یہ ہوتا ہے کہ سیاست دان دلیل اور مکالمے پر یقین رکھتا ہے اس کی زبان اور زبان دانی اس کا آخری ہتھیار ہوتا ہے۔ اس کے برعکس عسکریت پسند طاقت اور بندوق کو ہی دلیل مان کر چلتا ہے۔ اور اس کے خیال میں طاقت کو سرنگوں کا کرنے کا طریقہ مزید طاقت کا استعمال ہوتا ہے۔ عسکریت پسند کا ٹھکانہ اس کا ہائیڈ آوٹ ہوتا ہے جو کسی غار کی شکل میں بھی ہوسکتا ہے کسی تہہ خانے کی صورت میں بھی جبکہ سیاست دان کا ٹھکانہ اور آخری منزل پارلیمان ہوتا ہے۔ اس کی ہر سرگرمی قول وقرار ریکارڈ پر ہوتا ہے۔ سیاست دان بالائے زمین ہوتا ہے جبکہ عسکریت پسند زیر زمین۔ بلوچستان میں ایک دریا کے دو دھاروں کی طرح یہ دونوں سوچیں ایک سمت میں آگے بڑھ رہی ہیں۔ بالخصوص بلوچ سیاست کا بڑا حصہ زیر زمین جاچکا ہے اور حالات وواقعات سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس حصے کو بلوچ عوام کی بڑے پیمانے پر تائید اور حمایت حاصل ہے۔ ریاست جس قدر طاقت کا استعمال کرتی ہے عسکریت پسندوں کی عوامی سپیس اتنی ہی وسیع ہوتی جارہی ہے۔ ایسے میں اختر مینگل جیسے سیاست دانوں کا اپنے حلقہ اثر کے رجحانات کے برعکس پارلیمانی سیاست کے دھارے میں رہنا ایک وفاقیت کی ایک بڑی کامیابی تھی۔ ان کی باتیں اور خطاب پارلیمان کے اندر بلوچستان کے عوامی اور عمومی رجحانات کا بیرومیٹر تھے۔ عوام اور ریاست دونوں کو حالات اور تصویر کا دوسرا رخ دیکھنے میں مدد مل رہی تھی۔ پاکستانی معاشرہ اب متبادل بیانوں اور سوچوں کو قبول کرنے کو تیار نہیں۔ اس کے باوجود اختر مینگل جیسے سیاست دانوں کا پارلیمانی دھارے سے یوں بوجھل قدموں اور تھکے ہوئے لہجے کے ساتھ نکل جانا کسی طور اچھا نہیں۔ بلوچستان ایک بڑی سرجری کا تقاضا کررہا ہے۔ بات اب مصنوعی اقدامات سے آگے نکل گئی ہے۔ بلوچستان کے عوام نے اتنے زخم کھائے ہیں کہ اب مزید زخموں کے لئے جگہ بھی باقی نہیں رہی۔ اس صوبے کے لوگوں کے ساتھ وسائل کی ساجھے داری میں بڑی وارداتیں ہوئی ہیں۔ وہ اپنے قدرتی اور معدنی وسائل کو اپنی آنکھوں سے بلوچستان کی حدود سے باہر جاتا دیکھتے ہیں تو ان کے غصے اور فرسٹریشن کی وجہ کو سمجھنا آسان ہوجاتا ہے۔ ماہر معاشیات قیصر بنگالی حکومت سے خفا ہو کر گھر بیٹھ گئے ہیں اور اب انہوں نے انکشافات کا ایک نیا سلسلہ شروع کردیا ہے۔ انہی میں ایک انکشاف یہ ہے کہ گوادر پورٹ کے ریونیو میں پاکستان کا حصہ صرف نو فیصد ہے۔ گویا کہ اکیانوے فیصد منافع چینی کمپنیوں کا ہے۔ نو فیصد میں سے بلوچستان کے حصے میں کیا آئے گا یہ بات مزید وضاحت کی محتاج نہیں۔ نو فیصد میں بلوچستان کے عوام کے حصے میں حسب روایت محرومی ہی آئے گی اور وہ گوادر پورٹ کی روشنیوں اور وہاں جاری تجارتی سرگرمیوں دیوہیکل بحری جہازوں کی آمدورفت کے نظاروں سے ہی لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ ایسے عوام دشمن معاہدات کرنے والے کون ہیں؟ ظاہر ہے کہ وہ اپنا حصہ وصول کرکے اپنی راہ لے چکے اب پاکستان جانے اور اس کی آنے والی نسلیں۔ حالات کے اس آئینے میں بلوچستان اور پاکستان کے مستقبل کو دیکھا جاسکتا ہے۔

دکھ ہزار سہی جینا پھر بھی ہے

قرطاس — ناصف اعوان



ایک معاصر کے صفحہ اول پر چھپنے والی تین کالمی خبر کے مطابق ملکوال کے گاؤں چک رائب کے توقیر کی شادی (م) سے ہوئی تھی وہ معاشی حالات خراب ہونے پر محنت مزدوری کے لئے فیصل آباد چلا گیا مگر گھر خرچہ نہ بھجوانے پر میاں بیوی میں اکثر جھگڑا رہنے لگا چند روز پہلے بجلی کے بل اور مہنگائی کے ہاتھوں مجبور ہوکر بیوی نے اپنے شوہر کو خرچ کے لئے فون کیا تو ان کی آپس میں تلخ کلامی ہوگئی جس سے دل برداشتہ ہو کر بیوی نے اپنے تینوں بچوں سات سالہ سفیان احمد پانچ سالہ سبحان احمد اور دس سالہ اویس احمد کو زہریلی گولیاں کھلادیں جس سے ان کی حالت غیر ہوگئی اس پر انہیں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ملکوال منتقل کردیا گیا جہاں فوری طبی امداد دے کر اویس احمد کو بچا لیا گیا باقی دونوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال ریفر کردیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکے۔ یہ انتہائی افسوس ناک واقعہ ہے ہر صاحب اولاد کو اس کا بے حد دکھ ہوا ہے کتنے لاڈ پیار سے بچوں کو پالا پوسا جاتا ہے مگر جب کوئی وہ سب بھلا کر انہیں اپنے ہی ہاتھوں زندگی سے آزاد کرتا ہے تو انسان ورطہ حیرت میں گم ہو جاتا ہے۔

اس واقعہ نے ہمیں بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے اس طرح کے اور بھی واقعات رونما ہو چکے ہیں جن کے محرکات بجلی کے بل اور مہنگائی ہیں مگر کسی کا اپنی جان لینا یا کسی دوسرے کی جان لینا کسی مسئلے کا حل ہرگز نہیں۔ زندگی میں نشیب وفراز آتے رہتے ہیں مگر انسان کو گھبرانا نہیں چاہیے حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے جب ہم کسی مشکل سے متعلق سوچتے ہیں حواس باختہ نہیں ہوتے تو اس کا حل ضرور نکل آتا ہے جذباتی ہونے سے کچھ نہیں ہوتا غصے کی حالت میں جو بھی فیصلہ کیا جاتا ہے وہ غلط ہوتا ہے لہذا اس حالت میں کوئی بھی قدم نہیں اٹھانا چاہیے۔ اب اگر (م) کا شوہر اسے خرچہ نہیں بھجوا رہا تھا تو لازمی اس کو کوئی پریشانی لاحق ہوگی کام نہیں مل رہا ہوگا کچھ بھی ہوا ہوگا اور وہ سوچ رہا ہوگا کہ وہ اپنے بیوی بچوں کو اپنی پریشانی بتاتا ہے تو وہ بہت پریشان ہوں گے مگر اسے یہ علم ہونا چاہیے تھا کہ اس کی بیوی بھوک پیاس اور بجلی کے بل کی وجہ سے اپنا ذہنی توازن برقرار نہیں رکھ سکے گی اور انتہائی قدم اٹھالے گی۔

بہرحال اس کی بیوی یہ بھی سوچ رہی ہوگی کہ اس نے غصے کی آگ میں جلتے ہوئے جو کیا وہ اسے نہیں کرنا چاہیے تھا کیونکہ بچوں کو زہر دینے سے بجلی کا بل ادا ہوا نہ اس کے گھر میں اشیائے ضروریہ کے ڈھیر لگ گئے یعنی صورت حال جوں کی توں رہی منظر معاشی بدحالی کا نہ بدل سکا مہنگائی بھی کم نہ ہو سکی۔ مہنگائی کی ہمیں سمجھ نہیں آئی کہ اس سے وہ دل گرفتہ تب ہوتی جب اس کا شوہر گھریلو اخراجات کے لئے پیسے کم بھیجتا جبکہ وہ تو کچھ بھیج ہی نہیں رہا تھا ہاں البتہ اسے بجلی کے بل کے ادانہ کرنے سے بہت پریشانی ہورہی ہوگی کہ اگر اسے ادا نہیں کیا گیا تو کنکشن کٹ جائے گا اور اس کے بچے گرمی میں تڑپ کر رہ جائیں گے مگر اسے یہ بات سوچنی چاہیے تھی کہ اس کے یونٹس دو سو سے کم ہی ہوں گے جس کا بل وہ کسی سے ادھار لے کر ادا کرسکتی تھی اس طرح اپنی گزر بسر بھی وہ کرسکتی تھی ابھی ہمارے معاشرے میں بے حسی اس حد تک نہیں آئی کہ وہ کسی بیوہ غریب اور کمزور کی مدد نہ کریں خیر اس نے جو بھی کیا ٹھیک نہیں کیا۔ بجلی کے حوالے سے یہاں یہ عرض کرتے چلیں کہ حکومت دو سو یونٹس سے اوپر والوں کو بھی رعایت دے دی رہی ہے اور یہ اچھی بات ہے مگر اس عوامی ریلیف پر آئی ایم ایف نے برا منایا ہے اور کہا ہے کہ کوئی بھی حکومت ایسا نہیں کرسکتی کیونکہ مرکزی حکومت نے جن شرائط پر دستخط کیے ہیں ان میں بجلی کی مد میں کوئی چھوٹ دینے کی شق شامل نہیں لہذا وہ اس ریلیف کو واپس لے۔ یہ درست ہے کہ لوگ اپنی قیمتی چیزیں بیچ کر بھی بجلی کے بل ادا کررہے ہیں اور حکومت کو کھری کھری بھی سنا رہے ہیں مگر وہ کسی کی جان نہیں لے سکتے وہ مہنگائی کا بھی مقابلہ کررہے ہیں کہیں کہیں وہ حکومت کی توجہ حاصل کرنے کیلئے احتجاج بھی کر رہے ہیں دھرنے بھی دے رہے ہیں مگر سچ یہی ہے کہ حکومت مجبور ہے وہ عوام کو کچھ نہیں دے سکتی وہ عوام کو سہولتیں دیتی ہے تو آئی ایم ایف ناراض ہو جاتا ہے اور تڑی لگاتا ہے کہ وہ آئندہ قرضہ نہیں دے گا اور جب وہ قرضہ نہیں دیتا تو معیشت ہانپنے لگتی ہے حکومت کرے تو کیا 'جان آئی شکنجے میں'۔ ویسے اسے چاہیے کہ وہ اپنے اردگرد موجود ساتھیوں جو کھرب پتی ہیں سے کہے کہ ملک کے حالات خراب ترین ہیں لہذا وہ کچھ کریں ہم سب نے مل کر اسے بحران سے نکالنا ہے جب معیشت بہتر ہو جائے گی اور خوشحالی کی گاڑی چل پڑے گی تو وہ اپنا سرمایہ مع سود لینے کے حق دار ہوں گے۔ وہ عوام سے ہمدردی رکھتے ہیں تو ہم آئی ایم ایف کے قرضوں سے بھی نجات حاصل کرسکتے ہیں کیونکہ وہ کھربوں کے مالک ہیں اور یہ کھرب پتیوں سے ان کی تجوریوں میں گئے ہیں مگر کہاں ایسا جذبہ اور کہاں ایسی فکر؟ یہاں تو دولت میں اضافے کا بھوت ہر کسی پر سوار ہے لہذا اسی چکر میں پڑے وہ انسانی فرائض کو فراموش کررہے ہیں۔

بات کہاں سے کہاں نکل گئی۔ کاش چک رائب کی بدقسمت عورت جذباتی ہونے سے گریز کرتے ہوئے اپنے محلے اور علاقے کے مخیر حضرات سے رابطہ کرکے انہیں اپنے حالات بتاتی باوجود اس کے کہ اس وقت مہنگائی میں ہوشربا اضافے اور بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ہر کسی کو ادھ موا کردیا ہے مگر وہ انسانیت کی خدمت کا جذبہ بھی رکھتے ہیں اور اپنی تنگی دامن کو نظر انداز کرتے ہوئے مستحق لوگوں کی مدد کردیتے ہیں۔ پاکستانیوں کے دل بہت بڑے ہیں دل بڑے نہیں تو پیسے والوں کے وہ نہیں دیکھ رہے کہ غریب عوام اکھڑی سانسیں لے رہے ہیں جیسے وہ جینے کی سزا تصور کرتے ہیں۔ بہرکیف اس عورت کے خلاف پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے کہ اس نے اپنے بچوں کو کیوں مار دیا شاید وہ اس کے شوہر پر کوئی دفعہ لگا کر اسے بھی پس زنداں دھکیل دے اور اس سے پوچھے کہ تم نے کیوں اپنی بیوی کو صورتحال کے بارے میں نہیں بتایا اگر وہ بتا دیتا تو وہ دوہری پریشانی میں مبتلا نہ ہوتی اور اپنے حواس کو قابو میں رکھتی۔ کیا ہی اچھا ہو کہ ایک ایسا نظام وضع کیا جائے جس میں کسی کو روزگار ڈھونڈنا نہ پڑے۔ بے روزگاروں کو بے روزگاری الاؤنس ملے تعلیم اور صحت مفت میسر ہوں۔ بجلی گیس کی فراہمی چند پیسوں کے عوض حاصل ہوتی ہو انصاف سستا اور آسان ملتا ہو۔ اگرچہ اہل اقتدار نے یہ سب دلوانے کے وعدے کیے مگر افسوس انہوں نے ہر وعدہ بھلا کر اپنی ذات کو مقدم جانا اور دولت کے انبار لگانے شروع کردیئے۔ دولت کی اس غیر منصفانہ تقسیم نے غربت کو جنم دیا ہے جس سے دلخراش واقعات رونما ہونے لگے ہیں بجلی کے حوالے سے یہاں یہ عرض کرتے چلیں کہ حکومت دو سو یونٹس سے اوپر والوں کو بھی رعایت دے دی رہی ہے اور یہ اچھی بات ہے مگر اس عوامی ریلیف پر آئی ایم ایف نے برا منایا ہے اور کہا ہے کہ کوئی بھی حکومت ایسا نہیں کرسکتی کیونکہ مرکزی حکومت نے جن شرائط پر دستخط کیے ہیں ان میں بجلی کی مد میں کوئی چھوٹ دینے کی شق شامل نہیں لہذا وہ اس ریلیف کو واپس لے۔ یہ درست ہے کہ لوگ اپنی قیمتی چیزیں بیچ کر بھی بجلی کے بل ادا کررہے ہیں اور حکومت کو کھری کھری بھی سنا رہے ہیں مگر وہ کسی کی جان نہیں لے سکتے وہ مہنگائی کا بھی مقابلہ کررہے ہیں کہیں کہیں وہ حکومت کی توجہ حاصل کرنے کیلئے احتجاج بھی کر رہے ہیں دھرنے بھی دے رہے ہیں مگر سچ یہی ہے کہ حکومت مجبور ہے وہ عوام کو کچھ نہیں دے سکتی وہ عوام کو سہولتیں دیتی ہے تو آئی ایم ایف ناراض ہو جاتا ہے اور تڑی لگاتا ہے کہ وہ آئندہ قرضہ نہیں دے گا اور جب وہ قرضہ نہیں دیتا تو معیشت ہانپنے لگتی ہے حکومت کرے تو کیا 'جان آئی شکنجے میں'۔ ویسے اسے چاہیے کہ وہ اپنے اردگرد موجود ساتھیوں جو کھرب پتی ہیں سے کہے کہ ملک کے حالات خراب ترین ہیں ل

جب سگھڑپن پاگل پن کی حدوں کو چھوجائے

حقائق — عفت حسن رضوی

ہماری کینیڈا والی دوست کے گھر والدین پاکستان سے پہلی بار آئے۔ کوئی مہینے بعد فون پہ رابطہ ہوا تو اس کی امی سے بھی بات ہوئی۔ وہ ٹورانٹو کا موسم پوچھنے لگیں پھر پوچھتے پوچھتے سیدھا اصل مدعے پہ آگئیں اور برجستہ کہا ابھی کیا ٹورانٹو میں بھی کھانا گھر میں بننے کا رواج نہیں؟ کچھ کریدا تو علم ہوا کہ ہماری دوست بیچاری کو انسٹا گرام اور فیس بک کی وہ ورلیز لگ گئی ہیں جن میں دکھائے جانے والے بیوٹی فل آئیڈیل گھر یا گل باربی ڈول کے سے گھر لگتے ہیں جہاں اصل زندگی کے بکھیڑے نہیں ہوتے بلکہ کوئی ڈول ہاؤس کی طرح چابی والے گڈے گڑیا رہتے ہیں۔ آنٹی نے بتایا کہ ان کی بیٹی کھانا نہیں پکاتی کیونکہ اسے باورچی خانہ ستھرا اور شیشے کی طرح چمکتا دیکھنے کا خبط ہوگیا ہے۔ گھر میں جگہ جگہ بھاری بھرکم اور قیمتی کرسٹل کے گلدان رکھے ہیں جن کے باعث دیکھ بھال کرنا پڑتا ہے۔ پھر بات آگے بڑھی تو علم ہوا ہماری دوست صاحبہ اپنے والدین کو جھڑک چکی ہیں کیونکہ وہ باربی ڈول ہاؤس کے قواعد کے خلاف عام انسانوں کی طرح رو رہے تھے۔ جن کا سامان ہوتا ہے، کپڑا لتا ہوتا ہے، جہاں انسان ہوں وہاں ہزار بکھیڑے ہوتے ہیں۔ ہر انسان کو اپنے اطراف کا ماحول اپنے مزاج کے مطابق سجانا سنوارنا اچھا لگتا ہے لیکن عورتوں کے ساتھ سگھڑ پن کے اعلیٰ معیارات کو تاریخی اعتبار سے ہر معاشرے نے نتھی کیا ہے۔ عموماً سگھڑپن کھانے کی تیاری، امور خانہ داری، معمول کی صفائی اور گھر کو سمیٹنے کی حد تک ہی سمجھا جاتا تھا لیکن بھلا ہو سوشل میڈیا کا کہ جس نے سگھڑپن کو پاگل پن کی حد تک پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

میری نہ مانیں، ایک کام کریں خود ہی اپنے فیس بک، انسٹا گرام، ٹک ٹاک یا پھر کسی بھی سماجی رابطے کی ایپ پر ڈھونڈیں فریج ڈیکوریشن۔ پھر آپ کی آنکھیں کیا کیا دیکھیں گی اس کے لیے تیار رہیں۔ یہ سگھڑاپے کا تازہ ٹرینڈ ہے جس میں خواتین اپنے فریج کے اندر بھی گلدان رکھتی ہیں، فریج میں سجاوٹی لائٹیں لگاتی ہیں، فریج کے اندر پینٹنگز رکھتی ہیں۔ بعض خواتین نے اپنے فریج کے اندر چھوٹا سا گارڈن بھی سجا رکھا ہے۔ اس پاگل پن کو فریج سکیپنگ کہا جاتا ہے جس میں یہ خواتین اپنے فریج کے اندر کے ماحول کو کسی کمرے کی طرح سجھتی ہیں۔ ایسے ہی بڑی ٹی وی سکرین کو کسی آرٹ کے نمونے کے طور پہ پیش کرنے کے لیے اسے تصویری فریم میں لگانا، ٹی وی کو لکڑی کے جالی دار شیلف میں چھپانا، گھر میں بجلی کے ہر سوئچ بورڈ کو چھوٹی سی پینٹنگ سے ڈھانپ دینا، چولہے کے آس پاس سجاوٹی فانوس لگانا، صوفوں کو ہر موسم کے اعتبار سے کشن کے غلاف بدلنا۔ یہ سب مغرب میں معمول سے ہو رہا ہے، پاکستان میں بھی کئی خواتین کو یہ آئیڈیے یقیناً پسند آرہے ہوں گے، نہایت مایوس کن یہ ہے کہ یہ سب عموماً خواتین ہی کررہی ہوتی ہیں۔

ایک دوست کو نیا شوق ستایا کہ دعوتوں میں کھانے کے ہر آئٹم پہ ایک تختی لگی ہو جس میں اس ڈش کا نام لکھا ہو۔ ظاہر ہے یہ شوشا بھی آن لائن آرڈر سے منگوالیا گیا۔ تختی پہ ایک شیف کی ٹوپی بنی ہے اور ساتھ خالی جگہ ہے جہاں مارکر سے ڈش کا نام لکھا جاتا ہے۔ اب جو دعوت ہوئی تو نہاری کے ڈونگے میں ایک بچے سے تختی گر گئی۔ بچے کی اماں نہاری کی تری میں چمچے کی ڈبکیاں مار مار کر موئی تختی ڈھونڈتی رہیں کہ وہ مل جائے، جس پہ لکھا تھا نہاری۔

گھر کی سجاوٹ میں کتنی ہی چیزیں ایسی ہیں جن کی ضرورت ہوتی ہے نہ ان سے گھر خوبصورتی بڑھتی ہے لیکن سوشل میڈیا کے ذریعے ان کی مصنوعی ضرورت پیدا کی جاتی ہے۔ میں نے خود یہاں ٹورانٹو میں ایک عزیزہ کے گھر کا ٹوائلٹ کسی آرٹ گیلری کی طرح سجا دیکھا۔ صاف ستھرا اچھا لگا مگر پھر نظر گئی کچھ کتابوں پہ جو ٹوائلٹ سیٹ کے ساتھ کی دیوار پہ ایک چھوٹے سے شیلف پہ دھری تھیں۔ کتابوں کے ساتھ چھوٹا سا گلابی پھولوں کا گلدان رکھا تھا۔ پوچھا، ٹوائلٹ میں یہ کتابیں کون پڑھتا ہے؟ جواب ملا 'یہ سجاوٹ کا ٹرینڈ ہے جس میں ابھی موبائل فون ہولڈر کا اضافہ ہونا ہے۔'

گھر کی سجاوٹ کے ان ہیجانی ٹرینڈز میں ایک اضافہ کھڑکی دروازوں میں پڑے پردوں کی کئی تہیں ہیں۔ ایک مرکزی سجاوٹی پردہ ہوتا ہے جس کے پیچھے جالی والا پردہ ہوتا ہے اور اس کے پیچھے چھپی کھڑکی پہ بلائنڈ ہوتا ہے جو اوپر پیچھے ہٹایا جا سکتا ہے۔ ہوسکتا ہے پردے کی ایک دو تہہ اور بھی ہوتی ہو جو میں نہیں دیکھ پائی۔ پھر ایک شوق اپنے گھر کی دیواروں کو عام پینٹ یا وال پیپر کے بجائے ریشمی، سوتی، اونی کپڑے یا پھر جانوروں کی کھال سے بنی شیٹس سے لپیٹنا ہے۔ سوشل میڈیا پہ خواتین پھر اپنے گھر کی دیواروں پہ ہاتھ پھیر کر بتاتی ہیں کہ کس قدر اطمینان بخش ہے یہ دیوار۔ سگھڑاپے کے اس پاگل پن میں آئے روز کسی نئے ٹرینڈ کا اضافہ ہوجاتا ہے، جس کے پیچھے صرف سوشل میڈیا نہیں آن لائن مارکیٹنگ بھی ہے۔

پاکستان کی آئینی اور سیاسی تاریخ پر ایک منفرد کتاب

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان



وطن عزیز میں سیاسیات اور آئینی ارتقا کے مطالعے اور تحقیق میں دلچسپی رکھنے والے طالب علموں اور محققین کیلئے ایک اچھی خبر ہے پروفیسر حسن عسکری رضوی کی نئی کتاب "Pakistan: Political & Constitutional Engineering" مارکیٹ میں آچکی ہے۔ 895 صفحات پر مشتمل اس کتاب کو سنگ میل نے شائع کیا ہے۔ اس کتاب میں قیام پاکستان سے پہلے اور بعد میں فروری 2024ء کے عام انتخابات تک ان واقعات اور تبدیلیوں کا ایک گہرا اور جامع تجزیہ پیش کیا گیا ہے جنہوں نے پاکستان کے سیاسی اور آئینی ارتقائی عمل کو آگے بڑھانے یا اس کو پٹڑی سے اتارنے میں اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان کی آئینی اور سیاسی تاریخ پر اور بھی کتب مارکیٹ میں موجود ہیں مثلاً جی ڈبلیو چودھری کی "Constitutional Development in Pakistan" اور حامد خان کی "Constitutional & Political History of Pakistan" مگر پروفیسر حسن عسکری رضوی کی کتاب میں پاکستانی سیاست اور آئینی ارتقا میں کارفرما عوامل کا ایک وسیع تر تناظر میں جائزہ لیا گیا ہے۔ اسلئے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ 1946ء سے 2024ء تک پاکستان کی سیاسی اور آئینی تاریخ میں جتنے بھی اہم واقعات اور تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں انہیں پہلی بار ایک مربوط طریقے سے اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ پڑھنے والے کی آنکھ سے پاکستانی سیاست کی تصویر کا کوئی کونہ پوشیدہ نہیں رہتا۔ حسن عسکری رضوی نے سیاسیات میں ماسٹرز ڈگری پنجاب یونیورسٹی ایم فل ڈگری یونیورسٹی آف لیڈز (برطانیہ) اور پی ایچ ڈی یونیورسٹی آف پنسلوینیا (امریکہ) سے حاصل کی۔ ان کے علمی کیریئر کا بڑا حصہ ڈیپارٹمنٹ آف پولیٹیکل سائنس پنجاب یونیورسٹی میں گزرا ہے۔ اپنے طویل اکیڈیمک کیریئر میں پروفیسر حسن عسکری رضوی نے پاکستان کی اندرونی سیاست اور خارجہ پالیسی کے علاوہ جنوبی ایشیائی ممالک مثلاً بھارت، نیپال اور بنگلہ دیش کے سیاسی نظام پر بھی آرٹیکل لکھے ہیں۔ ان کی حالیہ تصنیف درس وتدریس اور ریسرچ میں ان کے طویل تجربے اور دانش کا نچوڑ ہے۔ کتاب کی خوبی یہ ہے کہ اس میں حالات وواقعات کو ایک دوسرے سے الگ کرکے نہیں بلکہ ایک دوسرے سے مربوط کرکے سیاسی عمل کی ترقی کو ایک طویل سفر کی داستان کے طور پر پیش کیا گیا ہے، جس کے کچھ روشن تر پہلو بھی ہیں اور کچھ ایسے جو قومی المیے اور نقصان کا باعث بنے۔ مثلاً مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں ان عوامل کا ذکر کیا گیا ہے جن کا اس موضوع پر دیگر تحریروں میں ذکر نہیں ملتا۔ اس مسئلے پر ڈاکٹر حسن عسکری نے علیحدہ کتاب بھی لکھی ہے جو غالباً ان کے پی ایچ ڈی مقالے پر مبنی ہے۔ اس میں ٹھوس دلائل کے ساتھ ناقابل تردید حقائق کے ساتھ واضح کیا گیا ہے کہ کس طرح کسی ملک کے اندرونی بحران اور تضادات کے حل میں ناکامی بیرونی مداخلت کی راہ ہموار کرتی ہے۔

ڈاکٹر حسن عسکری نے اپنی کتاب میں درست کہا کہ قیام پاکستان کے ساتھ ہی ملک کے دونوں حصوں جو ایک معاندانہ رویہ رکھنے والے ملک بھارت سے گزرتے ہوئے ایک ہزار میل کے فاصلے پر واقع تھے کو فوری طور پر ایک متوازن منصفانہ اور جمہوری اصولوں پر مبنی فریم ورک کے تحت لانے کی ضرورت تھی مگر اس وقت کے حکمرانوں جن کا تعلق مغربی پاکستان خصوصاً پنجاب سے تھا نے اس طرف توجہ نہ دی اور حالات آہستہ آہستہ قابو سے باہر ہوتے گئے۔ اس طرح سول ملٹری تعلقات پر بحث کرتے ہوئے انہوں نے بالکل درست کہا کہ پاکستان میں مسلسل جاری رہنے والے سیاسی بحران کے حل کیلئے اس ایشو کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ اس سلسلے میں ان کا یہ کہنا کہ پاکستان کی سیاست پر سول ملٹری بیوروکریسی کا غلبہ 1950ء کی دہائی کے اوائلی برسوں میں ہی قائم ہوگیا تھا درست ہے اور اس کا سبب دو سیاسی جماعتوں کے کمزور ڈھانچے کو ٹھہراتے ہیں۔ یہ وہ زمانہ ہے جب پاکستان اور امریکہ کے مابین فوجی اتحاد کی بنیاد پڑی تھی اور اس کے نتیجے میں پاکستان کی سیاست میں امریکی مداخلت کا عمل شروع ہوا تھا۔ اس لیے میرے خیال میں سول ملٹری گٹھ جوڑ اور پہلے سے کمزور اور مختلف دھڑوں میں منقسم سیاسی جماعتوں کے مقابلے میں ایک طاقتور اور بالادست گروہ کے ابھرنے کا عمل پاک امریکہ اتحاد سے مزید مضبوط ہوا۔ پروفیسر Goodnow کی کتاب CivilThe Pakistan, of Service NationNewainBureaucracy (1964ء) میں اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پاکستان کو امریکی امداد (ملٹری اور اقتصادی) سے جو طبقات سب سے زیادہ مستفید ہوئے وہ سول اور ملٹری بیوروکریسی تھی۔ اس کے نتیجے میں ملک کی سیاست پر ان کی بالادستی کا آغاز ہوا اور سیاسی نظام کمزور ہوتا چلا گیا۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ پاکستان میں جمہوریت کی جڑیں کھوکھلی کرنے میں سرد جنگ کے پاک امریکی اتحاد کا بڑا ہاتھ ہے۔ چند برسوں میں اس اتحاد نے اپنا اثر دکھانا شروع کر دیا تھا۔ 1954ء میں کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان پر پابندی اور بہت سے لوگوں کی نظر میں 1958ء کی بغاوت اور 1956ء کے پارلیمانی آئین کی منسوخی بھی امریکی دباؤ کے تحت عمل میں آئی تھی کیونکہ امریکیوں اور اس وقت کے پاکستانی حکمران طبقے کو خدشہ تھا کہ اگر 1956ء کے آئین کے تحت عام انتخابات ہوئے تو پاک امریکہ اتحاد کی مخالف بائیں بازو کی سیاسی جماعتیں الیکشن جیت جائیں گی۔

مذکورہ کتاب 11 ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے دو ابواب میں پاکستان کو درپیش اہم سیاسی مسائل مثلاً جمہوریت کے زوال، سیاسی انجینئرنگ اور مقتدرہ کے بدلتے ہوئے کردار کا مختصر تعارف اور ان مسائل کا صحیح تاریخی تناظر میں جائزہ لینے کیلئے ان اہم واقعات اور دستاویزات پر بحث کی گئی ہے جنہیں تقسیم ہند اور پاکستان کی نئی ریاست کے ظہور میں کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ ان میں 1946ء کے انتخابات، تین جون کا منصوبہ، انڈین انڈیپنڈنس ایکٹ 1947، باؤنڈری کمیشن کی رپورٹ اور ریاستوں کا کردار شامل ہے۔ باقی ابواب میں جن موضوعات پر بحث کی گئی ہے ان میں پہلی دستور ساز اسمبلی اور اس کے پہلے اجلاس سے قائداعظم محمد علی جناح کا تاریخی خطاب، تقسیم اور قیام پاکستان سے جڑے ہوئے مسائل اور عبوری آئین (1947-54ء) شامل ہیں۔ باب چہارم میں پاکستانی سیاسی نظام میں مذہب کے کردار، وفاقی ریاست اور طریقہ انتخاب کے علاوہ صدارتی اور پارلیمانی نظام پر قومی بحث کو مفصل انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ دیگر ابواب میں پارلیمانی جمہوریت کے آہستہ آہستہ زوال پذیر ہونے اور اس کی جگہ غیر جمہوری آمرانہ حکومت کے قیام کے عوامل پر بحث کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں ایوب خان، ضیاء الحق اور پرویز مشرف کے ادوار میں بالترتیب 1962ء کے صدارتی نظام، آٹھویں آئینی ترمیم اور سترہویں آئینی ترمیم کے پاکستانی سیاست پر اثرات کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ کتاب کا فوکس چونکہ سیاسی اور آئینی انجینئرنگ ہے اس لیے 1948ء سے 2024ء تک اس مقصد کے حصول کیلئے استعمال کردہ تمام ہتھکنڈوں، غیر سیاسی عناصر کی براہ راست مداخلت، آئینی ترامیم اور انتخابی عمل میں دھاندلی کا تفصیلاً اور ناقدانہ جائزہ لیا گیا ہے۔ تقریباً نو سو صفحات پر مشتمل ہونے کے باوجود کتاب کو ترتیب وتدوین میں مصنف اور ناشر نے اتنا خوبصورت بنا دیا ہے کہ پہلی ہی نظر میں کتاب سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہا جاسکتا۔ ڈاکٹر حسن عسکری رضوی کی علمی مہارت اور سٹائل نے اسے اور بھی دلچسپ بنادیا ہے

سرکاری ملازمتوں کا خاتمہ کیوں؟

خورشید ندیم



یہ ایک دو دھاری تلوار ہے۔ سرکاری محکمے ختم ہوتے ہیں تو بے روزگاری بڑھتی ہے۔ باقی رہتے ہیں تو حکومت کو اپنی سکت سے زیادہ بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔ پہلی صورت میں سماج مضطرب ہو گا۔ دوسری صورت میں ریاست ڈیفالٹ کرجائے گی۔

یوٹیلیٹی سٹورز، پی ڈبلیو ڈی اور بعض دوسرے محکموں کے ملازمین احتجاج کررہے ہیں کہ ان کی ملازمتیں ختم ہورہی ہیں۔ ان کی تشویش کو سمجھا جاسکتا ہے اور ان اثرات کو بھی جو بیروزگاری کے بڑھنے سے سماج پر مرتب ہوں گے۔ بے روزگاری جس اضطراب کا دروازہ کھولتی ہے اس سے جرم اور امراض بھی ساتھ ہی داخل ہو جاتے ہیں۔ بے روزگار کو جب کھانے کو نہیں ملے گا تو چوری کرے گا۔ جو اس کی ہمت نہیں رکھتا وہ نفسیاتی امراض میں مبتلا ہو کر خودکشی کرلے گا یا پھر بچوں کو کسی نہر میں پھینک دے گا۔

اب دوسرا منظر بھی دیکھ لیجیے۔ سیاسی حکومتوں سے عوام توقع رکھتے ہیں کہ وہ ان کے لیے روزگار کا اہتمام کریں گی۔ حکومتوں کا بس سرکاری اداروں پر چلتا ہے۔ وہ ان اداروں میں ضرورت سے زیادہ افراد بھرتی کرلیتی ہیں۔ ادارے اس غیر ضروری بوجھ تلے دبتے چلے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ خسارہ ناقابل برداشت ہوجاتا ہے۔ حکومتیں پہلے مرحلے میں سبسڈی سے انہیں زندہ رکھنے کی کوشش کرتی ہیں جس کا بوجھ سرکاری خزانہ اٹھاتا ہے۔ پھر ایک وقت آتا ہے کہ ریاست اگر ان کے بوجھ سے نجات نہ پائے تو اس کے ڈوبنے کا احتمال پیدا ہوجاتا ہے۔ اس مرحلے پر ایک راستہ یہ ہوتا ہے کہ ادارے بند کر دیے جائیں۔ دوسرا راستہ ہے ملازمین کا بوجھ کم کردیا جائے۔ دونوں کا نتیجہ بے روزگاری ہے۔

سرکاری اداروں میں بھرتی کا رجحان پیپلز پارٹی نے متعارف کرایا۔ اس کی ایک نظریاتی اساس ہے۔ پیپلز پارٹی بائیں بازو کی سیاست کرتی تھی۔ اشتراکیت میں نجی ملکیت کا کوئی تصور نہیں پایا جاتا۔ یہ ریاست ہے جو واحد کفیل ہے۔ لہٰذا اسی کو روزگار کا بندوبست کرنا ہے اور معاشی امور چلانے ہیں۔ اسی اصول کے تحت بھٹو صاحب نے نجی اداروں کو قومی تحویل میں لینے کا فیصلہ کیا۔ ان اداروں کے ملازمین سرکاری ملازم ہو گئے۔ جب یہ ادارے سرکاری تحویل میں آئے تو نوکر شاہی نے انہیں برباد کرڈالا۔ ان کی کارکردگی خراب ہونے لگی اور نتیجتاً وہ ریاست پر بوجھ بن گئے۔

اشتراکی نظام دنیا بھر میں ناکام ہوگیا۔ یہاں بھی اسے ناکام ہی ہونا تھا۔ بےنظیر بھٹو صاحبہ کے دور تک یہ بات پوری طرح واضح ہو چکی تھی۔ انسانی تجربے نے یہی بتایا کہ اس وقت جو واحد قابل عمل معاشی ماڈل ہے وہ کھلی منڈی کی تجارت ہے۔ اہل اسلام نے جو کام کیا وہ کتابی اور علمی تھا۔ ایران وغیرہ میں جہاں مسلمان سنجیدہ بھی تھے، کوئی متبادل ماڈل پیش نہ کر سکے۔ بےنظیر صاحبہ نے بھی پارٹی کی نظریاتی اساس کو تبدیل کرتے ہوئے اسی نظام کو اپنایا کہ اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔

(ن) لیگ تاجر اور روایتی مذہبی طبقے کی نمائندگی کرتی ہے۔ اس نے ہمیشہ سرمایہ دارانہ نظام ہی کو سامنے رکھا جس میں کھلی منڈی کی تجارت کو بنیادی اصول کی حیثیت ہے۔ اس نے نجی شعبے کو مضبوط بنایا۔ اس کے ساتھ سرکاری اداروں کی نجکاری کی پالیسی بھی اپنائی۔ ووٹر کو مطمئن رکھنا بھی اس کے لیے لازم تھا اس لیے (ن) لیگ نے سرکاری اداروں میں بھرتی کا سلسلہ منقطع نہیں کیا۔ پیپلز پارٹی نے اپوزیشن میں رہتے ہوئے نجکاری کی مخالفت کی۔ اس سے یہ کام سست روی کا شکار ہوا اور سرکاری ادارے معاشی بوجھ تلے دبتے چلے گئے۔

جب نجی شعبے میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی گئی تو سرکاری اداروں کے مد مقابل ادارے وجود میں آگئے۔ پی ٹی وی، پوسٹ آفس، بینک، پی ٹی سی ایل، ان کے مقابلے میں نجی شعبے نے بہتر خدمات فراہم کرنا شروع کردیں اور یوں صارف نے ان کی طرف رخ کرلیا۔ سرکاری اداروں کی اجارہ داری ختم ہوگئی اور یہ کارکردگی میں نجی شعبے کا مقابلہ نہیں کر سکے۔ میں میڈیا کے معاملات سے براہ راست واقف ہوں۔ پی ٹی وی کے مقابلے میں ایک نجی ٹی وی چینل کے انسانی اور مادی وسائل دس فیصد ہوں گے مگر اس کی کارکردگی اور سماج پر اثرات سرکاری ٹی وی سے کئی گنا زیادہ ہیں۔ یہی معاملہ دیگر اداروں کا ہے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نجی ادارے پی ٹی سی ایل سے بہتر فراہم کررہے ہیں۔ اس ناقص کارکردگی کے ذمہ دار ان اداروں کے افسر اور کارکن ہیں۔

پاکستان سٹیل مل اور پی آئی اے جیسے ادارے انہی وجوہات کی بنا پر ریاست پر بوجھ بن گئے۔ اب ان کے ملازمین کو جو تنخواہیں اور مراعات ملتی ہیں، وہ ان اداروں کی کمائی سے نہیں، سرکاری خزانے سے ملتی ہیں جو عوام کے ٹیکس سے بھرتا ہے۔ گویا ایک عام پاکستانی بغیر کسی وجہ کے ان اداروں کے ملازمین کی تنخواہیں ادا کررہا ہے۔ نجی ادارہ جب چاہے ملازمین کو نکال دیتا ہے۔ سرکاری ادارے یہ نہیں کر سکتے۔ حکومت احتجاج کے خوف سے چپ رہتی ہے اور اداروں کے ساتھ معیشت بھی ڈوب جاتی ہے۔

سرمایہ دار ممالک میں نجی شعبے کو پنپنے کا موقع ملتا ہے۔ روزگار کے متبادل مواقع وافر ہوتے ہیں۔ یوں سماج میں اضطراب پیدا نہیں ہوتا۔ پاکستان میں نجی شعبہ ترقی نہیں کرسکا۔ اسباب کے بیان کا یہ موقع نہیں۔ دوسری طرف سرکاری ادارے اب ملازمین کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے۔ حکومت ملازمین نکال سکتی ہے یا ان اداروں کو بند کرسکتی ہے لیکن انہیں متبادل روزگار نہیں دے سکتی۔ اسی وجہ سے احتجاج ہوتے ہیں۔ ایک اور بات بھی سامنے رہنی چاہیے۔ آئی ایم ایف بھی یہی کہتا ہے کہ جو ادارے نفع بخش نہیں، ریاست ان کا بوجھ کیوں اٹھا رہی ہے؟ انہیں نجی شعبے کے حوالے کرے۔

حل یہ ہے کہ معیشت میں وسعت آئے اور نجی شعبے میں روزگار کے مواقع ارزاں ہوں۔ سرمایہ کاری وہیں ممکن ہے جہاں امید اور امن ہو۔ جہاں مسلسل اضطراب ہو وہاں سرمایہ کاری نہیں ہوتی۔ آئے دن کا احتجاج بھی سرمایہ کاری میں بڑی رکاوٹ ہے۔ پھر یہ کہ سرمایہ کاری کے لیے سہولتوں کی فراہمی لازم ہے۔ ہمارا انتظامی ڈھانچہ اس معاملے میں بھی ناکام ثابت ہوا ہے۔ ہم نے ون ونڈو کی بات تو سنی مگر اس کو عملی صورت میں ڈھلتے کہیں نہیں دیکھا۔

اس وقت سرکاری اداروں کے خاتمے پر احتجاج نتیجہ خیز نہیں ہوگا۔ یہ تاریخ کا عمل ہے جو پیچھے نہیں جاسکتا۔ اب سوچنا یہ ہے کہ لوگ بے روزگار نہ ہوں۔ ان لوگوں کو فی الحال دوسرے محکموں میں بھیجا جارہا ہے؟ اس لیے ان کے لیے فوری مسئلہ تو نہیں ہوگا تاہم مستقبل میں ہوسکتا ہے۔ اس کا ابھی سے اہتمام کرنا چاہیے کہ مستقبل قریب میں اس کا کوئی مستقل حل نکل سکے۔ یہی نہیں ان نوجوانوں کے لیے بھی سوچنا ہوگا جو ہر سال تعلیمی اداروں سے فارغ ہوتے ہیں اور انہیں روزگار کی تلاش ہوتی ہے۔

جرمنی کی جانب سے افغان مہاجرین کی ملک بدری

تلخ نوائی — اشرف شریف



جرمنی نے حال ہی میں مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والے 28 افغان پناہ گزینوں کو ملک بدر کیا ہے۔ افغانستان کے لیے ملک بدر افراد کی پرواز جرمنی کے لیپزگ ہوائی اڈے سے روانہ ہوئی۔ یہ ایک واقعہ نہیں اس کے پیچھے پوری کہانی ہے جس کا ایک کردار پاکستان بھی ہے جس نے چالیس سال تک افغان پناہ گزینوں کے لئے اپنی بانہیں وا کئے رکھیں اور جب اس نے مزید مہمان نوازی سے معذرت کی تو مہمانوں کے لہجے بدل گئے۔ اگست 2021 میں کابل میں طالبان کے اقتدار سنبھالنے کے بعد افغانوں کی ان کے آبائی ملک واپسی کی یہ پہلی ملک بدری ہے۔ جرمن حکومت کے ترجمان سٹیفن ہیبسٹریٹ کا کہنا ہے کہ "یہ افغان شہری تھے، جن میں سے تمام مجرم اور سزا یافتہ تھے۔ انہیں جرمنی میں رہنے کا کوئی حق نہیں تھا اور ان کے خلاف ملک بدری کے احکامات جاری کیے گئے تھے۔" قطر ایئرویز کا ایک چارٹر جیٹ مختلف جرمن ریاستوں سے لائے گئے 28 افغان مجرموں کو لے کر مشرقی ریاست سیکسنی کے سب سے بڑے شہر لیپزگ سے صبح 6:56 بجے کابل کے لیے روانہ ہوا۔ جرمنی کی وزارت داخلہ نے اس آپریشن کا اہتمام کیا۔ جرمن حکومت نے ایک بیان میں کہا کہ وہ "اہم علاقائی شراکت داروں" کی اس معاملے میں حمایت پر شکریہ ادا کرتی ہے۔ جرمن حکومت نے کہا ہے کہ اس طرح کی مزید ملک بدریوں پر کام جاری ہے۔ جرمن نیوز میگزین ڈیر اشپیگل کے مطابق ملک بدری کی یہ پرواز افغان امور کے ثالث قطر کے ساتھ دو ماہ کے خفیہ مذاکرات کا نتیجہ تھی۔ جرمنی کے افغانستان میں طالبان حکومت کے ساتھ براہ راست کوئی سفارتی تعلقات نہیں۔ طالبان کے ساتھ براہ راست مذاکرات، جن میں سے کچھ اہلکار بین الاقوامی پابندیوں کی زد میں ہیں، کو بڑے پیمانے پر مسائل کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ برلن نے 2021 میں طالبان کے قبضے کے بعد انسانی حقوق کے خدشات کی وجہ سے افغانستان میں لوگوں کی واپسی روک دی تھی۔ یہ اقدام سکیورٹی خدشات کو دور کرنے کے لیے جرمنی کی کوششوں کا حصہ ہے، خاص طور پر حالیہ پرتشدد واقعات کے بعد جن میں پناہ کے متلاشی افراد ملوث بتائے جاتے ہیں۔ اس کے برعکس، پاکستان نے 40 سال سے زائد عرصے تک معاشی اور سکیورٹی دباؤ کا سامنا کرنے کے باوجود 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کو پناہ دے کر غیر معمولی مہمان نوازی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ان میں سے بہت سے دہشت گردی اور مجرمانہ ریکارڈ رکھتے ہیں۔ حتیٰ کہ دوسرے ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کے ساتھ افغانوں کا رویہ انتہائی خراب رہا ہے۔ جرمنی کے موجودہ اقدامات کے برعکس، پاکستان نے افغان تارکین وطن کو کئی دہائیوں سے اپنے ہاں رہنے اور لوگوں سے گھلنے ملنے کی اجازت دی۔ 4 دہائیوں کے کھلے دروازوں کے بعد، پاکستان نے اب عزت اور احترام کو برقرار رکھتے ہوئے صرف غیر قانونی تارکین وطن کو ملک بدر کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کا مقصد اپنی آبادی کو منظم کرنا ہے۔ کئی برسوں کی جنگ کے نتیجے میں، افغان آج ایشیا میں پناہ گزینوں کا سب سے بڑا گروپ اور شام و وینزویلا کے بعد دنیا کا تیسرا بڑا گروپ ہے۔ حالیہ برسوں میں، افغانوں کو اکثر غیر قانونی طور پر یورپی یونین میں داخل ہونے کے بعد حراست میں لیا گیا۔ وہ زیادہ تر مشرقی بحیرہ روم کا راستہ استعمال کرتے ہیں، جو ترکی سے ہوتے ہوئے یونان تک جاتا ہے۔ 2015 میں مہاجرین اور ہجرت کے بحران کے دوران افغانوں کی آمد میں ریکارڈ اضافہ دیکھا گیا جب نقل مکانی کرنے والوں کی تعداد 200,000 سے تجاوز کرگئی۔ 2020 میں، افغانستان سے کل تقریباً 10,000 غیر قانونی تارکین وطن ریکارڈ کیے گئے، جو کہ بے قاعدگی سے سرحدیں عبور کرنے کی تمام کوششوں کا 8.1 فیصد ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر براہ راست افغانستان سے نہیں آئے تھے بلکہ کسی تیسرے ملک (خاص طور پر ایران، پاکستان اور ترکی) سے آئے تھے جہاں وہ کچھ عرصے سے رہ رہے تھے۔ ان کے ہجرت کے فیصلے بنیادی طور پر میزبان ممالک کے بگڑتے ہوئے معاشی اور سیاسی حالات کی وجہ سے تھے۔ یورپی یونین میں سیاسی پناہ کے درخواست دہندگان کی بڑی تعداد کا تعلق افغانستان سے ہے۔ 2020 میں، تقریباً 50,000 افغانوں کی طرف سے درخواستیں جمع کرائی گئیں، جس کے بعد یورپی یونین میں وہ سب سے بڑے گروہوں میں دوسرے نمبر پر آگئے۔ افغان شہریوں کی طرف سے سب سے زیادہ درخواستیں یونان میں جمع کرائی گئیں (تقریباً 11,000) پھر فرانس اور جرمنی میں (ہر ایک میں تقریباً 10,000) سے کچھ کم۔ یورپی یونین میں اوسطاً، افغانستان کے نصف درخواست دہندگان نے حالیہ برسوں میں پناہ حاصل کی ہے۔ ایسی درخواستوں کی شناخت کی شرح رکن ممالک میں مختلف ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر، 2020 میں یہ بلغاریہ میں 1% سے لے کر اٹلی میں پہلی بار 93% تک تھی۔ جون 2021 کے آخر میں، یورپی یونین کے ممالک میں ابھی تک زیر التوا 703,000 سیاسی پناہ کی درخواستوں میں سے 82,000 افغانوں کی طرف سے دائر کی گئیں (زیادہ تر جرمنی اور فرانس میں)۔ پاکستان نے اپنا ڈیٹا بیس پچھلے دو عشروں میں بہتر بنایا ہے۔ جامع دستاویزات اور رجسٹریشن کا عمل پناہ گزینوں سے متعلق گلوبل کمپیکٹ کے چاروں مقاصد میں کام آتا ہے۔ اس میں پناہ گزینوں کے سب سے بڑے ڈیٹا بیس میں سے ایک کی دیکھ بھال بھی شامل ہے، جس میں ان کی مکمل تفصیلات، بائیومیٹرکس اور بچے شامل ہیں۔ یہ پوری مشق حکومت پاکستان نے اپنی نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی کے ذریعے کی ہے۔ بین الاقوامی سطح پر اس کا بڑے پیمانے پر اعتراف کیا گیا ہے۔ اسی ڈیٹا بیس میں افغان پناہ گزینوں کا ریکارڈ ہے۔ اب جو غیر قانونی پناہ گزیں ہیں انہیں واپس بھیجا جارہا ہے۔ حکومت پاکستان نے چار دہائیوں کے دوران لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ اور تحفظ فراہم کیا ہے۔ افغان بہن بھائیوں کے تئیں پاکستانیوں کی سخاوت، مہمان نوازی اور ہمدردی مہاجرین کو ملنے والی محبت سے نمایاں ہوتی ہے۔ ان کی رجسٹریشن اور شناختی دستاویزات نے مفت اور سرکاری پرائمری تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، سبسڈی والی خوراک اور غیر غذائی اشیاء، پانی، بجلی، روزی روٹی کے مواقع اور دیگر ضروری خدمات تک ان کی رسائی کو آسان بنایا ہے۔ پاکستان میں مہاجرین کے لیے مختلف پیشہ ورانہ اور ہنر مندی کے پروگرام شروع کیے گئے۔ ہزاروں پناہ گزین مرد وخواتین کو کڑھائی، ٹیلرنگ، کمپیوٹنگ اور آئی ٹی، چٹائی، پلمبنگ، الیکٹریشن، اور بیوٹی ٹریٹمنٹ جیسے کاموں کی تربیت دی گئی۔

اورماڑہ جے یو آئی کی کابینہ کی تشکیل اور تحفظ ختم نبوت پر اجلاس

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ میں جمعیت علمائے اسلام کی جانب سے تحصیل کابینہ کی تشکیل اور کانفرنس تحفظ ختم نبوت پر ایک اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس جمیعت علما اسلام کے تحصیل اورماڑہ کے امیر مولانا محمد سجاد اور جنرل سیکرٹری حاجی محسن مجید کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمیعت علمائے اسلام کے تمام ممبران نے شرکت کی۔

نوشکی، ڈی سی امجد حسین سومرو بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

خضدار، یوم الفتح کانفرنس کی تیاریوں کے سلسلے میں ریلی

خضدار (آن لائن) مرزائی گروہ کے خلاف 7 ستمبر 1974 کو تاریخ ساز عدالتی فیصلہ کو پچاس مکمل ہونے پر یوم الفتح کانفرنس کی تیاریوں کے سلسلے میں ریلی۔ جے یو آئی کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت تفصیلات کے مطابق 7 ستمبر یوم الفتح کانفرنس مینار پاکستان لاہور جلسہ کے سلسلے میں جے یو آئی خضدار کی جانب سے موٹر سائیکل ریلی المرکز الاسلامی ٹاؤن شپ سے نکالی گئی جو کہ مختلف شاہراہوں سے ہوتا ہوا خضدار پریس کلب پہنچی جہاں ایک جلسہ کی شکل اختیار کی۔ ریلی شرکا سے ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا عنایت اللہ رودینی، تحصیل امیر قاری نذیر شاکر، تحصیلی باغبانہ امیر عبدالکریم متوکل، جنرل سیکریٹری تحصیل خضدار حافظ عبدالوحید ریسانی، جے یو آئی تحصیل نال کے نائب امیر مولانا رحمت اللہ مینگل، مولانا غلام رسول، حافظ بلال مردوئی، مفتی عبداللہ قلندرانی ودیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا ہے کہ 7 ستمبر 1974 پاکستان کی تاریخ کا وہ عظیم دن ہے کہ اس روز مسلمانوں کو عدالتی فیصلہ کے تحت فتح ملی۔

خاران، 9 سے 13 ستمبر تک انسداد پولیو مہم چلائی جائے گی، ڈاکٹر شیر احمد

محکمہ صحت کی تشکیل شدہ ٹیمیں گھر گھر جاکر ویکسینیشن میں حصہ لیں گی، ڈاکٹر منیر

خاران (نمائندہ خصوصی) محکمہ صحت اور ڈی ای او سی کے زیر اہتمام این جی اوز۔ سی بی اوز لوکل سپورٹ آرگنائزیشن کے نمائندوں کا ایم این سی ایچ ہال میں ایک ایڈووکیسی سیشن کا انعقاد کیا گیا سیشن میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خاران ڈاکٹر شیر احمد بلوچ۔ ڈی ایس او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر منیر بلوچ۔ یونیسیف آفیسر حمزہ قمبرانی نے شرکت کی سیشن کا مقصد پولیو پروگرام میں مقامی لوگوں کو پولیو کے حوالے سے خصوصی سیشن دیا گیا اور اس ایڈووکیسی سیشن کا مقصد پولیو پروگرام میں مقامی لوگوں کا تعاون خصوصی درکار ہوگا سیشن میں حمزہ قمبرانی نے سیشن کا اغراض ومقاصد اور ڈاکٹر منیر بلوچ نے پولیو پروگرام پر تفصیلی اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پولیو پروگرام کے جو 9 ستمبر سے 13 ستمبر تک مہم چلائی جارہی ہیں محکمہ صحت خاران کے تشکیل شدہ ٹیمیں گھر گھر جاکر ویکسینیشن میں حصہ لینگے اور اس سلسلے میں مقامی تنظیموں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہیں۔ ایل ایس او کے مسعود عزیز اور دوسرے شرکاء نے بھی اظہار خیال کیے سیشن کے آخر میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خاران ڈاکٹر شیر احمد بلوچ نے مقامی تنظیموں کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ بھرپور سپورٹ کرینگے کیونکہ پولیو ایک جان لیوا مرض ہیں اس کی تدارک کے لئے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لائی جارہی ہیں اور اس سلسلے میں محکمہ صحت کے ٹیمیں پورے ضلع خاران میں گھر گھر جاکر ویکسینیشن کرینگے تاکہ اس دوران کوئی بچہ رہ نہ جائے اس حوالے سے معاشرے میں رہنے والے ہر طبقہ فکر کے لئے لازمی ہیں وہ اپنا کردار ادا کرتے ہوتے پولیو مہم کے دوران ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کرے تاکہ کوئی بھی بچہ اس مہم کے دوران رہ نہ جائے اور لوگوں میں شعور اگاہی دلانا ہم سب کی ذمہ داریاں بنتی ہیں کہ وہ لوگوں کو پولیو کے خطرات سے متعلق شعور اگاہی دے کوئی ایک چھوٹی سی غفلت کی وجہ سے ایک بچہ پورے زندگی کے لئے معذور بن سکتا ہیں اور آج کے اس سیشن کے توسط سے ہر ایک اپنے اپنے حساب سے لوگوں کو بالخصوص والدین کی ذہن سازی کرتے ہوئے اپنے بچوں کو دوران ویکسینیشن پولیو کے قطرے پلانے کے ساتھ ویکسین لگائیں۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔اور دو انگش اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420373232583 بنام سراج الدین ولد امیر جان کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03052294225 مطلع کریں
نمائندہ میزئی اڈہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 4540403420413 بنام بازخان بروہی ولد حاجی خان دشت کے ایریا میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03362840927 پر مطلع کریں
نمائندہ دشت۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گمشدگی شناختی کارڈ

مسلم باغ میرا قومی شناختی کارڈ بنام نور محمد ولد تاج میر مجھ سے کہی گم ہوگیا جس کو ملے پریس کلب مسلم باغ پہنچادے
نمائندہ مسلم باغ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

افتخار جمالی کو حسن کارکردگی سے نوازا جائے، عوامی حلقے

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد گورنمنٹ مڈل اسکول عبدالعزیز مینگل کے ہیڈ ماسٹر افتخار جمالی کی گورنمنٹ مڈل اسکول عبدالعزیز مینگل کے لیے خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں وہ نہایت ہی ایمانداری سے اپنے اسٹاف کے ساتھ مل کر اسکول کی بہتری کے لیے اپنے فرائض منصبی پوری ایمانداری سے ادا کررہے ہیں ہیڈ ماسٹر افتخار جمالی کی جتنی تعریف کی جائے کم ہیں کیونکہ ہیڈ ماسٹر افتخار جمالی صاحب نے اپنی مدد آپ کے تحت اسکول میں بہت سے کلاسوں کے لیے شیلٹر کا بندوبست کیا ہے کیونکہ طلباء شدید گرمی میں کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کر رہے تھے ہیڈ ماسٹر افتخار جمالی کی تعلیمی اوارے سے محبت دیکھ کر علاقے کے عوام طلباء اور شہریوں مسرت کا اظہار کیا ہے کیونکہ موصوف نے گورنمنٹ مڈل سکول عبدالعزیز مینگل کو ایک ماڈل اسکول کے طور پر بنایا ہے ان کی لگن اور محنت کی وجہ سے اس سکول کا تعلیمی ماحول اور درس تدریس کا کام آئے دن بہترین طریقے سے جاری ہے جبکہ سیاسی سماجی وعوامی حلقوں نے صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ درانی چیف سیکرٹری بلوچستان سیکرٹری تعلیم بلوچستان ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر اوستہ محمد سے اپیل کی ہے

پولیو کے خاتمے کو ایک جہاد سمجھ کر اسکا مقابلہ کرنا ہوگا، کمشنر لورالائی

پورے پاکستان میں پولیو کے 17 کیس سامنے آئے ہیں جن میں سے 12 بلوچستان سے ہیں، سعادت حسن

لورالائی اور دکی سے جو سیمپل ٹیسٹ این آئی ایچ اسلام آباد کے لئے بھیجے تھے وہ مسلسل تین ماہ سے پازیٹیو آ رہے ہیں

لورالائی (نامہ نگار) کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن نے کہا کہ انتہائی افسوس ناک بات تو یہ ہے کہ پورے پاکستان میں پولیو کے 17 کیس سامنے آئے ہیں ان کیسوں میں 12 کیس بلوچستان کے مختلف اضلاع سے سامنے آئے ہیں لورالائی ڈویژن میں چند سالوں سے کوئی کیس سامنے نہیں آیا ہے بڑی پریشانی کی بات یہ ہے کہ لورالائی اور دکی سے جو سیمپل ٹیسٹ این آئی ایچ اسلام آباد کے لئے بھیجے تھے وہ مسلسل تین ماہ سے پازیٹیو آرہے ہیں خدارا پولیو کو ہم سب نے سیریس لینا ہوگا کیسا پولیو ہے جو کئی سالوں میں ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا ہم سب جو پولیو کے خاتمے کو ایک جہاد سمجھ کر اسکا مقابلہ کرنا ہوگا اور ہر طبقہ فکر کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ہر پولیو ٹیم سیکورٹی کے بغیر اکیلی نہ جائے اور سکیورٹی ادارے اور سب مکمل ایک ٹیم کے کام کریں 9 ستمبر سے 13 ستمبر 2024 کو شروع ہونے والی پولیو مہم میں لورالائی ڈویژن میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کی تعداد 190512 ٹارگٹ ہے 4 اضلاع کی 58 یونین کونسلز میں 596 موبائل ٹیمیں جس میں فکسڈ سائیٹ 32 ٹیمیں ٹرانزٹ پوائنٹس 26 تشکیل دی گئی ہیں ٹیمیں گھر گھر جاکر پولیو کے قطرے پلائیں گی کمشنر لورالائی سعادت حسن نے ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں باقاعدہ بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈاکٹر ایاز احمد اریا کوآرڈینیٹر لورالائی ڈویژن ڈبلیو ایچ او، ایم ایس لورالائی ڈاکٹر محمد نعیم۔ ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر محمد اشرف۔ یونیسف کے نمائندے محمد ہاشم۔ پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم ڈاکٹر فرحان۔ اے ڈی ایس ایم عبدالسلام کبزئی۔ سینئر صحافی ملک امانت حسین کاکڑ، دولت خان کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے

ژوب، اساتذہ کے حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، جی ٹی آئی

ژوب (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوی ایشن ضلع ژوب کے ضلعی سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ آرٹی ایس ایم ژوب نے مارچ سے اگست تک جو بھی رپورٹنگ کی ہے وہ بالکل غلط ہے حاضر ٹیچرز کو غیر حاضر قرار دیا گیا ہے جو کہ بیوروکریسی کا جال ہے جی ٹی اے ژوب اس طرح کی رپورٹنگ کو مسترد کرتے ہیں اور اس اقدام کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا اور احتجاج کا لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔

اٹک سیمنٹ فیکٹری کی جانب سے طلبہ وطالبات میں یونیفارم اور شوز کی تقسیم

حب (یو این اے) اٹک سیمنٹ فیکٹری کے ڈپٹی جنرل منیجر کیپٹن تنویر عالم ملک کی کاوشوں سے اٹک سیمنٹ فیکٹری کی طرف سے فیلکن پبلک اسکول کے تمام طلبہ وطالبات میں اسکول یونیفارم اور شوز تقسیم کیے گئے اس پروگرام میں مہمان خاص کیپٹن طارق تھے اس کے علاوہ اسکول پرنسپل ہیبت خان پبلک ریلیشن آفیسر رحمت اللہ مینگل، راشد بھوتانی سمیت اسکول کے تمام اساتذہ کرام موجود تھے۔

قلعہ عبداللہ، اے سی شبیک حیات بلوچ کی قیادت میں یوم دفاع کی مناسبت سے ریلی نکالی جارہی ہے

ڈی سی نوشکی امجد سومرو نے بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا

36 ہزار 774 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، ڈاکٹر فرید

نوشکی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو نے پولیو مہم کے سلسلے میں بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر دیا ڈی ایچ او نوشکی صاحبزادہ ڈاکٹر فرید احمد ایم ایس ڈاکٹر ظفر مینگل ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل ڈپٹی ایجوکیشن افیسر حمید اللہ جمالدینی نے بھی بچوں کو قطرے پلائے ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر صاحبزادہ فرید احمد نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم 9 ستمبر سے 15 ستمبر تک جاری رہے گی ٹارگٹ 36 ہزار 774 بچے 164 موبائل ٹیمیں فکس پوائنٹ 15 ٹرانزٹ پوائنٹس 12 میل ٹیمیں 66 فیمیل ٹیمیں 98 یوسی ایم اوز 16 سے ایریا انچارج 37 ہونگے۔ اس موقع پر ڈی سی نوشکی امجد حسین سومرو نے کہا کہ والدین آنے نسل کو محفوظ بنانے کے لیے پانچ سال کی عمر تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں۔ پولیو ایک خطرناک مرض ہے اور ہمیں اپنے آنے والی نسلوں کو اس موذی مرض سے بچانے کیلئے پرخلوص کوششیں کرنا ہوگی انسداد پولیو مہم قومی فریضہ ہیں ہم سب کو ملکر اس موذی مرض کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لئے علماء سول سوسائٹی میڈیا و دیگر اپنا کردار ادا کرے

6 ستمبر مسلح افواج کی جرات وقربانی کی بے مثال جذبے کا عکاس ہے، دھنیش

نصیر آباد (نامہ نگار) سینیٹر دھنیش کمار پلیانی نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 6 ستمبر کا دن بہادر مسلح افواج کی جرات وقربانی کے بے مثال جذبے کا عکاس ہے۔ 59 سال قبل مسلح افواج اور غیور قوم نے دنیا پر ثابت کیا ہم ہر قیمت مادر وطن کے چپے چپے کے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری پرعزم قوم اور بہادر مسلح افواج ملک کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ ہم کسی بھی قسم کی صورتحال سے نبردآزما ہونے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ 6 ستمبر کے موقع پر اپنے شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

ڈپٹی کمشنر عقیل بلوچ کا دورہ پریس کلب کوہلو، صحافیوں سے ملاقات

کوہلو جیسے علاقے میں مثبت صحافت کے فروغ پر صحافی داد کے مستحق ہیں

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل بلوچ نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو کا دورہ کیا ہے جہاں انہوں نے صحافیوں سے ملاقات کی اور پریس کلب کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ قبائلی رہنما وڈیرہ رو نواز زنگ، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی کوہلو میر غازیخان کوہی مری، میر زرک مری، میر نعمت مری، وڈیرہ نظر و دیگر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل بلوچ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے میں آنکھ و کان کی حیثیت رکھتے ہیں کوہلو جیسے علاقے میں مثبت صحافت کے فروغ پر صحافی داد کے مستحق ہیں، مختلف محکموں سے متعلق لوگوں کے مسائل اور مجموعی طور پر علاقائی مسائل کی نشاندہی کی جائے تاکہ ان کے بروقت حل کے لئے اقدامات اٹھائیں جاسکے۔ ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو کے پلیٹ فارم پر جن مسائل کی نشاندہی ہوئی ہے ان تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے شہریوں کو ریلیف فراہم کی گئی ہے۔ اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو مجیب مری، جنرل سیکرٹری یوسف مری، سینئر صحافیوں سید ناظم شاہ مری، احمد نواز مری اور دوران بلوچ موجود تھے۔

پاک فوج نے ملک کے دفاع کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں، پاکستان زندہ باد موومنٹ

ملک ہمیں بڑی قربانیاں کے بعد ملا ہے اس کی حفاظت کرنا ہم سب پر لازم ہے، میر امداد مری

بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اپنے مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، سید عبدالقادر شاہ

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان افواج پر ہمیں فخر ہے پاک فوج نے ملک دفاع کے لئے لازوال قربانیاں دی ہیں ان کی بدولت ہم سکھ کا سانس لے رہے ہیں ملک ہمیں بڑی قربانیاں کے بعد ملا ہے اس کی حفاظت کرنا ہم سب پر لازم ہے بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اپنے مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاک افواج ایف سی اور پولیس کے جوانوں نے لازوال قربانیاں دی ہیں ہمیں ان شہداء پر فخر ہے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہے 6 ستمبر کا دن بہادر مسلح افواج کی جرات وقربانی کی بے مثال جذبے کا عکاس ہے 59 سال قبل مسلح افواج اور غیور قوم نے دنیا پر ثابت کیا ہم ہر قیمت مادر وطن کے چپے چپے کے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں پاکستان کی قوم اور بہادر مسلح افواج ملک کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں ملک کی جانب میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دیں گے ہم کسی بھی قسم کی صورتحال سے نبردآزما ہونے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ یوم دفاع کے موقع پر اپنے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں ہم پاکستان کے دفاع سلامتی اور خود مختاری کے تحفظ کے عزم کی تجدید کرتے ہیں اس عزم کی تجدید جس کا مظاہرہ 1965 کی جنگ کے شہداء اور غازیوں نے کیا تھا ان خیالات کا اظہار پاکستان زندہ باد موومنٹ نصیرآباد ڈویژن کے چیئرمین میر امداد حسین مری اور جنرل سیکرٹری سید عبدالقادر شاہ سمیت دیگر رہنماؤں نے یوم دفاع کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان زندہ آباد موومنٹ نصیرآباد ڈویژن کے چیئرمین میر امداد حسین مری کی جانب سے یوم دفاع کے موقع پر موم بتیاں جلا کر شمعیں روشن کی گئی

6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر ڈی سی امجد سومرو کی قیادت میں ریلی

وطن کے دفاع کی خاطر کسی بھی قربانی سے بھی گریز نہیں کریں گے، خطاب

نوشکی (نامہ نگار) 6 ستمبر یوم دفاع ریلی یوم دفاع کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو کی قیادت میں ریلی ڈی سی آفس سے نکل کر تحصیل روڈ سے ہوتے ہوئے ڈی سی آفس میں اختتام پزیر ہوئی ریلی میں ضلعی آفیسران ملازمین سول سوسائٹی نے شرکت کی اس موقع پر ڈی سی نوشکی امجد حسین سومرو نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پاک دھرتی کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں دفاع وطن کے لئے اپنی قیمتی جانیں نچھاور کرنے والے شہداء ہماری آن، بان اور شان ہیں 6 ستمبر کو پاکستانی فوج نے نہ صرف مادر وطن کا دفاع کیا بلکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا

ڈی سی کچھی سے پیپلز پارٹی کے وفد کی ملاقات، حفاظتی بندات پر تبادلہ خیال

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر کچھی سے پیپلز پارٹی کچھی کے وفد کی ملاقات تحصیل بھاگ اور دیگر علاقوں میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ حفاظتی بندات کی مضبوطی اور امدادی کارروائیوں پر تبادلہ خیال تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن پارٹی امور سول سیکرٹریٹ سید اقبال شاہ کی ہدایت پر پیپلز پارٹی ضلع کچھی کے صدر محمد افضل ساسولی میونسپل کمیٹی بھاگ کے وائس چیئرمین رئیس عثمان ہاشمی پیپلز پارٹی ضلع کچھی کے سیکرٹری اطلاعات اسلم بوہڑ میونسپل کمیٹی بھاگ کے کونسلر نثار احمد گوپانگ پر مشتمل نمائندہ وفد نے تحصیل بھاگ بالا ناڑی اور بھاگ شہر کو درپیش سیلابی خطرے سے تحفظ رکھنے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ر جمیل بلوچ کے ساتھ تفصیلی ملاقات کی اس موقع پر ایس ایس پی کچھی کیپٹن ر دوست محمد بگٹی اسسٹنٹ کمشنر بھاگ نوید بلوچ اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر قاضی پرویز احمد بھی موجود تھے وفد نے انہیں سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بھاگ بچاؤ بند کو مضبوط بنانے کے لیے بلڈوزر سمیت بھاری مشینری کی فوری فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا

چوری کے مقدمہ میں نامزد ملزمان کو گرفتار کیا جائے، نظام عمرانی

عدم گرفتاری پر ڈی آئی جی آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ دھرنا دینگے

نصیرآباد (نامہ نگار) نصیرآباد کے علاقے مانجھوٹی شہید معراج آباد عمرانی کے رہائشی قبائلی رہنما نظام الدین عمرانی نے کہا ہے کہ منگولی پولیس چوری اور معصوم بچی کو شدید زخمی کرنے کے واقعہ میں نامزد ملزمان کو گرفتار کرنے کے بجائے ان کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے کیونکہ ان کو علاقے کی با اثر افراد کی پشت پناہی حاصل ہے ہم انصاف کے لیے منگولی پولیس تھانہ کا چکر کاٹنے پر مجبور ہیں لیکن ہماری کوئی داد رسی نہیں کی جارہی ہے اگر ایک ہفتہ کے اندر ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا تو ڈی آئی جی آفس نصیرآباد کے سامنے احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دیا جائیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کو اپنا احتجاج ریکارڈ کرواتے ہوئے کیا نظام الدین عمرانی نے کہا کہ 23 اگست 2024 کی رات ہم اپنے گاؤں نزد شہید سراج آباد عمرانی مانجھوٹی میں مسمی ذاکر حسین کے ساتھ تھے کہ تین اشخاص موٹر سائیکل پر آئے اور چوری کی نیت سے ہمارے گھر میں داخل ہوئے اور موٹر سائیکل سمیت دیگر سامان لے جانے کی کوشش کی مگر ہم نے مزاحمت اور شور وغل شروع کی اسی دوران چوروں نے فائرنگ شروع کی جس کے باعث ہمارے پڑوسی محمد شریف جت کی سات سالہ بچی صدوری کو تانگ پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئی اور ملزمان رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے انہوں نے کہا کہ ہم نے ملزمان کو شناخت کرنے کے بعد ان کیخلاف منگولی پولیس تھانہ میں ایف آئی آر درج کروائی ہے مگر منگولی پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے کے بجائے ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے کیونکہ ملزمان کو بااثر افراد کی پشت پناہی حاصل ہے اس لیے ان کو گرفتار کرنے کے لیے کوئی کارروائی نہیں کررہی ہے انہوں نے ڈی آئی جی نصیرآباد رینج۔ اور ایس ایس پی نصیرآباد سے مطالبہ کیا ہے کہ چوری کے مقدمہ میں نامزد ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے بصورت ملزمان کی عدم گرفتاری کی صورت میں ایک ہفتہ کے بعد ہم ڈی آئی جی نصیرآباد رینج آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ وساتھ دھرنا دیا جائیگا۔

پیپلز پارٹی اوستہ محمد کا تحصیل انتظامیہ گنداخہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

گنداخہ اس وقت ڈیم میں تبدیل ہوگیا ہے، انسانی المیہ جنم لے رہا ہے، قدرت اللہ

تمبو (نامہ نگار) گنداخہ میں پاکستان پیپلز پارٹی اوستہ محمد، سوشل ایکٹیوسٹ فورم گنداخہ، مزدور کسان کے تحت آج ضلعی انتظامیہ اوستہ محمد، محکمہ اریگیشن کھیر تھر کینال سسٹم و ڈرینج، تحصیل انتظامیہ گنداخہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا گیا کہ نا اہل افسران کو ہٹایا جائے اور انکے خلاف کارروائی کی جائے گنداخہ اس وقت ڈیم کی شکل میں تبدیل ہوگیا ہے اور انسانی آفات سے نیا انسانی المیہ جنم لے رہا ہے فوری طور پر پانی کے نکاس کا بندوبست کرتے ہوئے متاثرین میں بلاتفریق دن کی روشنی میں عزت واحترام سے امدادی اشیاء تقسیم کیا جائے ساتھ میں بچے کے لئے صاف پانی اور صحت کی اداروں میں ضرورت کے مطابق ادویات فراہم کی جائے احتجاجی مظاہرے سے پاکستان پیپلز پارٹی اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی، تحصیل گنداخہ کے صدر میر سمیع اللہ جمالی، ڈرائیور ایسوسی ایشن کے بدھل لاشاری، یارمحمد خان جمالی، محمد عباس جمالی، بختیار فقیر بلال و دیگر شرکاء نے خطاب کیا اور سردارزادہ میر فیصل خان سربراہ اقوام جمالی میر ذوالفقار علی خان جمالی کو یاد بانی کارروائی کے 2022 کے سیلاب متاثرین نے 8 فروری کو آپکو اپنا نمائندہ منتخب کیا

خاران، ڈی ایچ او ڈاکٹر شیر احمد بلوچ ڈی ایس او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر منیر بلوچ و دیگر پولیو کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ، گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل احمد خان اچکزئی ایس ایچ او سید علیم آغا کی قیادت میں یوم دفاع کی مناسبت سے ریلی نکالی جارہی ہے

بلوچستان کے عوام کا احساس محرومی بڑھ رہا ہے، بی این پی عوامی

بلوچستان معدنی وسائل سے مالامال صوبہ ہے، گیس کوئلہ سونا چاندی اور تانبے کے وسیع ذخائر موجود ہیں

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور حقیقی قوم پرستوں سے ڈیلاک سے حالت بہتر ہو سکتے ہیں، میر اسرار زہری

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان میں احساس محرومیاں بڑھ رہا ہے صوبے کے حقیقی مسائل آج بھی وہی ہے بلوچستان میں صحت وتعلیم کی سہولیات اور روزگار کے مواقع کی عدم دستیابی اور بدامنی اور انتشار کی فضا تواتر سے بڑھ رہی ہے بلوچستان معدنی وسائل سے مالامال صوبہ ہے اس سرزمین میں گیس کوئلہ سونا چاندی اور تانبے کی وسیع ذخائر پوشیدہ ہے بلوچستان کے نوجوانوں میں بیروزگاری کا خاتمہ اور حقیقی قوم پرستوں سے ڈیلاک کی روش صوبے کے عوام کے حالت سنوارنے میں مددگار ثابت ہونگے ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے سربراہ میر اسرار اللہ خان زہری اپنے رہائشگاہ ڈیفینس کراچی میں بی این پی عوامی خضدار کے ضلعی آرگنائزر چیئرمین منیر احمد زہری کی قیادت میں ایک وفد سے ملاقات کی دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق سی سی میر حاجی محمد انور قلندرانی، ضلعی رہنماؤں حاجی منیر لانگو، عبدالرشید عمرانی، سلطان احمد مردوئی، مصور احمد زہری و دیگر موجود تھے۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا کہ بلوچ قوم پرستوں میں نااتفاق اور ذاتی انا پرستی کی عنصر موجود ہے اگر بلوچ قوم پرستوں میں اتحاد واتفاق کا فقدان نہ ہوتا تو آج سردار اختر جان مینگل کو استعفٰی کی دینے کی نوبت بھی نہ آتی انہوں نے کہا جب تک صوبے میں احساس محرومیوں کو ختم نہیں کیا جاتا اور بلوچستان کو معاشی طور پر مضبوط نہیں بنائے جاتے صوبے میں ترقی کی رفتار اور بلوچستان کی محرومیاں دور کئے بغیر قیام امن ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی این پی عوامی کے قیادت میں بلوچ عوام کے سیاسی شعوری کی پختگی بالغ نظری اور حقیقت پسندی کا ثبوت ملتا ہے بلوچستان کے عوام عرصہ دراز سے احساس محرومیوں کی وجہ سے مایوسی کا شکار ہے انکا ازالہ ناگزیر ہے۔ ایک سوال کے جواب پر میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا سردار اختر مینگل کا قومی اسمبلی کے نشست سے مستعفی ہونا انکا اپنا ذاتی فیصلہ ہے کسی کے ذاتی فیصلے پر تبصرہ درست عمل نہیں۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا بلوچ قوم پرستوں میں اگر اتحاد واتفاق اور ذاتی انا پرستی نہ ہوتے تو آج بلوچستان کے عوام کو حقیقی نمائندہ ضرور ملتے۔

دالبندین پریس کلب کا صحافی نثار احمد لہڑی کی شہادت پر اظہار افسوس

دالبندین (این این آئی) دالبندین پریس کلب رجسٹرڈ کی جانب سے مستونگ پریس کلب کے صحافی نثار احمد لہڑی کی شہادت پر اظہار افسوس دالبندین پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ حاجی عبدالستار کشانی، صدر حاجی فاروق سیاہ پاد، نائب صدر ظاہر شہزاد نوتیزئی، نائب صدر آغا علی دوست، جنرل سیکرٹری ریاض حسین ریکی، آفس سیکرٹری قمر زمان گورگیج اور سینئر صحافیوں حاجی نور احمد سیاہ پاد، علی احمد بلوچ، منظور راہی و دیگر نے مستونگ پریس کلب کے صحافی نثار احمد لہڑی کی شہادت پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ سے مطالبہ کی ہے فوری طور پر قاتلوں کو گرفتار کریں اور ان کے لواحقین اظہار تعزیت کیا

زندہ قومیں اپنی آزادی پہ سمجھوتہ نہیں کرتی، میر حیر بیار خان ڈوکی

آج کا دن ملک کی مسلح افواج کے غیر متزلزل عزم اور قربانی کی علامت ہے

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) زندہ قومیں اپنی آزادی پہ سمجھوتہ نہیں کرتی، 6 ستمبر ملکی سرحدوں کی حفاظت کرنے اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے، آج کا دن ملک کی مسلح افواج کے غیر متزلزل عزم اور قربانی کی علامت ہے۔ سردارزادہ میر حیر بیار خان ڈوکی۔ تفصیلات کے مطابق ممتاز قبائلی وسیاسی رہنما سردارزادہ میر حیر بیار خان ڈوکی نے یوم دفاع کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ زندہ قومیں اپنی بقا کی جنگ لڑتی رہتی ہیں اور وہ اپنی آزادی پہ قطعاً سمجھوتہ نہیں کرتی۔ 6 ستمبر 1965 کی جنگ میں بھارت کی لشکر کشی کا پاکستان کی مسلح افواج نے بڑی دیدہ دلیری سے مقابلہ کیا جس کے نتیجے میں بھارت کے اپنے علاقے بھی پاک فوج کے قبضے میں چلے گئے

نصیرآباد، نظام الدین عمرانی ودیگر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

تمبو، پیپلز پارٹی کے بلال خان عمرانی حماد خان عمرانی ودیگر سردار خان مغیر کی عیادت کر رہے ہیں

تمبو، ممتاز عمرانی مزمل خان عمرانی نثار احمد عمرانی کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)

APPLICATIONS ARE INVITED
FOR THE POSITION OF
DIRECTOR GENERAL
MARKET IMPLEMENTATION & REGULATORY AFFAIRS DEPARTMENT (MIRAD) QESCO, QUETTA

1. QESCO is one of the geographically largest Distribution Company of Electricity in the Public Sector serving more than 650000 consumers having 6000 employees with annual revenue base of more than Rs.85.94 Billion and consisting of operational area covering across Balochistan except Lasbela District. The Charter of QESCO is to provide reliable and safe electric power supply to its consumers in its jurisdiction.
2. Company intends to create a new department (MIRAD) for performing jobs under CTBCM. This new department (MIRAD) will be headed by a D.G (MIRAD) QESCO.
3. The company intends to hire a dynamic person for the post of D.G (MIRAD) QESCO. This position will provide leadership and direction to company for implantation of respective actions for the development of competitive electricity market in Pakistan and its operation afterwards. The MIRAD functions include bilateral power purchase contract agreement, legal and regulatory affairs, billing and settlement with market operator, demand forecasting and transmission planning. The department will be interface of QESCO with competitive trading bilateral contract market (CTBCM).

4. Qualification:
Bachelors or equivalent degree in Engineering/ Finance/ Accounting/Law/Management Sciences from reputable HEC recognized universities. A Masters degree will be an added advantage.

5. Experience:
Minimum 15-years of total experience including 10 years of experience in Power Sector. The candidate should possess strong knowledge of the technical, commercial and Financial matters of the utility business / power sector along with regulatory affairs contract management, and legal issues. Knowledge of competitive electricity markets will be an added advantage.

6. Age Limit:
Upper age limit Up to 62 years at the time of application

7. Nature of Employment:
The employment shall be purely on contract for an initial period of three (03) years, with annual performance evaluation to be conducted by the Board of Directors (BoD) QESCO.

8. Pay & Allowances:
M-4 salary package (Rs. 582,139/- Per Month inclusive with all allowances) as per QESCO MIRAD Service Rule.

9. How to apply:
- The applications must be submitted as following:-
  a. The signed application be submitted at below mentioned address through registered postal service/ courier service.
  b. The Application enclosing a detailed CV with personal and work references and a recent photograph must be reached (as per parameters mentioned at Para-03 to 05) in the office of Chief Executive Officer, Zarghoon Road Quetta Cantt., within 15 days positively from the publication of advertisement.
- Application incomplete in any respect or received after due date will not be entertained and no claim whatsoever thereof will be acceptable.
- The candidates already working in Govt./ Semi Govt./ Autonomous Public organizations can also apply through proper channel along with NOC of their department issued on its letter head.
- Candidates shall be required to produce all original documents at the time of interviews.
- QESCO reserves the right to withhold/ cancel the whole recruitment process at any stage without assigning any reason.
- Only short-listed candidates will be invited for interviews/ selection process.
- No TA/DA will be admissible for interview/ selection process.

PID(Q)85/24

Director General (HR & Admn)
Quetta Electric Supply Company (QESCO)
Office of the Chief Executive Officer, Zarghoon Road, Quetta, Cantt.

PAKISTAN CIVIL AVIATION AUTHORITY (PCAA)
پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی

OPPORTUNITY TO BECOME A PART OF PCAA'S PROFESSIONAL TEAM
SITUATION VACANT NOTICE NO. 12/2024

Pakistan Civil Aviation Authority requires services of qualified individuals to fill the following vacant posts where selection will be made purely on suitability and merit:-

Post	No. of Position	Prescribed Qualification & Experience	Quota & Pay Scale	Age Limit
Assistant Director Airworthiness (Aerospace) (EG-01)	Two (02)	• Bachelors in Aerospace Engineering from HEC recognized university with at least 2nd Division • Must have valid PEC Registration • Valid PCAA AML Holder • Airworthiness Management Experience will be preferred	• Merit-02 Pay Scale: 56,280-5,630-168,880	• 28 years
Assistant Director Airworthiness (Avionics) (EG-01)	Two (02)	• Bachelors in Avionics Engineering from HEC recognized university with at least 2nd Division • Must have valid PEC Registration • Valid PCAA AML Holder • Airworthiness Management Experience will be preferred	• Merit-02 Pay Scale: 56,280-5,630-168,880	• 28 years
Sr. Deputy Director Airworthiness (Avionics) (EG-04)	Two (02)	• Bachelors in Avionics Engineering from HEC recognized university with at least 2nd Division • Must have valid PEC Registration • Valid PCAA AML Holder • Five (05) Airworthiness Management Experience	• Merit-02 • Lump sum Pay: • 286,300/- per month (negotiable) with 5% annual increment • Contract: 03 years (Extendable)	• 35 years (including all age relaxations)
Sr. Deputy Director Airworthiness (Aerospace) (EG-04)	Two (02)	• Bachelors in Avionics Engineering from HEC recognized university with at least 2nd Division • Must have valid PEC Registration • Valid PCAA AML Holder • Five (05) Airworthiness Management Experience	• Merit-02 • Lump sum Pay: • 286,300/- per month (negotiable) with 5% annual increment • Contract: 03 years (Extendable)	• 35 years (including all age relaxations)

Application Procedure:
(a) Interested candidates are required to fill & submit Online Job Application Form available at www.caapakistan.com.pk within fifteen days from the date of this advertisement.
(b) Candidates will be required to upload scanned copies of certificate / degree of the required qualification only of the concerned post as mentioned above and CNIC while applying for the job.
(c) In case a candidate does not upload the above documents with the online application form, his/her application will be rejected.

Terms of Reference
i) Candidates not fulfilling the above requirements or submitting incomplete application shall not be considered.
ii) Test / Interview will be conducted at Karachi, Lahore, Islamabad, Peshawar and Quetta for which separate notices will be issued (depending on the number of candidates).
iii) The candidates to be called for the interview have to produce original documents for necessary verification while appearing for the interview.
iv) Age Relaxation as per Federal Govt rules will be allowed to the candidates applying for post mentioned at Sr. No. 1 & 2.
v) Successful candidates for the posts mentioned at Sr. No. 1 & 2 will have execute a surety bond of Rs.2,500,000/- for serving in PCAA for at least 10 years.
vi) No TA / DA is admissible for test / interview.
vii) Appointment will be subject to CAA's medical fitness standards.
viii) Selected candidates will be required to serve anywhere in Pakistan as per requirement of PCAA.
ix) Government servants / employees of autonomous bodies / corporations will be required to submit NOC from current employer before interview.
x) Application received after due date will not be considered / entertained.
xi) Misinformation and any attempt to influence the selection process will be considered as a definite disqualification for current as well as future recruitment in CAA, even if the candidate is otherwise qualified.
xii) In case, any educational documents or any other document provided by the applicants is found incorrect / fake / bogus at any stage, the services of selected candidate will be terminated immediately.
xiii) CAA encourages equal employment opportunity to women and people belonging to minorities.
xiv) CAA reserves the right to cancel the partial or whole recruitment process at any stage.

ADDITIONAL DIRECTOR HUMAN RESOURCES
HEADQUARTERS PAKISTAN CIVIL AVIATION AUTHORITY,
B-6, KDA SCHEME-1 KARSAZ KARACHI
Tel: 021-32521367 (Ext:3118)

PID(K)638/24
www.caapakistan.com.pk

پی سی بی کا بلوچستان کے کرکٹرز کیساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک جاری

چیمپئنز ون ڈے کرکٹ لیگ میں بلوچستان کے پرفامر باصلاحیت کرکٹرز ایک بار پھر نظر انداز، پلیئرز امپائرز اسکورز کوچز اور کرکٹرز میں شدید بے چینی

چیمپئنز ون ڈے کپ میں بلوچستان کے صرف دو کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا جن میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والا واحد ہنگوئی اور پشین سے تعلق رکھنے والا حسیب اللہ خان شامل ہے

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کا بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک جاری پاکستان کرکٹ ٹیم، پی ایس ایل، قائد اعظم ٹرافی، کے پی ایل و دیگر لیگز کے بعد چیمپئنز ون ڈے کرکٹ لیگ میں بلوچستان کے کھلاڑیوں کو نظر انداز کرنے کا سلسلہ بدستور جاری ہے، کھلاڑی مایوس تفصیلات کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ون ڈے کپ کے اسکواڈز کا اعلان کردیا جس میں بلوچستان کے کھلاڑیوں کو مکمل طور نظر انداز کردیا گیا ہے چیمپئنز ون ڈے کپ میں بلوچستان کے صرف دو کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا جن میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والا واحد ہنگوئی اور پشین سے تعلق رکھنے والا حسیب اللہ خان شامل ہے لیگ میں 20 رکنی اسکوڈ کے پانچ ٹیموں میں 100 کے قریب پلیئرز شامل ہے لیکن بدقسمتی سے 100 میں سے بلوچستان سے صرف دو پلیئرز پاکستان کرکٹ بورڈ کو نظر آئے چیمپئنز ون ڈے کپ میں پلیئرز کے علاوہ سابق کرکٹرز، کوچز، امپائرز، اسکوررز کو بھی ماضی کی طرح نظر انداز کیا گیا ہے۔

فیڈریشنز کیلئے این او سی کے حصول کی شرائط مزید سخت

لاہور (آن لائن) پاکستان سپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے فیڈریشنز کو ایونٹس میں شرکت کیلئے این او سی حاصل کرنے کے عمل میں مزید سخت شرائط عائد کر دیں۔ پی ایس بی کی نئی ہدایات کے مطابق فیڈریشنز کو این او سی حاصل کرتے وقت منتخب کھلاڑیوں کی کارکردگی کی تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی، فیڈریشنز کو کھلاڑیوں کی پروفائلز میں یہ واضح کرنا ہوگا کہ ان کا انتخاب کس بنیاد پر کیا گیا ہے۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے مطابق فیڈریشنز کو یہ بھی تصدیق کرنا ہوگی کہ کھلاڑیوں کا انتخاب مکمل طور پر میرٹ پر کیا گیا ہے۔

زم افرو ٹی 10: دوسرے سیزن کیلئے 6 پاکستانی کرکٹرز سائن کر لیے گئے

شرجیل خان، محمد عرفان، یاسر شاہ، حیدر علی، شاہنواز دھانی اور آصف علی ایکشن میں نظر آئیں گے

ہرارے (آن لائن) کرکٹ کا تیز ترین اور سب سے زیادہ تفریحی فارمیٹ ایک اور بلاک بسٹر سیزن کے ساتھ واپس آ گیا ہے جس میں دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ ٹی 10 کرکٹ کا یہ آئندہ سیزن بڑا اور بہتر ہونے ہوگا جس کا آغاز ہرارے میں زیم افرو ٹی 10 کے سیزن 2 سے ہوگا۔ اگلے چار ماہ میں ٹی 10 فارمیٹ ایشیا، شمالی امریکہ اور افریقہ میں کھیلا جائے گا۔ سیزن کا آغاز 21 سے 29 ستمبر تک ہرارے میں زیم افرو ٹی 10 کی واپسی کے ساتھ ہوگا اور اس کا پلیئر ڈرافٹ 8 ستمبر کو ہوگا۔ زیم افرو کی چھ فرنچائزز نے ڈرافٹ سے قبل اپنے آئیکون اور گلوبل سپر اسٹارز کو براہ راست معاہدے کے طور پر سائن کیا ہے تاکہ وہ اپنے 15 رکنی اسکواڈ کو مکمل کریں اور اضافی 16 ویں کھلاڑی کو گلوبل آئیکون کے طور پر شامل کریں۔ اسکواڈ میں زمبابوے کے 6 مقامی کھلاڑی اور آئیکون اور گلوبل اسٹار زمبابوے سے بھی ہو سکتے ہیں۔

لاہور، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی قذافی اسٹیڈیم کی توسیع کی تعمیر کا جائزہ لے رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا یوم دفاع کی مناسبت سے کھیلے گئے میچ کے دوران کھلاڑیوں سے تعارف کرایا جارہا ہے

کولمبو، ورلڈ یوتھ اسکریبل کے پہلے روز پاکستانی کھلاڑی چھائے رہے

پہلے روز کے اختتام پر ٹاپ 10 میں 6 پاکستانی کھلاڑی شامل، 12 سالہ احمد سلمان تمام 8 گیمز میں پہلی پوزیشن

کولمبو (این این آئی) کولمبو میں ورلڈ یوتھ اسکریبل چیمپئن شپ کے پہلے روز پاکستانی کھلاڑی چھائے رہے، پہلے روز کے اختتام پر ٹاپ 10 میں 6 پاکستانی کھلاڑی شامل ہیں۔ 12 سالہ احمد سلمان تمام 8 گیمز جیت کر پہلی پوزیشن پر ہیں، وہ ایونٹ میں شریک تمام 138 پلیئرز میں واحد ناقابل شکست پلیئر ہیں۔ پاکستان کے 16 سالہ عفان سلمان 7 گیمز جیت کر دوسری پوزیشن پر براجمان ہیں جبکہ بھارت کے مادھو کامت نے تیسری پوزیشن پر قبضہ کر رکھا ہے۔ پاکستان کے احزم احمد 7 گیمز جیت کر چوتھے، بلال اشعر پانچویں، منال اشعر چھٹے اور محمد یاوان 10 ویں نمبر پر ہیں۔ سائیڈ ٹورنامنٹ میں پاکستان کے وسیم کھتری ٹاپ پوزیشن پر ہیں، انہوں نے پہلے روز 7 میں سے 6 گیمز میں حریفوں کو مات دی۔ چیمپئن شپ کے دوسرے روز 9 گیمز کھیلے جائیں گے۔

چیمپئنز ون ڈے کپ کا مقصد ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کا فرق کم کرنا ہے، ندیم خان

ٹورنامنٹ ڈائریکٹر چیمپئنز ون ڈے کپ چیمپئنز ٹرافی کے تناظر میں اس ٹورنامنٹ کی بڑی اہمیت ہے، ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس

لاہور (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس اور ٹورنامنٹ ڈائریکٹر چیمپئنز ون ڈے کپ، سابق ٹیسٹ کرکٹر ندیم خان کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ون ڈے کپ میں بہترین کرکٹرز حصہ لے رہے ہیں اور اس ٹورنامنٹ کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ انٹرنیشنل کرکٹ اور ڈومیسٹک کرکٹ کے درمیان جو فرق ہے اسے کم کرنے میں یہ ٹورنامنٹ اپنا کردار ادا کرے۔ یاد رہے کہ چیمپئنز ون ڈے کپ 12 ستمبر سے فیصل آباد میں شروع ہو رہا ہے جس میں پانچ ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ندیم خان نے کہا کہ اس ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کو ملک میں موجود پانچ اکیڈمیز سے منسلک کردیا گیا ہے۔ ان پانچوں ٹیموں کو بہترین کوچنگ اسٹاف مہیا کیا گیا ہے۔ پی سی بی نے ان ٹیموں کے لئے ہائی پروفائل مینٹورز بھی رکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال پاکستان کی میزبانی میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے پیش نظر اس چیمپئنز کپ کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔

بھارت سمیت تمام ٹیمیں چیمپئنز ٹرافی کھیلنے پاکستان آئیں گی، چیئرمین پی سی بی

جے شاہ کے آئی سی سی چیئرمین بننے سے کوئی پریشانی نہیں، ان سے ساتھ رابطہ رہتا ہے، اے سی سی میٹنگز میں بھی ان سے ملاقات رہتی ہے، گفتگو

ٹیم اچھا نہ کھیلے، سلیکشن کی غلطی ہو یا کوچ کی، ہارنے کے بعد سب مجھ پر آتا ہے، پاکستان انگلینڈ سیریز پاکستان میں ہی ہوگی، کوئی ٹیسٹ باہر نہیں ہوگا، چیئرمین پی سی بی

لاہور (آن لائن) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ بھارت سمیت تمام ٹیمیں چیمپئنز ٹرافی کھیلنے کے لیے پاکستان آئیں گی۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لینے کے لیے دورے کے موقع پر میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے سربراہ پی سی بی نے کہا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کے سیکرٹری جے شاہ کے آئی سی سی چیئرمین بننے سے کوئی پریشانی نہیں، ان کے ساتھ رابطہ رہتا ہے، اے سی سی میٹنگز میں بھی ان سے ملاقات رہتی ہے اور آئی سی سی سمیت ہر ممبر ملک کے ساتھ بات چیت ہوتی رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سمیت تمام ٹیمیں چیمپئنز ٹرافی کھیلنے پاکستان آئیں گی، جس میں ہم تمام مہمان ٹیموں کی شاندار میزبانی کریں گے۔ قومی ٹیم کے کپتانوں پر بات کرتے ہوئے چیئرمین پی سی بی کا کہنا تھا کہ کپتانوں سے متعلق فیصلہ کوچ اور سلیکٹرز کریں گے۔

پاکستانی علی رضا اور بھارتی سنگرام 21 ستمبر کو سنگھ ایم ایم اے میں مدمقابل آئیں گے

دبئی (آن لائن) پاکستانی مکسڈ مارشل آرٹسٹ علی رضا ناصر 21 ستمبر کو جارجیا کے شہر تبلیسی میں گاما انٹرنیشنل فائٹنگ چیمپئن شپ میں بھارت کے سنگرام سنگھ سے مقابلہ کریں گے۔ سنگرام سنگھ ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا کے سابق سفیر ہیں۔ علی رضا ناصر کے خلاف مقابلہ سے وہ اپنا ایم ایم اے کیریئر بھی شروع کریں گے۔ یہ غیر معمولی موقع ناصر کے کیریئر کے لئے بھی ایک اہم لمحہ ہے کیونکہ وہ عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرنے جا رہے ہیں توقع ہے کہ اس سے پاکستان میں ایم ایم اے کی مقبولیت بڑھے گی اور فائٹرز کو اپنی جانب متوجہ کرے گا ریسلنگ میں متاثر کن ریکارڈ رکھنے والے سنگھ ایم ایم اے میں کامیابی کے لئے پرامید ہیں۔

بھارتی اولمپک خاتون ریسلر نے بھی سیاست کے میدان میں قدم رکھ لیا

بھارتی ریسلر ونیش پھوگٹ اور بجرنگ پونیا کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی

نئی دہلی (آن لائن) بھارت کے اولمپک ریسلرز ونیش پھوگٹ اور بجرنگ پونیا نے سیاست میں قدم رکھا اور اپوزیشن جماعت کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی ریسلر ونیش پھوگٹ اور بجرنگ پونیا نے ریسلنگ کے سربراہ کے خلاف جنسی ہراسانی کے حوالے سے احتجاج کے ایک سال بعد جتنے کو کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ ہریانہ میں صوبائی انتخابات سے ایک ہفتہ قبل بھارت کے دونوں اولمپک ریسلرز نے سیاست میں داخل ہونے کا اعلان کیا، ان کی ریاست میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی ہندو قوم پرست حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) مسلسل تیسری مرتبہ حکومت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

نیشنز لیگ میں پرتگال کے فارورڈ کرسٹیانو رونالڈو کروشیا کے خلاف میچ کے دوران گیند سے دوڑ رہے ہیں

پاکستان کرکٹ کے مستقبل کا لائحہ عمل طے کرنے کیلئے اعلیٰ سطح اجلاس کے انعقاد کا فیصلہ

اجلاس میں ریڈ اور وائٹ بال کے ہیڈ کوچز جیسن گلیسپی، گیری کرسٹن، انٹرنیشنل، ڈومیسٹک اور ہائی پرفارمنس کے سربراہان بھی شرکت کریں گے

ریڈ اور وائٹ بال کوچز آپس میں بھی میٹنگز کریں گے، وائٹ اور ریڈ بال کے کپتانوں کی تبدیلی کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال ہوگا، رپورٹ

لاہور (آن لائن) پاکستان کرکٹ کے مستقبل کا لائحہ عمل طے کرنے کے لیے اعلیٰ سطح اجلاس اور ورکشاپ کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کی صدارت چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس اور ورکشاپ کو کنکشن کیمپ کا نام دیا گیا ہے، کنکشن کیمپ 22 ستمبر کو ہونے کا امکان ہے۔ اجلاس میں ریڈ اور وائٹ بال کے ہیڈ کوچز جیسن گلیسپی، گیری کرسٹن، انٹرنیشنل، ڈومیسٹک اور ہائی پرفارمنس کے سربراہان بھی شرکت کریں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں سینٹرل کنٹریکٹ کرکٹرز، کوچز اور پی سی بی کے سینٹرل آف ایکسیلنس بھی شریک ہوں گے۔ کنکشن کیمپ میں سامنے آنے والی تجاویز کی روشنی میں مستقبل کے فیصلے ہوں گے۔ گیری کرسٹن جولائی میں اپنی رپورٹ پیش کرنے کے بعد وطن واپس چلے گئے تھے جبکہ جیسن گلیسپی بنگلادیش کے خلاف سیریز کے بعد آسٹریلیا چلے گئے تھے۔

زوردار چھینک نے فٹبالر کو زخمی کردیا، سکواڈ سے باہر

'وکٹر ایک طاقتور لڑکا ہے، اور اس کی چھینکیں بھی طاقتور ہیں' کوچ کے تاثرات

لندن (آن لائن) انگلینڈ میں ایک فٹبال میچ کے دوران کھلاڑی کو زوردار چھینک کے بعد زخمی ہونے پر کھیل سے باہر کردیا گیا۔ بولٹن وانڈررز کے اسٹرائیکر وکٹر اڈیبوجا نے منگل کو پیرو میں برسٹل سٹریٹ موٹرز ٹرافی گروپ گیم میں حصہ لینا تھا، تاہم، ان کی کمر اور پسلیوں میں تکلیف کی وجہ سے انہیں اسکواڈ سے باہر ہونا پڑا۔ ٹیم کے مینیجر ایان ایویٹ نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ وکٹر کو دوراً ایک "بہت بھاری چھینک" کی وجہ سے ہوا ہے۔ انہوں نے دی بولٹن نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وکٹر کمر کی شدید چوٹ سے دوچار ہے اور یہ چھینک کی وجہ سے ہوا ہے۔ چھبیس سالہ وکٹر کا اس کے بعد اسکین ہوا۔ مینیجر ایویٹ نے کہا کہ اس کی پسلیوں کے درمیان تھوڑا سا شگاف محسوس کیا گیا ہے اور ہمیں امید ہے کہ یہ صرف کارٹیلج یا پٹھوں کا مسئلہ ہے، لیکن جب تک ہم اسکین کو اچھی طرح سے نہیں دیکھ لیں گے، ہم نہیں جان پائیں گے۔ یہ واقعہ چارلٹن کے خلاف کھیل کے دوران پیش آیا۔

پیرالمپکس، مریم نواز کی کانسی کا تمغہ جیتنے پر حیدر علی کو مبارکباد

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پیرالمپکس میں کانسی کا تمغہ جیتنے پر حیدر علی کو مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (ڈسکس تھرو) گولا پھینکنے میں اعلیٰ کارکردگی پر حیدر علی کو شاباش دی۔ مریم نواز نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حیدر علی کی پیرالمپکس میں کامیابی نشان منزل ہے، منزل حاصل کرنے کے لئے خوب محنت کریں۔

بلوچستان تیر اندازی ایسوسی ایشن صوبے میں تیر اندازی کیلئے کاوشیں کر رہی ہے، امین بادینی

تیر اندازی کھیل کے فروغ کے لئے قومی وصوبائی سپورٹس پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں، صدر تیر اندازی ایسوسی ایشن

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان تیر اندازی ایسوسی ایشن کے صدر محمد امین بادینی نے کہا کہ بلوچستان تیر اندازی ایسوسی ایشن صوبے میں تیر اندازی کھیل کے فروغ کے لئے قومی وصوبائی سپورٹس پالیسیوں پر عمل پیرا ہوتے ہوتے تیر اندازی کھیل کو گراس روٹ لیول فروغ دینے کے منظم بنیادوں پر کاوشیں کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کوئٹہ کے زیر اہتمام دی سٹی سکول کوئٹہ کے فٹ بال گراونڈ میں شہر کے مختلف سکولوں کے طلبہ کو تیر اندازی (آرچری) کھیل سکھانے کے سلسلے میں 7 ستمبر 2024 کو تربیتی کیمپ کے انعقاد کے موقع پر کیا انہوں نے سیکریٹری تعلیم بلوچستان صالح محمد ناصر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ نصیر علی شاہ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا جنہوں نے ضلع کوئٹہ کے پبلک و پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں تیر اندازی (آرچری) کھیل کے تربیتی کیمپ لگانے کی اجازت دی انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل کھیل بلوچستان ڈاکٹر محمد یاسر خان بازئی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد آصف لانگو کے تعاون سے شہر کے مختلف سکولوں میں تیر اندازی ٹریننگ کیمپس کا انعقاد ہو رہا ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان تیر اندازی ایسوسی ایشن اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کوئٹہ کے زیر اہتمام مقامی سکول سکول کوئٹہ میں منعقدہ تیر اندازی کیمپ میں کھلاڑیوں کا محمد امین بادینی، رشید خان و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

دونوں ٹانگوں سے محروم امریکی ایتھلیٹ نے 400 میٹر دوڑ میں گولڈ میڈل جیت لیا

25 سالہ ووڈہال کی اہلیہ تاراڈیوس ووڈ نے بھی پیرس اولمپکس 2024 میں خواتین کے لانگ جمپ ایونٹ میں گولڈ میڈل اپنے نام کیا تھا

وہ بہت مسرور ہوں کہ ہمارے گھر دو گولڈ میڈلز جائیں گے، ووڈہال، 4 بائی 100 میٹر ریلے ریس میں برانز میڈل جیتنے والی امریکی ٹیم کا بھی حصہ بنے

پیرس (آن لائن) دونوں ٹانگوں سے محروم امریکی ایتھلیٹ نے پیرس پیرالمپکس میں مردوں کی 400 میٹر دوڑ جیت کر گولڈ میڈل حاصل کرلیا۔ 25 سالہ ووڈہال کی اہلیہ تاراڈیوس ووڈ نے بھی پیرس اولمپکس 2024 میں خواتین کے لانگ جمپ ایونٹ میں گولڈ میڈل اپنے نام کیا تھا۔ پیرالمپکس میں تین مرتبہ کے میڈلسٹ ووڈ ہال نے مقررہ فاصلہ 46.32 سیکنڈز میں طے کرکے جیت کو گلے لگایا۔ ووڈ ہال نے کہا کہ وہ بہت مسرور ہیں کہ ہمارے گھر دو گولڈ میڈلز جائیں گے، ووڈہال 4 بائی 100 میٹر ریلے ریس میں برانز میڈل جیتنے والی امریکی ٹیم کا بھی حصہ بنے۔ واضح رہے کہ ایک بیماری کے سبب محض 11 ماہ کی عمر میں ووڈ کی نچلی ٹانگیں کاٹ دی گئی تھیں، ان کی تارا سے ہائی اسکول کے زمانے میں شناسائی ہوئی تھی، بعدازاں دونوں مزید تعلیم کی غرض سے دور ہوگئے تھے۔

ٹیسٹ کپتان شان مسعود کی کپتانی انڈر اسکروٹنی آ گئی

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے لائحہ عمل کیلئے اعلیٰ سطح اجلاس اور ورکشاپ کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس اور ورکشاپ کو کنکشن کیمپ کا نام دیا گیا ہے، کنکشن کیمپ 22 ستمبر کو ہونے کا امکان ہے، جس کی صدارت چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کریں گے اور وہ ورکشاپ میں بھی شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ کنکشن کیمپ میں ریڈ اور وائٹ بال کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی اور گیری کرسٹن بھی شریک ہوں گے۔

پیرالمپکس میں چین کے سوئمرز نے ورلڈ ریکارڈ بنا ڈالے

ایونٹ کے آٹھویں دن چینی تیراکوں نے ایک دن میں دو بار عالمی ریکارڈ توڑ دیا

پیرس (آن لائن) پیرالمپکس میں چین کے سوئمرز نے ورلڈ ریکارڈ بنا ڈالے۔ ایونٹ کے آٹھویں دن چینی تیراکوں نے ایک دن میں دو بار عالمی ریکارڈ توڑ دیا۔ چین کے تیراکوں نے پیرس لا ڈیفنس ایرینا میں 4×50 میٹر میڈلے ریلے 20 پوائنٹس کے مکسڈ فائنل میں ٹیم امریکہ کو شکست دے کر پیرس پیرالمپکس میں چینی وفد کے لیے 70 واں طلائی تمغہ حاصل کیا اور کھیلوں کے میڈل ٹیبل میں اپنی پوزیشن مستحکم کرلی۔ ویمنز کی 50 میٹر سائٹنگ میں ڈونگ لو اور مردوں میں جن چینگ نے سونے کا تمغہ جیت لیا۔ ڈونگ لو، ژانگ لی، وانگ لیچاؤ اور جن چینگ پر مشتمل چینی ٹیم نے 2:32.84 کے وقت کے ساتھ اختتام کیا اور ایک دن میں دوسری بار عالمی ریکارڈ توڑ دیا۔ اس سے صرف دو گھنٹے قبل جن چینگ نے مردوں کی 50 میٹر فری اسٹائل ایس 5 کے فائنل میں نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا اور پیرس 2024 کا اپنا تیسرا طلائی تمغہ جیتا تھا۔ ان کے ساتھیوں یوآن ویئی اور وانگ لیچاؤ نے بالترتیب چاندی اور کانسی کے تمغے حاصل کیے۔

تمبو، صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے چچا ظریف مندوخیل کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

6 ستمبر یوم دفاع پاکستان، صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کی کال پر ریلی

شرکاء نے سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے

صحبت پور (نمائندہ مشرق) 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر پاک فوج کے ان شہداء کے لازوال عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے حوالے سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کی کال پر ضلعی چیئرمین محمد علی خان کھوسہ کی قیادت میں کھوسہ ہاؤس صحبت پور سے شاندار ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے بلند کیے، ریلی میں کثیر تعداد میں شرکاء موجود تھے اس موقع پر ضلعی چیئرمین بابے محمد علی خان کھوسہ، میر عبدالمجید خان کھوسہ، مسلم لیگ ن نصیرآباد کے جنرل سیکرٹری میاں محمد حسین گولہ، ایڈوکیٹ علی حسن کھوسہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر پاک فوج کے شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور جنہوں نے مادر وطن کی دفاع کے اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا اور اب بھی پاک افواج کے جوان ملک اور قوم کی سلامتی اور استحکام کے لیے ہر محاذ پر ڈٹے ہوئے ہیں اور ملک دشمن قوتوں کا بھرپور مقابلہ کر رہے ہیں ہمیں اپنے پاک افواج پر فخر ہے انہوں نے مزید کہا کہ یوم دفاع پاکستان منانے کا مقصد دراصل دشمن قوتوں کے لئے اس پیغام کا اعادہ ہے کہ 1965ء میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جس عزم اور جرأت کا مظاہرہ کیا گیا آئندہ بھی عوام اپنی پاک افواج سے ملکر مادر وطن کی حفاظت کے لیئے کوئی کسر نہ چھوڑیں گے مزید کہا کہ ہم سب ملکر قومی مسائل کا مقابلہ قائد کے اصولوں ایمان، اتحاد اور تنظیم پر کار بند رہ کر کریں گے اور محنت و لگن سے ملکی ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں آج ہم تمام شہداء غازیوں کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں

پولیو مرض کے خاتمے میں میڈیا کا کردار خصوصی اہمیت کا حامل ہے

میڈیا اور والدین کے تعاون کے بغیر پاکستان سے پولیو کا خاتمہ ناممکن ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) عالمی ادارہ صحت WHO نصیرآباد کے ڈسٹرکٹ سرویلنس آفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس کھیتران نے کہا ہے کہ دنیا بھر کے ممالک سے پولیو کے موذی مرض کا خاتمہ ہو چکا ہے لیکن بدقسمتی سے پاکستان اور افغانستان میں ابھی تک یہ مرض پایا جاتا ہے پاکستان میں پولیو کے 17 اور افغانستان میں پولیو کے 13 کیسز موجود ہیں یہ بات انہوں نے ڈیرہ مراد جمالی کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک روزہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندے شریک تھے ڈاکٹر عبدالقدوس نے کہا کہ پولیو کے موذی مرض کے خلاف قومی مہم کی کامیابی کے لیے شعور کی بیداری میں میڈیا کا کردار کردار خصوصی اہمیت کا حامل ہے انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے میڈیا اور بچوں کے والدین کا تعاون ناگزیر ہے جن کے تعاون کے بغیر پاکستان سے پولیو کا خاتمہ ممکن نہیں ہے انہوں نے کہا کہ میڈیا کی بدولت شعور وآگاہی کے باعث لوگ پولیو ورکرز سے تعاون کرنے پر آمادہ ہوتے ہیں تاکہ کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے رہ نہ جائے انہوں نے کہا کہ ہر معذور یا کمزور بچہ پولیو زدہ نہیں ہوتا اس کے لیے اے ایف پی کے ذریعے بچوں کا ٹیسٹ کرانا ضروری ہے اس موقع پر سی او صدام حسین منگریو نے شرکاء کو پولیو مہم کے بارے میں بریفنگ دی۔

6 ستمبر یوم دفاع کی مناسبت سے دالبندین میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

ایف سی کے چاق و چوبند دستے کی سلامی، یادگار شہداء پر پھول چڑھائے گئے

دالبندین نمائندہ خصوصی۔ بیورو چیف) 6 ستمبر یوم دفاع کی مناسبت سے چاغی کے ہیڈکوارٹر دالبندین میں تقریب برگیڈیئر سجاد علی شاہ و دیگر آفیسران کی خصوصی شرکت تفصیلات کے مطابق دالبندین ہیڈ کوارٹر میں یادگار شہداء پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں برگیڈیئر سجاد علی شاہ دالبندین ایف سی ہیڈ کوارٹر، ڈپٹی کمشنر چاغی عتیق الرحمن شاہوانی، ایس پی چاغی حسین احمد لہڑی، اسسٹنٹ کمشنر دالبندین عبدالباسط بزدار، کسٹم انسپکٹر وطن دوست، پرنسپل زبیر احمد مینگل، کیپٹن شکر اللہ، دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پاد، قبائلی عمائدین سابقہ بلدیہ چیئرمین میر علی جان نوتیزئی، سردار عبدالغیاث بڑیچ، سیٹھ برج لال، ودیگر آفیسران، کالج اور اسکول کے اسٹوڈنٹس نے شرکت کی ایف سی کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی یادگار شہداء پر پھول چڑھائے اور دعا کی گئی تقریب سے برگیڈیئر سجاد علی شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا اس ملک کی دفاع کے لئے بے شمار جوانوں نے قربانیاں دی ہیں یہ ملک ایک نعمت ہے جب ہم دیگر ممالک جاتے ہیں تو ہمیں اپنی ملک کی یاد آتی ہے اس وقت کشمیر اور فلسطین کے مسلمانوں سے پوچھے آزادی کیا ہوتی ہے ہمارے پاس افغان بارڈر منسلک ہے جب ہمارے لوگ بارڈر کے اس پار جاتے ہیں

میرٹ پر نوجوانوں کی بھرتیوں سے فورسز کا مورال بلند ہوگا

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی کے بے روزگار اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان جنہوں نے پولیس میں بھرتی کے لیے اپلائی کر رکھا ہے اور پراسس جاری ہے گزشتہ روز ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج غفار قیصرانی نے ٹیسٹ دینے والے نوجوانوں سے کہا کہ انشاللہ میرٹ کی بنیاد پر بھرتیاں کی جائیں گی انہوں نے نوجوانوں سے کہا تھا کہ اگر کسی بھی کینڈیڈیٹ نے ملازمت کے لیے ایس پی۔ ڈی ایس پی۔ یا دیگر کسی پولیس افسر کو نوکری کے حصول کے لیے رقم دی ہوئی ہے تو فوراً اپنی رقم واپس لے لیں میرٹ پر جو کینڈیٹ پورا اترے گا اسکو ہی ملازمت ملے گی ڈی آئی جی کے اس بیان سے بے روزگار نوجوانوں میں ایک نیا جوش اور ولولہ پیدا ہوا ہے اور ایک نئی امید جاگ گئی ہے بے روزگار نوجوانوں نے کہا کہ ہم تو عرصہ دراز سے ہر محکمے کی خالی آسامیوں کے لیے اپلائی کر کے سفارشوں اور خریداری کی بھینٹ چڑھ کر ابتک بے روزگار ہیں اور اور تنگ ہونے کے قریب ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، تحصیلدار معظم علی جتوئی ایک سائل کا مسائل سن رہے ہیں

ملکی دفاع کیلئے جوانوں نے ہمیشہ خون کا نذرانہ پیش کیا ہے، میر وادود

جب بھی دشمن نے ہمارے دفاع پر حملہ کی کوشش کی اسے منہ توڑ جواب ملا ہے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ چیئرمین میر عبدالودود خان سنجرانی نے یوم دفاع کی مناسبت سے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے اس ملک کے دفاع کے لئے ہمارے بے شمار جوانوں نے اپنے خون کا نذرانہ پیش کیا ہے ہمیشہ دفاعی حوالے سے دشمن نے ناکام حملہ کی کوشش کی ہے منہ توڑ جواب ملا ہے انہوں نے مزید کہا چھ ستمبر کا دن ایک تاریخی دن ہے آج ہی کے دن دشمن نے جو خواب دیکھا تھا مگر ہمارے دفاعی حالات کے جوانوں نے اپنا سینہ تان کر دشمن کے خواب کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیئے چکنا چور کر دیا ہمیں اپنے چھ ستمبر کے شہداء پر فخر ہے اور ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا جب بھی دشمن نے پاکستان کے دفاعی حالات پر حملہ کرنے کی کوشش کی ہے اسے منہ توڑ جواب ملا ہے آج اگر مملکت خداداد قائم دائم ہے یہ سارے ہمارے شہداء، جوانوں کے بدولت ہیں ملک کی طرف جب بھی دشمن میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی ہے اسے عبرتناک جواب ملا ہے ڈسٹرکٹ چیئرمین نے مزید کہا آج کا دن ایک تاریخی دن ہے ہر سال آج ہی کے دن کو ہم بڑی جوش و جذبہ کے ساتھ مناتے ہیں ہم زندہ قوم ہے اور ہم اپنے چھ ستمبر کے شہداء کو کبھی بھی بھول نہیں سکتے ہیں۔

سوشل میڈیا کے نقصانات اور فوائد، حقیقی میڈیا کے کردار پر سیمینار کا انعقاد

کسی بھی خبر کو تحقیق کے بغیر پھیلانے پر قرآن پاک میں اللہ نے منع فرمایا ہے، مقررین

دالبندین نمائندہ خصوصی) دالبندین میں میڈیا سیمنار سوشل میڈیا کے نقصانات اور فوائد اور حقیقی میڈیا کے کردار پر دالبندین ڈگری کالج میں میں ایک سیمنار کا انعقاد ہوا سیمنار سے کمانڈنٹ دالبندین رائفلز برگیڈیئر سجاد علی شاہ، ڈپٹی کمشنر چاغی عتیق الرحمن شاہوانی، پرنسپل ڈگری کالج زبیر احمد مینگل، صدر پریس کلب دالبندین حاجی فاروق سیاہ پاد رند، نائب صدر آغا علی دوست، مولانا محمد یاسر، طارق علی، ودیگر نے سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کسی بھی خبر کو تحقیق کے بغیر پھیلانے پر قرآن میں واضح طور پر اللہ پاک نے منع فرمایا ہے خوب تحقیق کے بعد خبر کو پھیلاؤ ایسا نہ ہوں آپ کے پھیلانے سے کسی کا نقصان ہوں آج کل سوشل میڈیا میں بے دریغ فیک خبریں پھیلائی جارہی ہے جس سے معاشرے میں سوشل میڈیا کی اہمیت گر چکی ہے اس موقع پر ایس پی چاغی حسین احمد لہڑی، اسسٹنٹ کمشنر دالبندین عبدالباسط بزدار، قبائلی رہنما سابق چیئرمین بلدیہ میر علی جان نوتیزئی، سردار عبدالغیاث بڑیچ، سردار احمد بخش سنجرانی، سیٹھ برج لال، ودیگر آفیسران اور معتبرین بھی موجود تھے سیمنار سے مزید خطاب میں بتایا گیا خصوصا نوجوان اور طلباء کوشش کریں سوشل میڈیا کے فوائد سے استفادہ حاصل کریں فضول خبریں پھیلانے اور ان پر اعتبار کرنے سے گریز کریں

دالبندین، اے سی کی سربراہی میں کھلی کچہری، بڑی تعداد میں لوگوں کی شرکت

عبدالباسط، ونگ کمانڈر 160 دالبندین رائفلز، محکموں کے آفیسران شریک ہوئے

دالبندین (بیورو چیف۔ نمائندہ خصوصی) دالبندین کے علاقے چتر میں اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں کھلی کچہری بڑی تعداد میں لوگوں کی شرکت اپنے مسائل سے متعلقہ محکموں کے آفیسران کو آگاہ کردیا۔ چتر ریسٹ ہاؤس میں کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر عبدالباسط بزدار، ونگ کمانڈر 160 دالبندین رائفلز، اور تمام محکموں کے آفیسران شریک ہوئے اس کے علاوہ علاقے کونسلرز اور معززین نے بھی شرکت کی اپنے اپنے علاقے کے مسائل سے انتظامیہ اور محکموں کے آفیسران کو آگاہ کردیا علاقے کے لوگوں کا کہنا تھا ہمارے بند سکولز فوری طور پر کھول دیا جائے بند سکولوں کی وجہ سے ہمارے بچوں کا مستقبل تباہ ہو رہا ہے فوری طور پر ہمارے بچوں کو سکول تک رسائی کے لیے اقدامات اٹھائی جائے اس کے علاوہ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف ایکشن لیں اور یہ یقینی بنائے کہ اساتذہ سکول میں موجود ہے اور اپنی فرائض بخوبی سرانجام دے رہے ہیں کھلی کچہری میں شہریوں کا کہنا تھا رورل ہیلتھ وزیر ایل ایچ وی کی عدم موجودگی سے ہمارے بچوں کو بھر وقت طبی امداد میں مشکلات درپیش ہیں فوری طور پر ایل ایچ وی کی تعیناتی عمل میں لائی جائے اور علاقے میں صاف پانی کا مسئلہ درپیش ہے عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے اور زیر زمین پانی کی تعین کے لیئے اقدامات کریں شہریوں کا کہنا تھا حالیہ سیلاب کے بعد حفاظتی دیواروں کی تعمیر اور مستقبل میں سیلابی ریلوں سے بچاؤ کے لیے حفاظتی بند باندھنے کے اقدامات کی جائے اور زراعت کے لیے بھی ہمیں دشواری کا سامنا ہے بندات اور مٹی کی پشتے تعمیر کیا جائے۔ این 70 پر کام سست روی کا شکار ہے جس پر نا صرف مسافر گاڑیاں بلکہ چتر کے مقامی لوگوں کو بھی ٹریفک کے حوالے سے سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور جھنڈی خاصہ روڈ کی تعمیراتی کام بھی سست روی کا شکار ہے مقامی لوگوں کو ذرائع آمد رفت میں سخت دقت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

ڈویژنل ٹاسک فورس انسداد پولیو مہم کا اجلاس اعجاز احمد کی صدارت میں ہوا

خضدار (بیورو رپورٹ) ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو مہم کا اجلاس زیر صدارت ایڈیشنل کمشنر قلات ڈویژن اعجاز احمد جعفر منعقد ہوا اجلاس میں ایریا کوارڈینیٹر ڈبلیو ایچ او قلات ڈویژن ڈاکٹر نصرت بلوچ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر رفیق احمد زہری اسسٹنٹ آ کاس ڈاکٹر محمد نعمان بازئی آئی او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر عبدالصمد ڈپٹی ڈی ایچ او خضدار ڈاکٹر فرمان اللہ پی ڈی اے ڈبلیو ایچ او عبدالسلام رند و دیگر شریک ہوئے جبکہ قلات ڈویژن کے ڈپٹی کمشنرز و ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز و دیگر زمہ داران نے ویڈیو لنک کے زریعے اجلاس میں شریک ہوئے اور 9 ستمبر سے شروع ہونے والے پانچ روزہ پولیو مہم کیتیاریوں کو حتمی شکل دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر قلات ڈویژن اعجاز احمد جعفر نے کہا کہ بچے ہمارے مستقبل ہے ان کو محفوظ زندگی کے مواقع فراہم کرنا ہمارا قومی فریضہ ہے 9 ستمبر کو شروع ہونے والے پولیو مہم میں کوئی سستی برداشت نہیں کیا جائیگا

بی این پی عوامی کے قائد میر اسرار اللہ خان زہری سے منیر احمد زہری ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی میں بھی چھ ستمبر یوم دفاع پر جوش طریقے سے منایا گیا

ریلی نکالی گئی، کونسلران، قبائلی عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی میں بھی چھ ستمبر یوم دفاع پر جوش طریقے سے منایا گیا طور کاروان کی جانب سے ایک بڑی ریلی نکالی گئی ریلی میں میونسپل کمیٹی کے کونسلران۔ قبائلی عمائدین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی عبدالرحیم خان کلب سے نکالی گئی ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی دوبارہ عبدالرحیم خان کلب میں اختتام پذیر ہوئی ریلی کے شرکاء نے سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے پاک فوج زندہ باد۔ پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونجتی رہی ریلی کے شرکاء سے مقررین نے کہا کہ چھ ستمبر یوم دفاع ہمارے لیے اہمیت کا دن ہے پاک فوج کے جوانوں نے ملکی دفاع کے لیے شہادتیں دیکر ملک آن، شان اور سبز ہلالی پرچم کو بلند رکھا ملک کے دفاع کی خاطر ہم پاکستانی عوام اور بچہ بچہ پاک فوج کے شانہ بشانہ ہے

اسٹیٹ بینک آفیسرز ٹریننگ اسکیم
(SBOTS)-27 واں بیچ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP)، مرکزی بینک، اسٹیٹ بینک آفیسرز ٹریننگ اسکیم (SBOTS)-27 ویں بیچ کے تحت اسسٹنٹ ڈائریکٹر (OG-2) کے عہدوں کے لیے نوجوان، باصلاحیت اور متحرک امیدواروں کو فائدہ مند اور چیلنجنگ کیریئر کی پیش کش کرتا ہے، خاص طور پر درج ذیل شعبوں میں:

1. مانیٹری پالیسی
2. میکرو اکنامک ریسرچ اینڈ ڈیٹا
3. فنانشل مارکیٹس اور فارن ایکسچینج ریزرو مینجمنٹ
4. بینکنگ پالیسی اور سپرویژن
5. اسلامی فنانس
6. فنانشل انکلوژن
7. ڈیجیٹل فنانشل سروسز
8. انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنانس اور رسک مینجمنٹ، انٹرنل آڈٹ، ایکسٹرنل کمیونی کیشن، اسٹریٹجک، پلاننگ اور ہیومن ریسورس

عہدوں پر تعیناتی کراچی میں ہوگی

اہلیت کا معیار:

قابلیت

بزنس ایڈمنسٹریشن، پبلک ایڈمنسٹریشن، اکنامکس، کامرس، فنانس، شماریات، ڈیٹا سائنسز، ایکچوریل سائنسز، اکاؤنٹنگ، کمپیوٹر سائنسز، انفارمیشن سسٹمز اور ٹیکنالوجی، ریاضی، ہیومن ریسورس مینجمنٹ، ایگریکلچر مینجمنٹ (ایگریکلچر میں BSC یا MSC کے علاوہ) اسلامی بینکاری اور فنانس، قانون، میڈیا اور کلچر اسٹڈیز، فلاسفی اور فزکس میں کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ 16 سال کی تعلیم کے ساتھ ماسٹرز، بیچلر پاس کے مساوی ڈگری جہاں فیصد لاگو ہوتے ہیں یا 4.0 میں سے 2.5 یا 5.0 میں سے 3.5 جہاں ایچ ای سی سے تسلیم شدہ پاکستانی اور غیر ملکی اداروں میں سی جی پی اے سسٹم لاگو ہوتا ہے۔ غیر ملکی ڈگری کی صورت میں ایچ ای سی سے مساوات کا سرٹیفکیٹ درکار ہوگا۔

عمر

اشتہار کی تاریخ کے مطابق یعنی 8 ستمبر 2024 کو زیادہ سے زیادہ 26 سال، خواتین، ٹرانس جینڈر، اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں اور بلوچستان، آزاد جموں کشمیر، گلگت بلتستان اور فاٹا کا حصہ رہنے والے علاقوں کے امیدواروں کے لیے عمر کی حد میں تین سال کی چھوٹ دی جائے گی۔

درخواست اور جانچ کا طریقہ کار:

- متعلقہ شعبوں میں عمر اور قابلیت سمیت اہلیت کے معیار کے بارے میں تفصیلات دیکھنے اور درخواست دینے کے لیے آن لائن لنک https://www.sbp.org.pk/careers/status.asp براہ کرم ملاحظہ کریں۔ بائیں جانب QR کوڈ دیا گیا ہے، کیریئرز کے صفحے کو اسکین کر کے بھی رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 23 ستمبر 2024 ہے۔ ذاتی طور پر یا ای میل کے ذریعے جمع کرائی گئی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔
- کسی بھی سوال یا شکایت کے لیے براہ کرم ایس بی پی سے recruitment@sbp.org.pk پر رابطہ کریں۔

Scan here

PID(K)641/24

عزم استحکام

ہم ایک برابر مواقع فراہم کرنے والے آجر ہیں۔ خواتین، اقلیتوں، ٹرانس جینڈر اور معذور افراد کی درخواست دینے پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

بقیہ 1 وزیراعلیٰ بلوچستان

بلاول بھٹو زرداری بلوچستان کی ترقی چاہتے ہیں انشاء اللہ پارٹی قیادت کی رہنمائی میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں بہتری لائیں گے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی بدامنی میں ملک دشمن عناصر ملوث ہیں طے کرچکے ہیں کہ دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید میر حسین بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کی ترقی کے لئے جامع حکمت عملی مرتب کی ہے بلوچستان کے حالات دیگر صوبوں سے مختلف ہیں الحمدللہ صوبائی حکومت عوامی خدمت کے مشن پر گامزن ہے اور ہمیں یقین ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی توقعات پر پورا اترے گی سید میر حسین بخاری نے کہا کہ پارٹی کے صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور کارکن عوامی خدمت کے مشن میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے شانہ بشانہ محنت کریں تاکہ بلوچستان کے عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی سے توقعات وابستہ کر رکھی ہیں اس پر پورا اترا جاسکے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ہفتہ کو یہاں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے ملاقات کی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید میر حسین بخاری بھی موجود تھے ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی و سماجی اور امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پائیدار قیام امن کیلئے قومی یکجہتی اشد ضروری ہے ملکی سلامتی اور قومی یکجہتی سب سے مقدم ہے بلوچستان کو عالمی سازشوں کا شکار بننے نہیں دیں گے اتحاد و اتفاق اور سیاسی مفاہمت سے ملک کے خلاف ہونے والی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے انہوں نے کہا کہ پرامن بلوچستان سے ہی سیاسی استحکام اور پائیدار ترقی ممکن ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم سیاسی رواداری اور مثبت سیاسی سوچ کو لیکر آگے بڑھ رہے ہیں مفاد عامہ سے متعلق مثبت تجاویز کا خیر مقدم اور ان پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ اسکے علاوہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو ثبوتاژ کرنے کی تمام سازشیں ناکام ہوں گی یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قلات میں سیکورٹی فورسز نے مصدقہ اطلاع پر موثر کارروائی کی اور انتہائی مہارت اور پیشہ ورانہ طرز پر آپریشن کیا پوری قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے بلوچستان میں پائیدار قیام امن کیلئے تمام تر اقدامات کئے جا رہے ہیں ریاست کی عملداری اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 2 بانی پی ٹی آئی

کہ نیب ترامیم تباہی کا راستہ ہے، ملک اشرافیہ کے قبضے میں ہے، چھوٹی سی اشرافیہ نے اربوں کے کیس معاف کروالیے ہیں نیب ترامیم آئین کے بھی خلاف ہیں، دنیا کی کسی پارلیمنٹ میں ایسا نہیں ہوا کہ قانون پاس کروا کر چوری معاف کروائی گئی ہو۔ عمران خان نے کہا کہ نیب نے 1999ء سے 2017ء تک صرف 290 ارب روپے اکٹھے کیے اور ہمارے ساڑھے 3 سال میں نیب نے 480 ارب روپے اکٹھے کیے، ہمارے دور حکومت میں نیب نے ابھی مزید 1100 ارب روپے اکٹھے کرنے تھے گزشتہ ایک سال میں نیب نے صرف ڈیڑھ کروڑ روپے اکٹھے کیے اپنی چوریاں معاف کروا کر قوم کو کہا جاتا ہے کہ قربانیاں دو، یہاں اڈیالہ جیل میں سیکڑوں قیدی 50 ہزار روپے سے ایک لاکھ روپے تک کے مچلکے اور جرمانے جمع نہ کروانے کے باعث قید ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ نیب ترامیم کے ذریعے انہوں نے خود کو بڑی چھوٹ دے دی ہے، قانون سے بالاتر لوگ ہمیشہ بچ جاتے ہیں، یہ ملک انقلاب کی جانب بڑھ رہا ہے پہلے مشرف اور اس کے بعد جنرل (ر) باجوہ نے ان کو این آر او دیا، میرے دور میں نیب جنرل باجوہ کے ماتحت تھا، جسٹس (ر) جاوید اقبال نے بتایا تھا کہ زرداری اور شریف فیملی کے اربوں کے ریفرنسز ہیں مگر جنرل باجوہ کارروائی نہیں کرنے دے رہے۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ سپریم جوڈیشل کونسل کے ماتحت کرکے نیب کو خود مختار، آزاد ادارہ بنایا جائے، میں نے نیب کے کسی تفتیشی آفیسر کو دھمکی نہیں دی میں نے کہا تھا کہ چیئرمین نیب، تفتیشی افسر، وعدہ معاف گواہوں پر کیس کروں گا تاکہ یہ آئندہ لوگوں کو انتقام کا نشانہ نہ بناسکیں، میں نیب کے خلاف عدالت جانا چاہتا ہوں تاکہ نیب کے لوگوں کو بھی خوف ہو۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ آرمی چیف نے نفرتیں کم کرنے کا بیان دیا، مودبانہ بات کرتا ہوں کہ نفرتیں آپ کی وجہ سے ہیں، نفرت تو آپ کی طرف سے کم ہونی چاہیے۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ نواز شریف کے ساتھ لندن ایگریمنٹ کے بعد پی ٹی آئی پر ظلم کیا گیا، کوئی بتائے میری بیوی کا کیا قصور ہے کہ 7 ماہ سے جیل میں ہے؟ اس وقت نیب جنرل عاصم منیر کے ماتحت ہے، میرا اس ملک میں جینا مرنا ہے باہر نہیں جاؤں گا، اشرافیہ میں سے کس کی پراپرٹی یا پیسہ باہر نہیں؟ انہوں نے باہر بھاگ جانا ہے، یہ نہ بتائیں فلاں کا پیسہ باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ منی لانڈرنگ کو کھلی چھوٹ دے دی گئی اب اسے کوئی نہیں روک سکتا، محسن نقوی کے پانچ ملین ڈالر بیرون ملک پڑے ہیں، مریم نواز چار ملین فلیٹس کی مالکن ہے، حسن نواز نے ٹی وی پر تسلیم کیا، شہباز شریف کے 5 اور آصف علی زرداری کے 8 ریفرنس ختم ہوئے، فریال تالپور کی دبئی لیکس میں 5 جائیدادیں سامنے آئیں، نیب ترامیم کے ذریعے وائٹ کالر کرائم کو این آر او دے دیا گیا ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ نیب کو خود مختار ادارہ بنانا چاہتے ہیں اور یہ بھی چاہتے ہیں کہ نیب کا بھی احتساب ہو، اسکاٹ لینڈ یارڈ میں وائٹ کالر کرائم کے لیے فراڈ اسکواڈ، برطانیہ میں سیریس فراڈ کمیشن موجود ہے جو وائٹ کالر کرائم پکڑتے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ چوری کرنی ہے تو عاصم منیر اور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مل جائیں اور جو مرضی کریں، ان کے ساتھ مل جائیں تو سارے کیسز ختم؟ یہ انصاف تو نہیں ہے، اس ملک کو ڈنڈے کی نہیں انصاف کی ضرورت ہے، ہم بھیڑ بکریاں نہیں انسان ہیں انصاف ہوتا ہے تو امن آتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کہتے ہیں کہ نون لیگ کے ساتھ نہیں بیٹھتے انہوں نے الیکشن میں ڈاکہ مارا ان کے ساتھ کیسے بیٹھ جائیں؟ 22 اگست کا جلسہ منسوخ کرنے کے لیے منتیں کی گئی تھیں، 8 ستمبر کو جلسہ کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی مگر اب اس میں بھی رکاوٹیں کھڑی کی جارہی ہیں، پی ٹی آئی کو کہتا ہوں کہ حقیقی آزادی کے لیے نکلنا ہے، آزادی انصاف سے آتی ہے ساری قوم 8 ستمبر کو باہر نکلے، کہتا ہوں کہ آٹھ ستمبر کو عوام نکلے یہ حقیقی آزادی کی جنگ ہے، آزادی انصاف سے آتی ہے اس کے لیے قوم باہر آئے۔ دوسری جانب بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے سپریم کورٹ کی جانب سے نیب ترامیم سے متعلق کیس کے فیصلے کے بعد 190 ملین پاؤنڈ کیس میں رعایت طلب کرلی۔ عمران خان کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوئی۔ دوران سماعت بانی پی ٹی آئی نے نیب ترامیم فیصلے کے بعد 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں بریت کی درخواست دائر کردی۔ وکیل بانی پی ٹی آئی کا کہنا تھا نیب ترامیم فیصلے کے بعد 190 ملین پاؤنڈ کا کیس بنتا ہی نہیں ہے، نیب ترامیم میں کابینہ کے تمام فیصلوں کو تحفظ حاصل ہے۔ عمران خان کے وکیل کا کہنا تھا سوال یہ ہے کہ نیب ترامیم کے بعد احتساب عدالت کا اس کیس میں دائرہ اختیار بنتا ہے یا نہیں۔ عمران خان ثابت نہ کرسکے کہ نیب ترامیم غیر آئینی ہیں، سپریم کورٹ نے ترامیم بحال کردیں نیب پراسیکیوٹر کا کہنا تھا اگر عدالت کا اس کیس میں دائرہ اختیار ہے تو پھر بریت کی درخواست سنی جاسکتی ہے، جس پر وکیل بانی پی ٹی آئی کا کہنا تھا ہم نے عدالت کے دائرہ اختیار کو چیلنج ہی نہیں کیا ہے، عدالت کے دائرہ اختیار کا فیصلہ کرنا عدالت کی صوابدید ہے۔ احتساب عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست بریت پر سماعت 10 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ دریں اثناء احتساب عدالت اسلام آباد کے جج ناصر جاوید رانا نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف نیا توشہ خانہ ریفرنس سماعت کیلئے احتساب عدالت نمبر 2 کو منتقل کردیا، نئے ریفرنس کی سماعت جج علی محمد وڑائچ کریں گے۔ گزشتہ روز احتساب عدالت کے ایڈمنسٹریٹو جج ناصر جاوید رانا نے ریفرنس سماعت کیلئے احتساب عدالت نمبر 2 کو بھجوایا ہے۔ نئے توشہ خانہ ریفرنس پر سماعت احتساب عدالت نمبر 2 کے جج محمد علی وڑائچ کریں گے۔ احتساب عدالت نمبر دو کے جج محمد علی وڑائچ کی جانب سے سماعت کے حوالے سے فریقین کو نوٹس جاری کیئے جائیں گے۔ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف نیا توشہ خانہ ریفرنس سعودی ولی عہد کی جانب سے دیے گئے بلغاری جیولری سیٹ پر دائر کیا گیا۔ بشریٰ بی بی کو بلغاری جیولری سیٹ 7 سے 10 مئی 2021 دورہ سعودی کے موقع پر دیا گیا تھا، جیولری سیٹ میں ایک عدد انگوٹھی، ایک عدد بریسلٹ، ایک نیکلس، ایک جوڑی بالیاں شامل ہیں۔

بقیہ 3 وزیراعظم

کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گے، پاک فوج کے افسر و جوان فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں سے پاکستان کی مٹی کو پاک کرنے کیلئے مصروف عمل ہیں، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 4 سیدال ناصر

ادارے ہمارے اثاثے ہیں ہم نے اس کی حفاظت کرنی ہے اور نوجوان نسل تعلیم کے حصول کو یقینی بناتے ہوئے مثبت سوچ کو پروان چڑھائیں تاکہ بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔ کالج کے جلنے سے ایسے لگ رہا ہے جیسے میرا گھر جلا ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ سائنس کالج کے جلنے والے حصے کے معائنے کے بعد صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سائنس کالج کے پرنسپل عظمت خان کاکڑ، وائس پرنسپل ضیاء الحق، طارق بلوچ اور باقر خان علیزئی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر انہوں نے سائنس کالج کے جلنے والے چار کمروں اور دیگر حصوں کا معائنہ کیا اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے آتشزدگی سے متعلق ڈپٹی چیئرمین کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ سائنس کالج آتشزدگی کا واقعہ بہت بڑا حادثہ ہے سائنس کالج پورے بلوچستان کا دل ہے یہاں سیاستدانوں، بیوروکریٹ، صحافیوں سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ اور افسران نے اس کالج سے تعلیم حاصل کی میں نے خود سائنس کالج سے ایف ایس سی اور بی ایس سی کی تعلیم حاصل کی ایسا لگ رہا ہے کہ میرا گھر جل گیا ہے میں نے تمام متعلقہ حکام، صوبائی وزراء، آئی جی پولیس بلوچستان سے بات چیت کی ہے اس واقعہ کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لیا جارہا ہے تعلیمی ادارے صوبے کے معمار پیدا کرتے ہیں اس واقعے کی تہہ تک جائیں گے عوام کسی بھی افواہ پر کان نہ دھریں تمام چیزوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے صوبے کے اثاثوں کی حفاظت ہمارا قومی فرض ہے میری کوشش ہے کہ بلوچستان کے حوالے سے اپنی ذمہ داری پوری کروں طلباء تعلیمی پسماندگی کے خاتمے کے حوالے سے اپنا کردار کریں عوام خاص طور پر نوجوانوں کی شمولیت سے مسائل حل ہوں گے تحقیقات میں کوئی سستی نہیں ہورہی۔

بقیہ 5 مہمند میں ایف سی

حملے کی کوشش کی، سیکورٹی فورسز کی جانب سے کیمپ میں داخلے کی کوشش ناکام بنادی گئی اور چاروں خوارج خودکش بمباروں کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے سے پہلے ہی ہلاک کردیا گیا، ہلاک حملہ آوروں کے قبضے سے خودکش جیکٹس، ڈیٹونیٹر، اسلحہ اور بارودی مواد برآمد کرلیا گیا، علاقے میں کسی اور خارجی کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن بھی کیا گیا، سیکورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے چوکس اور پرعزم ہیں۔

بقیہ 6 صدر مملکت

ہوئے کہا ہے سکیورٹی فورسز نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے چاروں خوارج حملہ آوروں کا خاتمہ کیا، ایوان صدر پریس ونگ کی جانب سے جاری بیان میں صدر مملکت نے خوارج کیخلاف فورسز کی موثر اور جرات مندانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا پوری قوم کو اپنے جوانوں پر فخر ہے جو ہر لمحہ مادر وطن کی حفاظت کیلئے تیار ہیں، دہشتگردوں کو مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ 7 سپریم کورٹ

سماعت کریگا، بینچ میں جسٹس عرفان سعادت، جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس شاہد بلال حسن شامل ہیں، اٹارنی جنرل آف پاکستان، ایڈوکیٹ جنرل پنجاب، چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی، چیئرمین واپڈا، چیئرمین ایف بی آر، گورنر سٹیٹ بینک اور نیشنل بینک کو نوٹس جاری کردیے گئے

بقیہ 8 پی ٹی آئی عہدے

کرلئے، ذرائع کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان نے پارٹی کے پارلیمانی اور عملی سیاسی امور کو الگ کردیا، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب اور سینیٹر شبلی فراز پارلیمانی ٹیم کو لیڈ کریں گے، عمران خان نے عملی سیاست کی ذمہ داری سلمان اکرم راجہ کو تفویض کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل نامزد کردیا، سلمان اکرم راجہ بطور پی ٹی آئی سیکرٹری جنرل ذمہ داریاں نبھائیں گے، رؤف حسن کی سربراہی میں تھینک ٹینک تشکیل دیا جائے گا اور رؤف حسن حکومتی کارکردگی پر وائٹ پیپر کا اجراء اور انتخابی معاملات بھی دیکھیں گے، ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے فیصلوں کے مطابق نوٹیفکیشن جلسے کے بعد جاری کئے جائیں گے، دریں اثنا عمر ایوب کا بطور پارٹی سیکرٹری جنرل استعفیٰ منظور کرلیا گیا، اپنے بیان میں عمر ایوب نے کہا بانی پی ٹی آئی کا مشکور ہوں میرا استعفیٰ منظور کیا، اپوزیشن لیڈر کیس بھگتنا، جلسے دیکھنا سمیت دیگر معاملات کا بھی بوجھ تھا، بطور کارکن پی ٹی آئی بانی کیساتھ کام جاری رکھوں گا، دریں اثنا پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن کو ہٹانے کیلئے عمران خان نے اجازت دے دی، ذرائع کے مطابق رؤف حسن پر کچھ پارٹی رہنماؤں کو عدم اعتماد تھا اب نئے سیکرٹری اطلاعات کیلئے شیخ وقاص اکرم کا نام سرفہرست ہے۔

بقیہ 9 شیر افضل مروت

چلایا جا سکتا، انٹرویو میں شیر افضل مروت نے کہا آج کل کے دور میں تو ہر دوسرا بندہ تشدد یاد باؤ کے تحت وعدہ معاف گواہ بن جاتا ہے، مار کھا لیں گے لیکن جلسہ ہر صورت کریں گے

بقیہ 10 وزارت آئی ٹی

اب تک خراب انٹرنیٹ پر تحریری جواب جمع کرایا گیا، ایوان کو بتایا گیا 31 جولائی 2024 کو پی ٹی سی ایل سسٹم کے روٹ کی مرمت چند گھنٹے میں حل کی گئی۔

بقیہ 11 دلائل

ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر نے دلائل دیئے، ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے کہا آرٹیکل 9 اور 14 کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے، عمران خان کیخلاف سازش کی گئی اور وہ ایک سال سے زائد عرصے سے جیل میں ہیں، 10 مئی، 11 مئی اور 12 مئی کو جو مقدمات درج ہوئے ان مقدمات کے اندراج کے وقت عمران خان وہاں موجود ہی نہیں تھے، پراسیکیوشن نے ان کیخلاف 4 موقف اپنائے اور چاروں میں فیل ہوئے، پراسیکیوشن کے پاس ہمارے خلاف کوئی ثبوت موجود ہے تو پیش کریں۔

بقیہ 12 مولانا فضل الرحمان

کے عوام ختم نبوت کا دفاع کرنا جانتے ہیں، آج کا اجتماع پاکستان کی وحدت کی علامت ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ بڑے لوگوں نے کہا کہ اسرائیل کو تسلیم کرلینا چاہیے، میں عالمی برادری کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ اسرائیل کا وجود تسلیم نہیں کیا جاسکتا، انہوں نے کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کا ظلم و بربریت جاری ہے، حماس کے مجاہدین فلسطین کی آزادی کے لیے آگے بڑھیں، امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہوسکتا ہے، علم بردار نہیں۔ ہمارے فلسطینی بھائیوں کا خون بہہ رہا ہے، ہم فلسطینیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، اس کے علاوہ ملکی صورتحال پر بات کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بلوچستان، خیبر پختونخوا میں حکومت کی رٹ ختم ہوچکی ہے، امن نہیں دے سکتے تو ٹیکس کس بات کا لیا جارہا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ یہ ملک ہمارا ہے، اس میں اسلام کی قدروں کو بلند ہونا ہوگا، اسلامی نظریاتی کونسل میں تمام مکاتب فکر کی نمائندگی موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 2018 کا الیکشن اور 2024 کے الیکشن کے نتائج دونوں دھاندلی زدہ ہیں، اب اہمیت اس عوامی اسمبلی کی ہے یہاں سے قوانین پاس ہوں گے۔

بقیہ 13 بشریٰ سے ملاقات

ہائیکورٹ کے مقرر کردہ لوکل کمیشن بیرسٹر ذوہاش خان اڈیالہ جیل گئے اور وہاں پر فراہم کی گئی تمام سہولیات، ملاقات میں درپیش مشکلات سے متعلق انتظامیہ سے بات کی۔

بقیہ 14 نیئر بخاری

کے استعفیٰ کا نوٹس لینا چاہیے۔ یہ بات انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے صنعت و حرفت میر علی حسن زہری کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر اعجاز جاکھرانی، سینیٹر بلاول مندوخیل، وزیراعلیٰ کے مشیر سردار زادہ بابا غلام رسول عمرانی، پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی، سید اقبال شاہ سمیت پارٹی کے ڈویژنل، ضلعی صدور، جنرل سیکرٹریز سمیت کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھے، سید نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی کے تنظیمی امور کے حوالے سے بلوچستان بھیجا تاکہ یہاں صوبائی اور ڈسٹرکٹ تنظیم سے ملاقات کرکے تنظیم سازی کا جائزہ لے سکوں پیپلز پارٹی کی کولیشن حکومت ہے ورکرز کے بہت سے مسائل ہیں جنہیں مرکزی قیادت کے سامنے لانا ہوتا ہے۔

بقیہ 15 سیکورٹی فورسز

دہشتگردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر 6 اور 7 ستمبر کی درمیانی شب کو کارروائی کی، کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیا اور موثر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا۔

بقیہ 16 عمران

تاحال پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین کو آرمی ایکٹ کے تحت ٹرائل کیلئے فوجی حکام کے حوالے کرنے کا فیصلہ نہیں کیا گیا، ذرائع کا کہنا ہے اگرچہ عمران خان کیخلاف الزامات کی نوعیت ایسی ہے کیس آرمی ایکٹ کے تحت فوجی ٹرائل کے دائرے میں آتا ہے لیکن 9 مئی کے معاملے میں عام شہریوں کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل کا کیس سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے، ایک ذریعے کا کہنا ہے زیر حراست افراد کے بیانات اور متعدد شواہد کے پیش نظر ماسٹر پلانر کے طور پر عمران خان کی شمولیت یقینی طور پر مصدقہ ہے لیکن فوجی عدالتوں میں عام شہریوں کے ٹرائل کا انحصار عدلیہ کے فیصلے پر ہوگا، ذرائع کے مطابق کابینہ کمیٹی نے بھی اپنی رپورٹ میں عمران خان کو 9 مئی کے حملوں کا ذمہ دار قرار دیا، بحران حکومت کے دوران 9 مئی کے حوالے سے تیار کردہ رپورٹ کے مطابق کمیٹی کو دکھائے گئے شواہد سے معلوم ہوتا ہے منصوبہ بندی میں پارٹی کی کئی رہنما ملوث تھے، مزید پتہ چلتا ہے عمران خان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، رپورٹ میں یہ بات بھی سامنے آئی اب تک کی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے 34 افراد پرتشدد سٹریٹ پاور کی حکمت عملی کے ماسٹر مائنڈ تھے اور انہوں نے تشدد اور تباہی کی منصوبہ بندی میں فعال طور پر تعاون کیا، مزید برآں، 52 افراد نے تفصیلی منصوبہ بندی میں حصہ لیا اور 185 افراد نے عملی جامہ پہنایا، رپورٹ میں مزید کہا گیا عمران خان کے مطالبات کو پورا کرنے کیلئے نہ صرف فوج پر سیاسی معاہدے کیلئے دباؤ ڈالنا منظم و خطرناک حکمت عملی تھی بلکہ مسلح افواج کے اندر سے تحریک انصاف کے حق میں بغاوت کو ہوا دینے کی کوشش تھی، پارٹی کو ریاستی اداروں کی طرف سے پہلے تشدد کیخلاف سخت ردعمل کی کمی کی وجہ سے حوصلہ ملا تھا، فوجی تنصیبات پر حملے کا مقصد فوج کے حوصلے پست کرنا اور سیاسی ڈیل کیلئے دباؤ ڈالنا تھا، ذریعے کا کہنا ہے 9 مئی کے حملوں میں جنرل فیض کے کردار کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں، عمران خان کے فوجی ٹرائل کے حوالے سے عموماً خیال کیا جاتا ہے سابق وزیراعظم اور ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے رہنما کا ملٹری ٹرائل عالمی توجہ مبذول کرائے گا۔

بقیہ 17 بجلی و گیس

کے مطابق بجلی و گیس کے ٹیرف مستقل کی بجائے سیزنل بنیادوں پر متعین کرنے کی تجویز ہے، تجویز کے مطابق سردیوں میں بجلی کا استعمال بڑھانے کیلئے ریٹس ریشنلائز کئے جائیں گے۔

بقیہ 18 ڈاکٹر عبدالمالک

ملاقات میں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بخت محمد کاکڑ بھی موجود تھے۔

بقیہ 19 گاڑی کو حادثہ

نکسی، والبدین کے قریب میرپور کے مقام پر ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش برآمد، نعش کو شناخت کیلئے پرنس فہد ہسپتال دالبندین منتقل کردیا گیا مقتول کے سر اور سینے پر گولیاں ماری گئی ہیں نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 20 گوادر پورٹ

بڑے جہاز سے سامان آف لوڈ ہونے کے بعد چھوٹے ویسل ریجن کے دوسرے پورٹ سامان لے جاسکتے ہیں، وہی کا 55 فیصد ریونیو ٹرانس شپمنٹ کی بدولت جنریٹ ہوتا ہے، گوادر پورٹ اور اس پر 3 برتھیں تیار حالت میں ہیں جبکہ چھوٹے جہاز ابھی بھی کارگو کا کام کر رہے ہیں

بقیہ 21 وزیر دفاع

ملبہ بانی پی ٹی آئی پر ڈالا جائے، 9 مئی کو جس شہر میں بھی احتجاج ہوا وہاں خاص طور پر فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا کچھ افراد ان کو ڈائریکٹ کررہے تھے اور ایک پلاننگ کہیں سے ہوئی تھی، وزیر دفاع نے کہا لازمی طور پر عمران خان کی ہدایات تھیں جس طرح عمران خان کو رسائی ہے وہ آرٹیکل لکھتا ہے اس کی جانب سے ٹوئٹس ہوتے ہیں اس وقت بھی رسائی حاصل تھی اور اس طرح کی رسائی و پلاننگ صرف ایک فوجی ذہن ہی ترتیب دے سکتا ہے، خواجہ آصف نے کہا ایک تو عمران خان کو اپنا اقتدار چھن جانے کا خطرہ تھا تو دوسرا غم جنرل فیض کو بھی

جیالوں کی بدولت آج بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، مشیر صنعت زہری

کوئٹہ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری ملاقات کر رہے ہیں

چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ باعث تشویش ہے، پشتونخوا ایپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے بیان میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں آئے روز چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے اور پولیس کی غفلت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں چوری، رہزنی کی وارداتیں روز کا معمول بن ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اور ڈی جی سوشل ویلفیئر کے درمیان تصفیہ

کوئٹہ (این این آئی) ڈی جی سوشل ویلفیئر شجاع کھوسہ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر امجد جاوید لاشاری کے گھر بلوچی روایت کے مطابق میڑھ لے کے آئے جس میں منسٹر سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نور زئی پی ایس منسٹر قاسم اور دوسرے معززین شامل تھے امجد ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیوٹی سے غیر حاضری پر لیویز اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا آغاز

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیویز فورس میں غفلت برتنے پر اور ڈیوٹی سے غیر حاضری پر کارروائی کا آغاز، کوئٹہ میں تعینات چار اہلکاروں کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے گئے۔ ہفتہ کو ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان کی جانب سے رسالدار حفیظ اللہ، رسالدار ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے باشعور و متحرک افراد کا قتل گھناؤنی سازش ہے، قاری مہر اللہ

منصوبے کے تحت ہمیں پولیس، ڈاکٹرز، انجینئرز اور تاجروں سے محروم کیا جا رہا ہے، رہنما جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ نے سب انسپکٹر امان اللہ شہید کی شہادت کے تعزیت کے موقع پر کہا کہ دو دہائیوں سے ہم پولیس اور عوام کے جنازے اٹھا کر تھک چکے قیام امن میں سب سے اہم رول پولیس کا ہے امن کے لیے پولیس نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک میں امن بحال کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہمیں پولیس، ڈاکٹرز، انجینئرز اور تاجروں سے محروم کیا جا رہا ہے بلوچستان کے انتہائی باشعور و متحرک افراد کا قتل گھناؤنی ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سے ژوب جانے والی گاڑی سیلابی ریلے کی زد میں آنے سے 2 افراد جاں بحق

حادثے میں 6 خواتین بھی زخمی جنہیں کوئٹہ ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا

مسلم باغ (یو این اے) کوئٹہ سے ژوب جانے والی گاڑی سیلابی ریلے کی زد میں آنے سے دو افراد جاں بحق، جاں بحق افراد اور 6 خواتین بھی زخمی، زخمیوں کا تعلق ژوب سے بتایا جا رہا ہے لیویز کے مطابق مسلم باغ کے قریب سیلابی ریلے کے بہاؤ کی وجہ سے ژوب جانے والی گاڑی الٹ گئی جس کے نتیجے میں ایک خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے مسلم باغ کے قریب سیلابی ریلے کی وجہ سے ژوب جانے والی گاڑی سے متعلق عینی شاہدین نے بتایا کہ حادثے میں کچھ مسافر زخمی بھی ہوئے

بڑے گیس اور تیل کے ذخائر معیشت کیلئے آکسیجن سے کم نہیں، سینیٹر عبدالقادر

سمندر میں موجود تیل و گیس کے ذخائر کی دریافت گیم چینجر ثابت ہوگی، چیئرمین قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کے سمندر میں دنیا کے چوتھے بڑے گیس اور تیل کے ذخائر کا انکشاف ہوا ہے۔ دوست ملک کے ساتھ مل کر جیوگرافک سروے کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ سروے میں تقریباً 3 سال سے زائد کا عرصہ لگا۔ سمندر میں موجود تیل اور گیس کے ذخائر کی جگہ کی نشاندہی بھی کر لی گئی ہے۔ تیل کے ذخائر کی دریافت گیم چینجر ثابت ہوگی جبکہ گیس کے ذخائر ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، نیشنل پارٹی ہزارہ ٹاؤن کے زیر اہتمام نادرا میں ہزارہ برادری کے بلاک شناختی کارڈوں کے خلاف منعقدہ جلسہ سے ڈاکٹر محمد رمضان ہزارہ، عیوض علی نشمند، صابرہ بتول و دیگر خطاب کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور نیشنل پارٹی کے سربراہ عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

ملکی حالات کی بہتری کیلئے ملکر آگے بڑھنا ہوگا، جمال شاہ کاکڑ

معاملات ذات میں سمیٹ کر بیٹھے رہنے سے انسان محدود ہوتا چلا جاتا ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ملکی حالات کی بہتری کیلئے مل بیٹھ کر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، معاشرے اسی وقت پنپتے ہیں جب خود غرضی کا اجتماعی گراف نیچے آئے اور لوگ اپنے مفاد کو ایک طرف رکھ کر معاشرے کے مجموعی مفاد کو اہمیت دیں ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سلیم کھوسہ بلوچستان اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کا پارلیمانی لیڈر مقرر

مرکزی جنرل سیکرٹری مسلم لیگ کی جانب سے نامزدگی کے بعد سیکرٹری بلوچستان اسمبلی نے اعلامیہ جاری کر دیا

نوابزادہ زرین مگسی پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون و پارلیمانی امور مقرر، نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سلیم کھوسہ کو بلوچستان اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کا پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا گیا بلوچستان اسمبلی کے سیکرٹری طاہر شاہ کاکڑ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی جنرل سیکرٹری کی جانب سے نامزد کرنے کے بعد میر سلیم کھوسہ کو مسلم لیگ (ن) کا بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا گیا دریں اثناء مسلم لیگ (ن) کے رکن ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

صحبت پور، وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کے ممبر اسلم ترین حیرالدین ڈرین میں لگنے والے شگاف کو پُر کرنے کے بعد جائزہ لے رہے ہیں

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کی ذمے داری ہے، سنی علماء کونسل

عقیدہ ختم نبوت محفوظ ہے تو پورا دین محفوظ ہے، علامہ عبدالرحیم ساجد، قاری ایوب

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل کوئٹہ کے صدر علامہ عبدالرحیم ساجد، قاری محمد ایوب انصاری، مولانا مقبول الرحمن شاہ، مولانا فضل احمد صدیقی، محمد آصف مینگل، قاری نزیر احمد فاروق، قاری سلیم فاروقی، شکیل احمد گجر، میر عبدالمالک رند و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کی ذمے داری، اس کے ایمان کا تقاضا اور آخرت میں شفاعت رسول ﷺ کا ذریعہ ہے۔ ختم نبوت کا عقیدہ اسلام کا وہ بنیادی اور اہم عقیدہ ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ایوان بالا میں پرامن سیاسی مکالمے سیاسی رہنماؤں کا بنیادی حق ہے، منیر احمد کاکڑ

سینٹ میں سینئر وکیل شہادت اعوان کیخلاف نازیبا الفاظ کی مذمت کرتے ہیں، صدارتی امیدوار سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان بار کونسل کے ممبر و سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار منیر احمد خان کاکڑ نے سینیٹ میں سپریم کورٹ کے وکیل سینیٹر شہادت اعوان کے خلاف نازیبا الفاظ کے استعمال کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایوان بالا عوام کی نمائندگی کا فورم ہے وہاں ایسے الفاظ کا استعمال معاشرے کیلئے بدنامی کے سوا کچھ نہیں ہے، ایوان بالا میں پرامن سیاسی مکالمے میں شمولیت تمام سیاسی رہنماؤں کا بنیادی حق ہے اپنے جاری ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت سے معاہدے پر عمل نہیں ہوتا تو عوام بجلی کا بل نہ دیں، حافظ نعیم الرحمن

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے پی پی پی کے سینئر رہنما میر کفایت اللہ ساتکزئی کی سربراہی میں وفد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ شہر کی صفائی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، امیر محمد کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) اے این پی کا کوئٹہ ڈویژن کے صدر امیر محمد کاکڑ، مظفر علی، اصل ترین ہدایت اللہ خضر اچکزئی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام صفائی کا انتظام بہتر بنائیں ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کانسٹیبلری بی ایریاز میں امن برقرار رکھتی ہے، آغا یوسف

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس کی جانب سے ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں مختلف یونیورسٹیوں کے طلبا نے شرکت کی جن سے ایڈیشنل IGP کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری صوبے کے دور دراز کے A&B علاقوں میں امن برقرار رکھتی ہے۔ BC کا امن کے ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس نے سٹریٹ کرائم میں ملوث 4 ملزمان گرفتار کر لیے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل، موبائل اور نقدی لوٹنے والے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتاریوں کیخلاف ملزمان کے ورثا نے منان چوک پر احتجاج کے دوران گاڑی کے شیشے توڑ دیئے، پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ امیر محمد دستی احسان اللہ مروت نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں، ہلاک ہونے والوں کی تعداد 42 ہوگئی، رپورٹ

مزید 2 افراد سیلاب کی زد میں آکر جان کی بازی ہار گئے، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں، مزید 2 اموات، تعداد 42 تک جا پہنچی بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں جاری ہیں، مزید 2 افراد سیلاب کی زد میں آکر جان کی بازی ہار گئے۔ پی ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق جاں بحق ہونے والے بچوں کا تعلق خضدار، ژوب اور کیچ سے ہے، یکم جولائی سے اب تک جاں بحق افراد کی تعداد 42 ہوگئی ہے، اموات مون سون کی بارشوں کے دوران سیلابی ریلوں میں بہہ جانے، آسمانی ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل میں بلدیاتی فنڈز سے منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچائے جائیں، جام کمال

بلدیاتی نمائندے احسن طریقے سے فرائض انجام دیکر عوام کی خدمت کریں، وفاقی وزیر تجارت

اوتھل (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان نے کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی اوتھل میں بلدیاتی فنڈز سے شروع ہونے والے عوامی مفادات کے منصوبے بہتر سے بہتر انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچائے جائیں تمام منصوبوں کو معیاری بنایا جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ مل سکے نچلی سطح کے اقتدار سے علاقائی چھوٹے چھوٹے مسائل بہتر انداز میں حل ہو سکتے ہیں بلدیاتی نمائندے احسن طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دے کر حقیقی معنوں ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

گرلز کالج کچلاک آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، پشتونخوا میپ

علاقے کے واحد کالج میں سہولیات کی فراہمی سے طالبات تعلیم حاصل کر سکیں گی

کچلاک اور کوئٹہ شہر سے آنیوالے سٹاف کے ٹرانسپورٹ کا بھی مسئلہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں گورنمنٹ گرلز کالج کچلاک کے مسائل کے حل نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ محکمہ تعلیم کی جانب سے تعلیم کے شعبے میں ہنگامی اقدامات کو عملی جامہ پہنانے کی ضرورت ہے۔ گورنمنٹ گرلز کالج کچلاک گنجان آبادی میں ایک ہی کالج ہے جہاں ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے دی گئی ضیافت میں پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید نیئر حسین بخاری اور صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی شریک ہیں

وزارت داخلہ کا انتخابات کے دوران موبائل اور انٹرنیٹ بندش کی وجوہات بتانے سے انکار

قومی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے معلومات فراہم نہیں کی جا سکتیں، موقف، پاکستان انفارمیشن کمیشن نے بھی وزارت داخلہ کو استثنیٰ دیدیا

قومی سلامتی اور سیکورٹی صورتحال کے تحت سروسز بند کی جاتیں، وزارت داخلہ حکومتی احکامات پر ہدایات جاری کرتی ہے، پی ٹی اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت داخلہ نے 8 فروری کے عام انتخابات کو موبائل اور انٹرنیٹ بند کرنے کی وجوہات بتانے سے انکار کر دیا، وزارت داخلہ نے کہا قومی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے معلومات فراہم نہیں کی جا سکتیں 8 فروری کو عام انتخابات پر موبائل فون سروس اور انٹرنیٹ کی بندش کے معاملے میں موبائل فون سروس اور انٹرنیٹ بندش کی وجوہات جاننے سے متعلق پاکستان انفارمیشن ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ترجمان صدر پاکستان آصف علی زرداری و مشیر میر علی حسن زہری کی جانب سے مرکزی، صوبائی رہنماؤں اور ضلعی عہدیداروں کے اعزاز میں عشائیہ کے شرکاء

بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز نے دن کے سفر کا حکم مسترد کر دیا

اربوں روپے امن و امان کی بحالی کے لیے وصولی کے باوجود بلوچستان میں امن و امان نام کی کوئی چیز نہیں

امن و امان کی عدم بحالی کا غصہ ٹرانسپورٹروں پر نکالا جا رہا ہے جو ناانصافی ہے، حکمت لہڑی، قادر ریسانی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ٹرانسپورٹروں نے دن کے سفر کا حکومتی حکم نامہ مسترد کر دیا۔ کوئٹہ کراچی کوچز یونین کے صدر حاجی میر حکمت لہڑی، میر دولت خان لہڑی، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین حاجی میر عبدالقادر ریسانی، سیکرٹری جنرل حاجی میر محمد اکبر لہڑی، نائب صدور موسیٰ جان اچکزئی، حاجی سیف الدین بزنجو، حاجی نصر اللہ دھوار، حاجی ولی جان، حاجی شمس اللہ ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، ڈپٹی کمشنر محبوب احمد اچکزئی اور ڈی ایچ او ڈاکٹر مظفر شاہ انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر بچے کو قطرے پلا رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صدر داؤد شاہ کاکڑ کے والد انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صدر داؤد شاہ کاکڑ، گل شاہ کاکڑ، عادل خان کاکڑ اور اشرف خان کاکڑ کے والد حاجی کرم خان کاکڑ انتقال کر گئے وہ مرحوم حاجی کمال خان کاکڑ، حاجی احمد خان اور حاجی جمال خان کے بھائی تھے نماز جنازہ سیاسی مذہبی سول سوسائٹی سمیت ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاڈر پریس کلب کے بانی و صدر حاجی عبدالفتاح ہنگورائی کا صاحبزادہ انتقال کر گیا

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈھاڈر پریس کلب کے بانی و صدر حاجی عبدالفتاح ہنگورائی کے جوان سال فرزند، سابق صدر پریس کلب محمد عارف ہنگورائی، ٹی ٹی سی کے عبدالستار ہنگورائی تنویر احمد ہنگورائی میر احمد ہنگورائی کے بھائی ناصر علی ہنگورائی مختصر علالت کے باعث گزشتہ روز انتقال کر گئے جنکی تدفین مستونگ ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس 13 ستمبر کو کوئٹہ میں طلب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ کے مطابق پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کے قومی اسمبلی سے استعفے بلوچستان وملکی صورتحال سمیت دیگر امور پر پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس 13 ستمبر کو کوئٹہ میں طلب کیا گیا ہے اجلاس کی صدارت قائمقام صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

شہداء کے ارمانوں کی تکمیل کیلئے کسی جدوجہد جاری رہے گی، اللہ نور خان

مسلم باغ + کان مہترزئی (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ شہداء کے قومی ارمانوں کی تکمیل کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے منتخب سیاسی جمہوری پارٹیوں کی طرف سے احتجاجی تحریک اعلان خوش آئند ہے قلعہ سیف اللہ کے مختلف علاقوں میں بارشوں اور سیلابوں ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

حق دو بلوچستان کو رابطہ عوامی مہم کے دوران ممبر سازی بھی کی جائے، زاہد اختر بلوچ

کوئٹہ (پ ر) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ حق دو بلوچستان کو رابطہ عوام مہم کے دوران ممبر سازی پر توجہ وقت کی اہم ضرورت ہے امرائے اضلاع دیگر سرگرمیوں کیساتھ سب سے زیادہ توجہ حق دو بلوچستان کو رابطہ عوام مہم اور ممبر سازی پر توجہ دیں عوام سے ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

لکی مروت، فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید، سرکاری اعزاز کیساتھ سپرد خاک

لکی مروت (بیورو رپورٹ) ضلع لکی مروت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہو گیا، فائرنگ لکی مروت کے علاقے مستی خیل میں کی گئی، بنوں صدر تھانہ میں تعینات کانسٹیبل عبدالرحمن چھٹی کے بعد اپنے گھر جا رہا تھا ملزموں نے فائرنگ کر دی، فائرنگ سے شہید پولیس اہلکار کی نماز جنازہ پولیس لائن لکی مروت میں ادا کر دی گئی، سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا۔

تحریک انصاف کی جلسوں کی اجازت کیلئے درخواست سماعت کیلئے مقرر

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائی کورٹ نے تحریک انصاف کی جلسوں کی اجازت کیلئے درخواست سماعت کیلئے مقرر کر دی، لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب سمیت دیگر کی درخواستوں پر 9 ستمبر کو سماعت کریں گے، درخواست میں موقف اپنایا گیا پنجاب میں جلسے جلوس کرنا بنیادی حق ہے، انتظامیہ جلسے کرنے کی اجازت نہیں دے رہی۔

اقتدار کی سیاست نیشنل پارٹی کا مقصد نہیں، رحمت صالح بلوچ

نیشنل پارٹی عوامی مسئلہ مسائل کے خاتمہ کے لئے جدوجہد یقینی بنا رہی ہے، رکن اسمبلی

نیشنل پارٹی بلوچستان بھر کی عوام کو مسائل سے نجات دلانے کی صلاحیت رکھتی ہے

سبی (اے این این) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ کرسی اور اقتدار کی سیاست نیشنل پارٹی کا مقصد نہیں بلکہ عوام کی بلا رنگ و نسل قوم قبیلے خدمت ہے بلوچستان کی ترقی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے سمیت تعلیم روزگار کے مواقع کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولیات کی فراہمی ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

سائنس کالج سانحہ پر اے پی سی میں پارٹی نمائندگی کر رہے ہیں، غلام نبی مری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر بی این پی کوئٹہ غلام نبی مری بی ایس او کے سیکرٹری جنرل صمد بلوچ اور بی ایس او کی مرکزی کمیٹی کے ممبر وقاص بلوچ نے اے این پی اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیر اہتمام سائنس کالج سانحہ کے حوالے سے منعقدہ آل پارٹیز ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں نے ملک کو آگ و خون کے کھیل میں دھکیل دیا، جمعیت نظریاتی

حکمرانوں کو اگر ملک وقوم کے مفادات عزیز ہیں تو ٹی ٹی پی اور بلوچ عسکریت پسند تنظیموں سے بھی مذاکرات کئے جائیں، مولانا عبدالقادر لونی

طاقت کے استعمال سے ملک میں جو آگ لگائی گئی اس سے آج بھی وطن جل رہا ہے، مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی، مولانا عبدالرؤف

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مفتی فدا محمد صوبائی سرپرست مولانا غذائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

گلوبل وارمنگ سے بچاؤ درخت لگانے سے ممکن ہے، دوستین خان جمالدینی

صوبائی حکومت گلوبل وارمنگ کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے جامع منصوبہ بندی پر عمل پیرا ہے

صوبہ بلوچستان کو قدرت نے بے پناہ حسن اور جنگلات سے نوازا ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات دوستین خان جمالدینی نے کہا ہے کہ گلوبل وارمنگ کے اثرات سے بچنے کا واحد حل زیادہ سے زیادہ درخت لگانے اور جنگلی حیات کے تحفظ میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت گلوبل وارمنگ کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے جامع منصوبہ بندی پر عمل پیرا ہے۔ محکمہ جنگلات جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے نام کا ایک پودا لگائے اور اس کی نشوونما میں اپنا حصہ ڈالے۔ حکومت کی ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے میڈیکل کالجز کے ڈاکٹر اساتذہ تنخواہوں سے محروم

تربت (یو این اے) مکران میڈیکل کالج سمیت بلوچستان کے تینوں میڈیکل کالجز کے ڈاکٹرز اساتذہ پچھلے چار مہینوں سے تنخواہوں سے محروم ہیں، حکومت و محکمہ صحت کی غفلت اور عدم دلچسپی کے سبب ڈاکٹرز سراپا احتجاج بن گئے ہیں مکران میڈیکل کالج کے کلاسز اور ٹیچنگ اسپتال تربت میں آج ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

تعلیمی اداروں کی فیسوں میں اضافے کیخلاف تحریک شروع کرینگے، بی ایس او

اساتذہ، سول سوسائٹی، سیاسی کارکنان کے نام فورتھ شیڈول میں ڈالنا قابل مذمت، بالاچ قادر بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) تعلیمی اداروں کی فیسوں میں اضافے کیخلاف تحریک شروع کرینگے بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین بالاچ قادر بلوچ و دیگر رہنماؤں کی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں قانون نام کی کوئی چیز نہیں، ہر شخص کے بولنے اور لکھنے پر پابندی ہے، اساتذہ، سول سوسائٹی، سیاسی کارکنان کے نام فورتھ شیڈول میں ڈالنا قابل مذمت ہے انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اساتذہ کی بھی نگرانی کی جا رہی ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس بابر ستار کیخلاف سوشل میڈیا مہم، توہین عدالت کیس کی کاز لسٹ منسوخ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس بابر ستار کیخلاف بدنیتی پر مبنی مہم پر توہین عدالت کیس کی سماعت کی کاز لسٹ منسوخ کر دی گئی، لارجر بینچ کی عدم دستیابی کے باعث 11 ستمبر کی سماعت کی کاز لسٹ منسوخ کی گئی جسٹس محسن اختر کیانی کی عدم دستیابی کے باعث 11 ستمبر کو سماعت نہیں ہو سکے گی

خضدار، کمشنر قلات ڈویژن نعیم بازئی، ڈپٹی کمشنر قلات لیویز دربار کے اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تحفظ ختم نبوت کیلئے مولانا مودودی کا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، مولانا ہاشمی

مولانا مودودی نے قادیانیت کی اصلیت کو اس طرح بے نقاب کیا کہ انکے گمراہ کن خیالات ساری دنیا پر آشکار ہو گئے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

حکمرانوں کو عوام کا خیال رکھنا پڑے گا، جماعت اسلامی کے امیر نے شخصیات کے گرد گھومتی سیاست کا رخ عوامی مسائل کی طرف موڑ دیا ہے

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ 7 ستمبر پاکستان کی پارلیمانی تاریخ کا یادگار دن ہے جب جھوٹے نبی کے مدعین قادیانیوں کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا گیا سود پر مکمل پابندی لگنی چاہیے مفکر اسلام بانی جماعت اسلامی مولانا مودودیؒ کو مسئلہ قادیانیت پر کتاب لکھنے پر فوجی عدالت نے سزائے موت سنائی سید مودودی، جماعت اسلامی اور علمائے ...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر